# خلع و تنسیخ نکاح سے متعلق فیملی کورٹ کے فیصلے: اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ

## (اسلام آباد کا اختصاصی مطالعہ: 2022 تا 2024)

(مقالہ تحقیق برائے ایم ایس علوم اسلامیہ)


مقالہ نگار

محمد رحمٰن

Enroll: 01-259232-014

نگران مقالہ

ڈاکٹر رحیم اللہ

اسسٹنٹ پروفیسر بحریہ یونیورسٹی، اسلام آباد

Department of Islamic Studies

School of Humanities and Social Sciesnce

BAHRIA UNIVERSITY ISLAMABAD E-8 CAMPUS


2025-2023

# خلع و تنسیخ نکاح سے متعلق فیملی کورٹ کے فیصلے: اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ

## (اسلام آباد: 2022 تا 2024 کا اختصاصی مطالعہ)

(مقالہ تحقیق برائے ایم ایس علوم اسلامیہ)


***Submitted By***

**MUHAMMAD RAHMAN**

**01-259232-014**

***Supervised by***

**Dr RAHIM ULLAH**

**Assistant Professor BUIC**

Department of Islamic Studies

**School of Humanities and Social Sciences**

**BAHRIA UNIVERSITY ISLAMABAD E-8 CAMPUS**


**2023-2025**

# خلع و تنسیخ نکاح سے متعلق فیملی کورٹ کے فیصلے: اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ

## (اسلام آباد: 2022 تا 2024 کا اختصاصی مطالعہ)

(مقالہ تحقیق برائے ایم ایس علوم اسلامیہ)


***Submitted By***

MUHAMMAD RAHMAN

01-259232-014

***Supervised by***

Dr RAHIM ULLAH

Assistant Professor BUIC


A Thesis Submitted in the Fulfilment of the Requirement for the Award of the Degree of Master of Science (Islam and Life)


Department of Islamic Studies

School of Humanities and Social Sciences

BAHRIA UNIVERSITY ISLAMABAD E-8 CAMPUS

**Bahria University**

Discovering Knowledge

## SUPERVISOR'S STATEMENT

This is certified that the work contained in this thesis, entitled

"خلع و تنسیخ نکاح سے متعلق فیملی کورٹ کے فیصلے: اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ" has been carried out under my supervision by MUHAMMAD RAHMAN and is approved for submission in partial fulfilment of the requirement for the degree of MS Islamic Studies.

________________________________

Dr. Rahim Ullah

Assitant Professor

Bahria University Islamabad.

**Bahria University**

Discovering Knowledge

**MS-13**

**THESIS COMPLETION CERTIFICATE**

Student's Name: MUHAMMAD RAHMAN

Enrollment No. 01-259232-014

Program of Study: MS Islamic Studies

Thesis Title:"خلع و تنسیخ نکاح سے متعلق فیملی کورٹ کے فیصلے: اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ" It is to certify that the above student's thesis has been completed to my satisfaction and that, to my belief, its standard is appropriate for submission for evaluation. I have also conducted a plagiarism test on this thesis using the HEC-prescribed software and found a similarity index of 9%, which is within the permissible limit set by the HEC for the MS/MPhil degree thesis. I have also found the thesis in a format recognised by the BU for the MS/MPhil thesis.

Principal Supervisor's Signature

______________________________

Dr. Rahim Ullah

Date:

**Bahria University**

Discovering Knowledge

**MS-14A**

## AUTHOR’S DECLARATION

I, MUHAMMAD RAHMAN, hereby state that my MS thesis titled,

"خلع و تنسیخ نکاح سے متعلق فیملی کورٹ کے فیصلے: اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ" is my own work and has not been submitted previously by me for taking any degree from this University (Bahria University) or anywhere else in the country or world. At any time, if my statement is found to be incorrect, even after my graduation, the university has the right to withdraw or cancel my MS degree.

Scholar’s Signature

______________________

Name: MUHAMMAD RAHMAN

Date

**Bahria University**

Discovering Knowledge

**MS-14B**

**PLAGIARISM UNDERTAKING**

I MUHAMMAD RAHMAN, solemnly declare that the research work presented in the thesis titled "خلع و تنسیخ نکاح سے متعلق فیملی کورٹ کے فیصلے: اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ" is solely my research work with no significant contribution from any other person. Any small contribution or help, wherever taken, has been duly acknowledged, and the complete thesis has been written by me. I understand the zero-tolerance policy of the HEC and Bahria University towards plagiarism. Therefore, as the author of the above-titled thesis, I declare that no portion of my thesis has been plagiarised and that any material used as a reference is properly referred to and cited.

I undertake that if I am found guilty of any formal plagiarism in the above-titled thesis, even after the award of my MS degree, the university reserves the right to withdraw or revoke my MS degree. HEC and the university have the right to publish my name on the HEC/University website, where the names of students who submitted plagiarised theses are placed.

Scholar's Signature

______________________

Name: MUHAMMAD RAHMAN

Date:

**ACKNOWLEDGMENT**

In the name of Allah, the most gracious, the most merciful, and peace upon the Holy Prophet Muḥammad ﷺ, I am grateful to Almighty Allah, whose guidance enabled me to accomplish this work. I am deeply thankful to my supervisor, Dr. Rahim Ullah, for his guidance and valuable insights throughout this research project. I acknowledge that his support made this dissertation much more manageable for me. May Allah reward him for this noble act and bless him with a long, healthy life .I am grateful to my parents, teachers, and fellows, who have supported me throughout my educational journey. I also sincerely thank all my friends who assisted and guided me in completing this dissertation and the staff at Bahria University Islamabad, who provided support and guidance when needed.

## Abstract:

Islam has established a comprehensive system of marriage to ensure the continuation of human lineage and the fulfillment of natural and social needs. Marriage, in Islam, is not merely a social contract but a sacred covenant that forms the foundation of a balanced and harmonious society. It promotes mutual love, compassion, and cooperation between husband and wife, and discourages separation on trivial grounds. However, when marital life becomes unbearable and reconciliation is no longer possible, Islam grants both spouses the right to seek dissolution, talāq for men and khula for women, ensuring justice and protection for both parties.

In contemporary society, especially within the legal framework of Pakistan, the dissolution of marriage initiated by women is often referred to as khula, though in judicial practice most of these cases fall under tansīkh al'nikāh "judicial annulment". When the court dissolves the marriage without the husband's consent, it is technically considered tansīkh rather than khula. This distinction carries significant legal and Shariah implications that merit detailed examination.

This research, titled "Analytical Study of Family Court Judgments Regarding Khula and Tansīkh al'Nikāh in the Light of Islamic Teachings "A Special Study of Islamabad, 2022–2024," analytically examines family court judgments to determine the extent to which they conform to Islamic jurisprudential principles. The study explores the conceptual, legal, and Shariah foundations of khula and tansīkh al'nikāh, analyzes selected judgments from Islamabad Family Courts between 2022 and 2024, and evaluates the reasoning and outcomes of these cases in light of classical Islamic teachings.

The objective of this research is to identify areas of harmony and divergence between judicial practice and Islamic law, to highlight the underlying causes of discrepancies, and to propose practical recommendations for improving the legal and administrative process of marital dissolution in accordance with Shariah principles.

## DEDICATION

I dedicate this work to the beloved Prophet Muḥammad ﷺ. His wisdom enlightens the hearts to contribute positively to the world. May this work serve as a small tribute to his legacy, contribute to a deeper understanding of his noble mission, and remind us of his profound impact on our lives.

# خلع و تنسیخ نکاح سے متعلق فیملی کورٹ کے فیصلے: اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ

## (اسلام آباد: 2022 تا 2024 کا اختصاصی مطالعہ)

(مقالہ تحقیق برائے ایم ایس علوم اسلامیہ)


*Submitted By*

**MUHAMMAD RAHMAN**

**01-259232-014**

*Supervised by*

**Dr RAHIM ULLAH**

**Assistant Professor BUIC**

**Department of Islamic Studies**

**School of Humanities and Social Sciences**

**BAHRIA UNIVERSITY ISLAMABAD E-8 CAMPUS**


**2023-2025**

## Contents

ابواب وفصول ........ 18

باب اول ........ 19

خلع و تنسیخ نکاح کے احکام اور پاکستان میں مروجہ عائلی قوانین کا تعارف ........ 19

فصل اول ........ 20

i. موضوع تحقیق کا تعارف (Introduction) ........ 20

iii. بیان مسئلہ (Statement of the problem) ........ 21

iv. مقاصد تحقیق (Research Objectives) ........ 21

v. سوالات تحقیق (Research Questions) ........ 21

vi. موضوع کی ضرورت اور اہمیت (Significance of the study) ........ 21

viii. سابقہ تحقیقی کام کا جائزہ (Literature review) ........ 22

ix. تحقیقی اخلاقیات (Research Ethics) ........ 24

x. تحقیقی طریقہ کار (Research Methodology) ........ 24

2022-2024 کے عدالتی فیصلوں کا شرعی جائزہ لیا ........ 24

xi. تحدید موضوع (Delimitation of the study) ........ 25

xii. حوالہ جات و کتابیات (References and Bibliography) ........ 25

فصل دوم ........................................................................................................................26
خلع و تنسیخ نکاح کے معنی و مفہوم اور احکام و مسائل ................................................................26
اصطلاحی مفہوم: ...............................................................................................................27
تنسیخ نکاح یا فسخ نکاح ........................................................................................................28
خلع کی مشروعیت ..............................................................................................................29
قرآن سے خلع کی مشروعیت.....................................................................................................30
حدیث سے خلع کی مشروعیت ...................................................................................................30
خلع کا حکم .....................................................................................................................33
محض طلاق، خلع اور تفسیخ میں فرق............................................................................................35
خلع و فسخ کا فرق:...............................................................................................................36
فصل سوم.......................................................................................................................37
مروجہ عدالتی نظام ہائے خلع و تنسیخ نکاح کا تعارف...........................................................................37
مختصر پس منظر:................................................................................................................37
پاکستان میں مروجہ عائلی قوانین:...............................................................................................39
عائلی کمیشن کا قیام ............................................................................................................40
عائلی قوانین کا نفاذ.............................................................................................................42

مزاحمتی اقدامات ........................................................................................43

علماء کا احتجاج ........................................................................................................46

اسلامی نظریاتی کونسل کا قیام .......................................................................................46

باب دوم.......................................................................................................................48

اسلام آباد میں فیملی کورٹ کے فیصلوں کا اسلامی تعلیمات کی روشنی میں جائزہ (تجزیاتی مطالعہ)......................48

فصل اول......................................................................................................................49

فیملی کورٹ 2022 کے فیصلوں کا جائزہ ........................................................................49

عنوان مقدمہ...................................................................................................................52

تفصیل مقدمہ ..................................................................................................................52

عدالت کی جانب سے بنائی گئی تنقیحات (Framing Of Issues)......................................................53

اسلامی تعلیمات کی روشنی میں فیصلہ (Judgment) کا جائزہ..............................................................56

قرآن مجید میں خلع کا تصور ...............................................................................................56

فقہاء کی آراء ......................................................................................................................57

فصل دوم ..........................................................................................................................60

فیملی کورٹ 2023 کے فیصلوں کا جائزہ .........................................................................60

عنوان مقدمہ......................................................................................................................61

تفصیل مقدمہ ........................................................................................................ 62
عدالت کی جانب سے بنائی گئی تنقیحات(Framing Of Issues)........................................................ 63
اسلامی تعلیمات کی روشنی میں فیصلہ(Judgment)کا جائزہ............................................................ 69
دادرسی(Relief)............................................................................................................ 71
مفتیان کرام کی آراء...................................................................................................... 72
نتیجہ بحث................................................................................................................... 74
فصل سوم.................................................................................................................... 75
فیملی کورٹ2024کے فیصلوں کا جائزہ ............................................................................. 75
عنوان مقدمہ................................................................................................................ 77
تفصیل مقدمہ ........................................................................................................ 77
اسلامی تعلیمات کی روشنی میں فیصلہ(Judgment)کا جائزہ............................................................ 81
حدیث ..................................................................................................................... 84
حدیث ..................................................................................................................... 84
باب سوم ................................................................................................................. 86
عدالتی مقدمات میں خلع کا سدباب ................................................ **Error! Bookmark not defined.**
فصل اول خلع کے سدباب میں عدالت کا کردار..................................................................... 87

حکم مقرر کرنا۔......................................................................................89

علی رضی اللہ عنہ کے دور کا واقعہ..............................................................................92

خلع اور عدالتی نظام..............................................................................................93

فصل دوم خلع کے سد باب میں معاشرے اور زوجین کا کردار معاشرے کا کردار ..........................95

زوجین کا کردار ..............................................................................................101

نتائج البحث ..................................................................................................104

سفارشات......................................................................................................105

فہارس........................................................................................................106

فہرست قرآنی آیات..........................................................................................106

فہرست احادیث ..............................................................................................107

فہرست اعلام ................................................................................................108

مصادر و مراجع ..............................................................................................110

## مقدمہ:

اسلام نے نکاح کا جامع نظام قائم کیا ہے جو فردی فطرت کی تکمیل اور معاشرتی استحکام کا موجب ہے، تاہم جب باہمی نباہ ناممکن بن جائے تو اسلام نے علیحدگی کے متبادل طریقے وضع کیے ہیں۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ زیر نظر تحقیق کے عنوان میں "خلع و تنسیخ نکاح" دونوں اصطلاحات کا ذکر کیا گیا ہے۔ عام طور پر معاشرتی سطح پر خواتین کی جانب سے نکاح ختم کرنے کے عمل کو "خلع" کہا جاتا ہے، مگر عدالتوں میں جو مقدمات زیر سماعت آتے ہیں، ان میں فیصلے "تنسیخ نکاح" کے زمرے میں آتے ہیں۔

پاکستان میں فیملی کورٹس کا قیام 1964ء West Pakistan Family Courts Act کے تحت عمل میں آیا، جس کا بنیادی مقصد عائلی تنازعات کو تیز، سادہ اور مؤثر طریقے سے حل کرنا ہے۔ فیملی کورٹ بچوں اور خاندانوں سے متعلق معاملات سے نمٹتی ہے۔ فیملی کورٹ کس قسم کے مقدمات نمٹاتی ہے؟ خاندانی عدالت درج ذیل قسم کے مقدمات سے نمٹتی ہے۔ گود لینا، بچوں کی تحویل اور ملاقات، گھریلو تشدد / تحفظ کے احکامات، فوسٹر کیئر کی منظوری اور جائزہ ian سرپرستی، نابالغوں کے جرائم، ولدیت، نگرانی کی ضرورت والے افراد (PINS) ، بچے اور / یا میاں بیوی کی مدد، اگرچہ متعلقہ معاملات جیسے بچوں کی کفالت اور تحویل فیملی کورٹ کے ذریعے ہینڈل کی جا سکتی ہے، لیکن طلاق کے کیسز صرف سپریم کورٹ میں ہی سنے جاتے ہیں۔ فیملی کورٹس محض فیصلہ سنانے کا ادارہ نہیں بلکہ صلح، ثالثی اور مصالحت کے ذریعے گھریلو تعلقات کو بحال کرنے کی بھی کوشش کرتی ہیں۔ اسلام آباد کی فیملی کورٹس ایک منظم عدالتی ڈھانچے کے تحت کام کرتی ہیں، جہاں ہر مقدمے کے لیے ابتدائی سماعت، گواہوں کے بیانات، ثبوتوں کی جانچ اور فیصلے کے اجراء تک ایک مربوط عمل جاری رہتا ہے۔ عائلی مقدمات میں عدالت کا رویہ نسبتاً نرم اور سماجی انصاف پر مبنی ہوتا ہے تاکہ خواتین کو قانونی تحفظ اور جلد انصاف فراہم کیا جا سکے۔

زیر نظر تحقیق میں اسلام آباد کی فیملی کورٹس کے 2022 تا 2024 کے دوران صادر شدہ تنسیخ نکاح کے فیصلوں کا تفصیلی تجزیہ کیا گیا ہے تاکہ یہ جانچا جا سکے کہ عدالتوں نے شرعی اصولوں، قانونی تقاضوں اور سماجی حقیقتوں کو کس حد تک پیش نظر رکھا ہے۔ اس تحقیق میں معیاری تحقیقی طریقہ اختیار کیا گیا ہے تاکہ عدالتی فیصلوں اور عملی پہلوؤں کا گہرائی سے مطالعہ کیا جا سکے۔ اس سلسلے میں فیملی کورٹ کے سینئر سپرنٹنڈنٹ سے تفصیلی انٹرویو کیا گیا، تاکہ عدالتی طریقہ کار، مقدمات کے اندراج، شہادتوں کی نوعیت اور فیصلوں کے اجراء کے مراحل کو سمجھا جا سکے۔ اس کے ساتھ ایک اہل مند (کلرک) کے ذریعے عدالتی ریکارڈ، مقدمات کے خلاصے اور فیصلوں کی نقول حاصل کی گئیں جو اس تحقیق کا بنیادی ماخذ ہیں۔ اسی طرح پانچ وکلاء سے انٹرویوز کیے گئے جن میں دو اسلام آباد ہائی کورٹ کے سرکاری وکیل شامل ہیں۔ ان وکلاء سے فیملی کورٹس کے تجربات، عدالتی رویوں اور شرعی مطابقت کے حوالے سے قیمتی معلومات حاصل ہوئیں۔

تحقیق کا مقصد یہ جانچنا ہے کہ اسلام آباد فیملی کورٹس کے تنسیخ نکاح کے فیصلے شرعی معیارات کے ساتھ کس حد تک ہم آہنگ ہیں اور بہتری کے لیے کون سی عملی سفارشات پیش کی جا سکتی ہیں۔

# ابواب وفصول

زیر بحث موضوع پر تحقیقی مقالہ درج ذیل ابواب اور فصول پر مشتمل ہے۔

**باب اول: خلع و تنسیخ نکاح کے احکام اور پاکستان میں مروجہ عائلی قوانین کا تعارف**

1.1 فصل اول: موضوع تحقیق کا تعارف

1.2 فصل دوم: خلع و تنسیخ نکاح کا مفہوم، احکام و مسائل

1.3 فصل سوم: مروجہ عدالتی نظام ہائے خلع و تنسیخ نکاح کا تعارف

**باب دوم: اسلام آباد میں فیملی کورٹ کے فیصلوں کا اسلامی تعلیمات کی روشنی میں جائزہ**

2.1 فصل اول: فیملی کورٹ 2022 کے فیصلوں کا جائزہ

2.2 فصل دوم : فیملی کورٹ 2023 کے فیصلوں کا جائزہ

2.3 فصل سوم: فیملی کورٹ 2024 کے فیصلوں کا جائزہ

**باب سوم: خلع کے بڑھتے ہوئے رجحان کے سدباب کے لئے قانونی وسماجی حکمت عملی**

3.1 فصل اول: خلع کے سدباب میں عدالیہ اور قانون کا کردار

3.2 فصل دوم: خلع کے سدباب میں معاشرے اور زوجین کا کردار

# باب اول

# خلع و تنسیخ نکاح کے احکام اور پاکستان میں مروجہ عائلی قوانین کا تعارف

فصل اول: موضوع تحقیق کا تعارف

فصل دوم: خلع و تنسیخ نکاح کا مفہوم، احکام و مسائل

فصل سوم: مروجہ عدالتی نظام ہائے خلع و تنسیخ نکاح کا تعارف

## فصل اول

### i. موضوع تحقیق کا تعارف(Introduction)

اسلام نے نسل انسانی کی بقا اور طبعی ضرورت کی تکمیل کے لیے نکاح کا جامع نظام وضع کیا ہے. نکاح وہ اہم رشتہ ہے جس کے واسطے سے انسان کی جبلّی ضروریات پوری ہونے کے ساتھ ساتھ ایک منظم معاشرہ وجود میں آتا ہے۔ اسلام چاہتا ہے کہ جن دو مرد و عورت نے نکاح کی صورت میں ایک ساتھ زندگی بسر کرنے اور ایک دوسرے کے ساتھی بن کر رہنے کا عہد کیا ہے وہ ہمیشہ اس پر قائم رہے اور معمولی معمولی باتوں اور زندگی کی چھوٹی چھوٹی الجھنوں کی وجہ سے اس رشتہ کی مضبوط بنیاد کو ختم نہ کریں۔

اسلام نے صحت مند معاشرے کی تشکیل کے لیے جہاں عائلی زندگی کو ضروری قرار دیا ہے وہاں زندگی کو بہترین اسلوب سے گزارنے کے لیے اصول و قوانین مقرر فرمائے ہیں۔ اور ہدایات بھی جاری کی ہیں جن پر عمل درامد کرنے پر مسلمان اپنی زندگی خوش و خرم گزار سکتا ہے۔ اسلام نے ایک دوسرے کے ساتھ برتاؤ کے لیے خلوص نیت، صلہ رحمی، محبت اور شفقت کے برتاؤ کا درس دیا ہے لیکن اگر کبھی رویے اور سلوک میں کسی بھی وجہ سے بھول چوک ہو جائے تو اسلام ہمیں برداشت، صبر و تحمل، عفو درگزر کا درس دیتا ہے، ان اقدار کو اپنانے سے خاندان، مضبوط اور محبت و الفت کے جذبات سے لبریز رہنے کے ساتھ ساتھ لڑائی جھگڑے اور نگاہ فساد سے محفوظ رہتا ہے اگر ہم ان خصوصیات پر غور کریں تو یہ روایات معاشرے میں یکجہتی پیدا کرنے میں ہمارے معاون ہیں۔ مگر جب اس رشتے کو زوجین کے لیے برقرار رکھنا مشکل ہو جائے تو اس صورت میں اسلام نے مرد اور عورت دونوں کے حقوق کا خیال رکھا ہے۔ اگر ان کا ایک دوسرے کے ساتھ نباہ مشکل ہو اور اصلاح کی کوشش کے باوجود ان کا ایک دوسرے کے ساتھ رہنا مشکل ہو رہا ہو تو اس صورت میں جب بیوی کی طرف سے حقوق کی ادائیگی میں کوتاہی ہو رہی ہو تو مرد کو طلاق کا اختیار دیا ہے اگر مرد کی طرف سے مسائل پیدا کیے جا رہے ہوں تو بیوی کو خلع کا اختیار دیا ہے۔

نکاح ایک معاملے کی طرح ہے اس لیے اس میں معاملات بھی باہمی رضامندی سے ہونے چاہیے اب اگر کوئی خاتون کسی وجہ سے خلع چاہتی ہے اور مرد اس پر راضی نہیں ہے تو کیا کیا جائے گا کیا عدالت شوہر کی غیر موجودگی میں خلع کا فیصلہ سنا سکتی ہے یا نہیں آیا اس معاملے میں عدالت کو کچھ اختیارات حاصل ہیں یا جب تک مرد راضی نہ ہو خاتون کو اسی کے ساتھ رہنا پڑے گا۔ یعنی اگر شوہر کی رضامندی کے بغیر عدالت نکاح ختم کرتی ہے تو وہ دراصل خلع نہیں بلکہ تنسیخ نکاح شمار ہوتی ہے۔

یہ تحقیق خلع کے شرعی و قانونی مفاہیم کو واضح کرتے ہوئے 2022–2024 کے دوران فیملی کورٹس کے خلع و تنسیخ نکاح سے متعلق فیصلوں کا مفصّل تجزیاتی مطالعہ فراہم کرتی ہے، اس تحقیق میں عدالتی نظام اور اسلامی فقہ کے درمیان خلع و تنسیخِ نکاح کے حوالے سے موجود تحقیقی خلا کو واضح کیا گیا ہے۔ اس کا مقصد ان فیصلوں میں اپنائے گئے شرعی معیارات کی جانچ، عدالتی دلائل کی شرعی مطابقت کا تعین، اور خلع کے انتظامی و قانونی عمل میں بہتری کے عملی سفارشات تجویز کیا ہے۔

### ii. تحقیقی خلاء (Research gap)

خلع کے احکام، مسائل اور اسباب و سد باب پر کافی کام ہو چکا ہے، تاہم یہ تحقیق خلع و تنسیخ نکاح سے متعلق 2022 تا 2024 کے دوران اسلام آباد فیملی کورٹس کے فیصلوں کا شرعی معیار کے لحاظ سے تجزیاتی مطالعہ پیش کرتی ہے تاکہ عدالتی عمل میں شریعت کے اصولوں کی پاسداری اور درستگی کو یقینی بنایا جاسکے۔

### iii. بیان مسئلہ (Statement of the problem)

خلع ازدواجی زندگی ختم کرنے کا ایک شرعی اور قانونی عمل ہے، تاہم فیملی کورٹ کے فیصلے بعض اوقات شریعت سے متصادم ہوتے ہیں۔ عورت کو خلع کی اجازت کسی معقول بنیاد پر دی جاتی ہے، اور شوہر کے حقوق یا حق مہر کی واپسی جیسے امور میں شرعی تقاضے پورے نہیں کیے جاتے۔ علاوہ ازیں فیصلہ جات میں شرعی اور قانونی اعتبار سے مبہمات بہت زیادہ ہیں جس کا جائزہ لینا ضروری ہے۔

### iv. مقاصد تحقیق (Research Objectives)

- فیملی کورٹ کے خلع و تنسیخ نکاح کے فیصلوں کی شرعی حیثیت کا تعین۔
- خلع کے بڑھتے ہوئے رجحان کے سدباب کے لئے قانونی و سماجی اصلاحات کا جائزہ لینا۔

### v. سوالات تحقیق (Research Questions)

1. فیملی کورٹ کے خلع و تنسیخ نکاح کے فیصلوں کی شرعی حیثیت کیا ہے؟
2. خلع کے بڑھتے ہوئے رجحان کے سدباب کے لئے کون سی قانونی و سماجی اصلاحات ضروری ہے؟

### vi. موضوع کی ضرورت اور اہمیت (Significance of the study)

خلع و تنسیخ نکاح سے متعلق فیملی کورٹ کے فیصلوں کا شرعی جائزہ ایک اہم موضوع ہے جو خاندانی مسائل کے شرعی اور قانونی پہلوؤں کو سمجھنے میں مدد دیتا ہے۔ 2022 سے 2024 تک، خواتین کے حقوق کے شعور اور قانونی اصلاحات کے باعث خلع کے کیسز میں اضافہ ہوا۔ یہ مسئلہ دنیاوی اور شرعی لحاظ سے انتہائی اہم ہے اس کے اثرات دونوں حوالوں سے پڑتے ہیں اور موجودہ دور میں جب اس طرح کے مسائل میں اضافہ ہو رہا ہو تو ان کو ترجیحات میں اول درجے میں رکھتے ہوئے حل کرنا چاہیے تاکہ اس حوالے سے لوگوں کے ذہنوں میں اسلام کے حوالے سے جو اشکلات اور اعتراضات ہیں ان کو ختم کیا جاسکے اسی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے اس موضوع کا انتخاب کیا گیا ہے۔

## vii. وجہ انتخاب موضوع(Rational of the study)

خلع و تنسیخ نکاح کے کیسز میں 2022 تا2024 کے دوران فیملی کورٹس کے فیصلوں کا شرعی جائزہ لینا ضروری ہے تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ یہ فیصلے قرآن و سنت کے مطابق ہیں یا نہیں۔ یہ موضوع خواتین کے حقوق کے تحفظ، خاندانی مسائل کے حل، اور شرعی و قانونی ہم آہنگی کو سمجھنے کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔

## viii. سابقہ تحقیقی کام کا جائزہ (Literature review)

1967ء میں پاکستان سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد خلع کے حوالے سے ایک اہم بحث کا آغاز ہوا۔ اس فیصلے میں شوہر کی رضامندی کے بغیر خلع کے جواز پر بحث کی گئ، جس پر علماء اور قانونی ماہرین نے مختلف آراء پیش کیں۔ سپریم کورٹ کے اس فیصلے کے بعد کئی فقہی، شرعی، اور قانونی مضامین اور کتابیں لکھی گئیں، لیکن خلع کا مسئلہ آج بھی وضاحت کا متقاضی ہے خاص طور پر موجودہ دور کے عدالتی اور قانونی سیاق و سباق میں۔ مقالہ نگار کی تحریر میں خلع پر ماضی کے تحقیقی کام اور اس میں موجود خلاء کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ خلع پر مختلف فقہی کتب میں بحث موجود ہے، جیسے

### "الحیلۃ الناجزہ"

مولانا اشرف علی صاحب رحمہ اللہ کی کتاب ہے جس میں خواتین کو طلاق کے حقوق، لاپتہ شوہر، مجنون و نامردوں سے چھٹکارہ پانے کا طریقہ، مظلوم عورتوں کی مشکلات کا شرعی حل بیان کیا، یورپین اقوام سے نکاح اور مسلم پرسنل لا پر جامع اور مدلل تحقیقات پیش کیے ہے۔

### "اسلام میں خلع کی حقیقت"

مفتی تقی عثمانی مدظلہ کی کتاب ہے جس میں مصنف نے خلع کی بنیادی اور اس کے جواز پر بحث کی ہے۔ اور بطور خاص 1967ء میں پاکستان سپریم کورٹ نے جو فیصلہ دیا تھا اس کو موضوع بنایا ہے۔

### "مجموعہ قوانین اسلام"

از ڈاکٹر تنزیل الرحمن (تمغہ امتیاز) خلع کو قانونی پہلوؤں سے دیکھا گیا ہے۔

### "اسلام کا عائلی قانون اسلامک فیملی لاء"

از صلاح الدین حیدر لکھوی، جس میں خلع اور طلاق کے شرعی اور قانونی پہلوؤں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

### "حصہ دوم طلاق،"زوجین کے درمیان اسلام کا نظام معاشرت"

از ڈاکٹر راشد عبد اللہ الفرحان، جس میں خلع اور طلاق کے بارے میں اسلامی تعلیمات کو جدید تناظر میں بیان کیا گیا ہے۔

## مقالہ جات(Thesis)

**"ضلع کرک میں خلع کے مسائل اور مجوزہ شرعی حل 2020 تا 2022 تک کے سیشن کورٹ کے فیصلوں کے تناظر میں"**

**مقالہ نگار:** خیال تاج نسا **نگران:** ڈاکٹر احمد حسن **یونیورسٹی:** ہائی ٹیک ٹیکسلا

اس مقالہ میں پہلے ضلعی تعارف اور علاقے کا سروے ساتھ عدالتی فیصلوں کی بنیاد پر خلع کے مسائل اوران کے حل پر تحقیق کیا گیا ہے

**"ملتان ڈویژن میں طلاق و خلع کے رجحانات، عدالتی مقدمات کے تناظر میں"**

**مقالہ نگار:** ضحی قیصر **نگران:** ڈاکٹر منزہ حیات **یونیورسٹی:** بہاالدین زکریا ملتان

اس مقالہ میں عوامی جائزے کی بنیاد پر خلع کے بڑھتے ہوئے رجحانات کا جائزہ لیا ہے۔

**"عصر حاضر میں خلع کے اسباب و محرکات: ایک تحقیقی و تنقیدی جائزہ"**

**مقالہ نگار:** عالیہ نسیم **نگران:** عبد القدوس صہیب **یونیورسٹی:** بہاؤالدین زکریا ملتان

یہ 2017 میں لکھی گئ ایک مقالہ ہے جس میں خلع کے اسباب اور محرکات کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

**"ضلع ہری پور میں خلع اور طلاق کی شرح اوراس کے اسباب: اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تحقیقی جائزہ"**

**مقالہ نگار:** شرین بی بی **نگران:** جنید اکبر **یونیورسٹی:** بہاؤالدین زکریا ملتان

یہ مقالہ 2015 میں لکھی گئ ہے جس میں خلع و طلاق کی وجوہات ذکر ہے جس کی وجہ سے اس کی نوبت آتی ہے۔

**"Development of Khul‘ Law: Legal, Judicial and Interpretive Trends in Pakistan”**

**مقالہ نگار:** احمد منیر **نگران:** **یونیورسٹی:** میک گل کینیڈا

اس مقالہ میں خلع سے متعلق جمہور فقہاء کے دلائل اور جدید قانون خلع کے درمیان تعلق کا تجزیہ کیا گیا ہے۔ مالکی فقہ کو اس قانون کی بنیاد قرار دیا گیا ہے۔ اس مقالہ میں Auther نے خلع کے معاملے میں حق مہر کی واپسی کے بعد فسخ نکاح کا حکم صادر کرنے میں قاضی کو اختیار دیا گیا ہے۔

## آرٹیکلز(Articles)

**"فسخ نکاح سے متعلقہ اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات کا تجزیاتی مطالعہ"**

شمائلہ ممتاز پی ایچ ڈی ریسرچ اسکالر نمل یونیورسٹی اسلام آباد

**"یکطرفہ عدالتی خلع اور ججز کے اختیارات پاکستان کے عائلی عدالتی نظام کا تجزیاتی مطالعہ"**

ڈاکٹر سیدہ سعدیہ نے 2021میں الاضواء شمارنمبر 32
میں فسخ نکاح، یکطرفہ عدالتی تنسیخ نکاح سے متعلق ججز کے اختیارات اور پاکستان کے عائلی عدالتی نظام کا تجزیاتی جائزہ پیش کیا ہے۔

**"خلع میں شوہر کی رضامندی کے دلائل اور عدالت کا دائرہ اختیار: تجزیاتی مطالعہ"**

محمد اویس اسماعیل ایم فل اسکالر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد
میں خلع میں قاضی کے فیصلے کا حکم، عدم جواز کی رائے اور ان کے دلائل پر مشتمل ہے۔ مولانا محمد زاہد، صدر مدرس، جامعہ اسلامیہ امدایہ، فیصل آباد

**"عدالتی تنسیخ نکاح کا شرعی حکم"**

فکر و نظر۔ اسلام آباد، شمارہ نمبر 39 (صفحہ 3۔50)

**Female Muslim Petitioners in Pakistani Family Courts (Cases, Problems and Solutions)**

Mohsina Munir, Tahira AbdulQuddus.

یہ آرٹیکل ریاست کے قوانین اور عدالتی نظام، بنیادی انسانی حقوق کی فراہمی کے حوالے سے متعلق ہے۔

## ix. تحقیقی اخلاقیات(Research Ethics)

- مقالہ میں ذکر کردہ شخصیات کا مکمل احترام ملحوظ رکھا گیا ہے۔
- مقالہ میں اختلاف رائے دلیل کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔
- مقالہ میں دیانتداری کے ساتھ آراء کا تجزیہ کیا گیا ہے۔
- اقتباسات کا حوالہ ذکر کیا گیا ہے۔
- عربی اقتباسات نقل کرنے کے ساتھ ترجمہ کا اہتمام بھی کیا گیا ہے۔

## x. تحقیقی طریقہ کار(Research Methodology)

خلع کے مسئلہ کو سامنے رکھتے ہوئے زیر نظر مقالہ کا اسلوب معیاری(Qualitative) ہو گا۔ اس میں 2022-2024 کے عدالتی فیصلوں کا شرعی جائزہ لیا گیا ہے۔ ڈیٹا عدالتی ریکارڈ، فقہی و شرعی کتب، اور مقالاجات سے حاصل کیا ہے۔ سماجی و قانونی اثرات اور فقہ حنفی کی آراء کا مطالعہ کر کے نتائج اخذ کیے گئے، اور اختتام پر اصلاحی تجاویز بھی پیش کی گئی۔

## xi. تحدید موضوع(Delimitation of the study)

اس مقالہ کی تحدید مندرج ذیل امور پر مشتمل ہے۔

- موضوع میں صرف 2022 سے 2024 تک کے فیصلوں کا جائزہ لیا گیا ہے۔
- موضوع میں صرف خلع کے قانونی اور شرعی پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا ہے۔
- موضوع کا دائرہ کار اسلام آباد کے فیملی کورٹ کے فیصلوں تک محدود ہے۔

## xii. حوالہ جات و کتابیات(References and Bibliography)

اس مقالہ میں حوالہ جات کے لیے بحریہ یونیورسٹی کا طے کردہ فارمیٹ استعمال کیا گیا ہے۔

## فصل دوم

# خلع و تنسیخ نکاح کے معنی و مفہوم اور احکام و مسائل

## خلع کا لغوی معنی:

خلع کا لفظ عربی زبان میں کسی چیز کو اتارنے کے معنی میں آتا ہے۔

**لسان العرب میں ہے:**

**"خَلَعَ الشّئ یَخْلعُهُ خلْعاً واخْتلعهُ  : کَنزْعہ خَلعَ إمراءتَہْ وَخَالعهَا إذا افْتَدتْ مِنْہ بِمَالهافَطَلّقَها وابَانهَا مِنْ نَفْسِہِ،وسُمِیّ ذٰلکَ الفَرَاقُ خلْعاً؛لِاِنّ اللہَ تعَالیٰ جَعلَ النِساءَ لِبَاساً لِلرّجَالِ،والرّجَالُ لِبَاسًالَهُن"**[1]

اس نے اس چیز کو اتارا، وہ اسے اتارتا ہے اس کا مصدر آتا ہے جیسے کہ کسی چیز کو نکالنا اس نے عورت کو خلع دیا اور اس نے خلع کیا جب خاتون اپنے مال کے ذریعے اس کو فدیہ ادا کرے اور مرد اسے طلاق دے اور اس کو اپنے آپ سے جدا کرلے تو اس جدائی کو خلع کہا جاتا ہے اس لئے کہ اللہ نے مرد اور عورت کو ایک دوسرے کا لباس بنایا ہے)

چونکہ خلع میں مرد عورت سے کچھ لے کر عورت مرد کے رشتہ زوجیت سے باہر آجاتی ہے اس لئے شرعاً خلع کا مفہوم یہ ہے کہ ملک نکاح سے دست بردار ہونا۔

**امام ابن ہمام حنفی نے لکھاہے کہ**[2]**:**

**"إزَالَۃُ مِلْکُ النِّکَاحِ"**[3]

ملک نکاح زائل کرنے کو خلع کہتے ہیں

**علامہ حصکفی بیان کرتے ہیں**[4]**:**

**"هوَ إزَالَۃُ مِلْکُ النّکَاحِ المُتوَقّفَہِ علٰی قُبولِها بِلفْظِ الْخُلعِ أوْ فِی مَعْنَاهُ ولَابَأسَ**

[5]"

1 ابن منظور، محمد بن مکرم الافریقی (م: 711ھ) لسان العرب، الخلع، 8/76

2 علامہ ابن ہمام حنفی حنفی فقہ کے عظیم عالم تھے آپ کا زمانہ 7ویں سے 8ویں صدی ہجری میں تھا۔ آپ کی مشہور تصنیف "فتح القدیر" ہے جو حنفی فقہ پر ایک جامع شرح شمار ہوتی ہے۔ آپ نے بغداد اور شامی علاقوں میں تعلیم و تدریس کیا اور فقہ و حدیث میں گہری مہارت رکھی۔ ان کی تصانیف آج بھی فقہی مسائل کے حل کے لیے معتبر ماخذ ہیں۔

3 ابن الہمام، کمال الدین محمد بن عبد الواحد، شرح فتح القدیر (دار الکتب العلمیہ، بیروت، لبنان، 2002) 3/199

4 علامہ حصکفی ایک مشہور امام، عالم، اور فقیہ حنفی تھے۔ آپ 8ویں صدی ہجری میں آئے اور اپنے علمی کمالات کی وجہ سے فقہ حنفی میں نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ آپ نے علمی میدان میں کام کیا اور حدیث، فقہ و اصول فقہ میں گہرائی سے تحقیق کی۔

5 حصکفی، علاؤالدین محمد بن علی، در المختار علی الدر المختار (دار المعرفہ، بیروت، لبنان، 2000) 5/86

ملک نکاح کو ختم کرنا، جو عورت کے قبول کرنے پر موقوف ہے۔ لفظ خلع کے ساتھ یا اس کے ہم معنی لفظ سے اور ضرورت کے وقت خلع کرنے میں حرج نہیں۔

اللہ تعالی نے مرد اور عورت کے ازدواجی تعلق کو انتہائی خوبصورت پیرائے میں بیان کیا ہے کہ ان دونوں کو ایک دوسرے کے لباس سے تشبیہ دی ہے جس طرح لباس انسان کو گرمی، سردی سے بچاتا ہے اس کو خوبصورتی عطاء کرتا ہے اس کی ستر پوشی کرتا ہے اور اس کے وقار میں اضافے کا باعث ہے اسی طرح شوہر اور بیوی ایک دوسرے کے غم خوار، رازدان اور مصائب میں معاون مد ہوتے ہیں وہ جب ایک دوسرے سے علیحدگی اختیار کرتے ہیں تو گویا وہ اپنا لباس اتارتے ہیں اور اس علیحدگی کو علماء خلع کہتے ہیں۔

## اصطلاحی مفہوم:

مشہور مذاہب (حنفی، مالکی، شافعی اور حنبلی) کے فقہاء و مؤلفین نے اپنے اپنے نقطہ نظر سے خلع کی مختلف تعریفیں کی ہیں۔ چاروں مذاہب کے فقہاء و مؤلفین نے خلع کی جو اصطلاحی تعریفیں کی ہیں وہ یہاں ذکر کی جارہی ہیں تاکہ اس کا اصطلاحی مفہوم واضح ہو کر سامنے آجائے۔

### فقہ حنفی

### علامہ ابن عابدین حنفی خلع کی تعریف یوں کرتے ہیں:

**هُوَ إِزَالَةُ مِلْكِ النِّكَاحِ الْمُتَوَقِّفَةِ علٰى قُبُوْلِهَا بِلَفْظِ الْخُلعِ أَوْ مَا فِى مَعْنَاهُ**[1]

(لفظ خلع یا اس کے ہم معنی لفظ کے ذریعے ملکیت نکاح ختم کرنے کو خلع کہتے ہیں جو عورت کے قبول کرنے پر موقوف ہوتا ہے۔)

گویا احناف کے نزدیک خلع کے لیے لازمی چیز لفظ خلع یا ہم معنیٰ لفظ کا ہونا ضروری ہے کیونکہ اگر ان الفاظ کا استعمال نہ کیا گیا تو پھر طلاق بالمال اور خلع میں کوئی فرق نہیں رہے گا حالانکہ ان دونوں کے احکام الگ الگ ہیں اس لیے خلع میں الفاظ کا خیال رکھنا ضروری ہے تاکہ ان دونوں میں فرق رہے۔ اور عورت کے قبول کرنے پر اس لیے موقوف ہے کہ اس نے عوض دینا ہوتا ہے لہذا اس کی رضامندی بھی ضروری ہے۔

### فقہ مالکی

### مختصر خلیل[2] میں لکھا ہے:

**جَازَ الْخُلْعُ وَهُوَ. اَلطَّلَاقُ بِعِوَضٍ وبِلاَ حَاكِمٍ وَبِعِوضٍ مِنْ غَيْرِهَا أَنْ تَأَهّلَ**[3]

(خلع جائز ہے اور یہ طلاق بعوض اور بلا حاکم اور بیوی کے علاوہ کسی اور سے عوض لینے کا نام ہے اور وہ اس کا اہل بھی ہو۔)

---

[1] ابن عابدین، حاشیہ ابن عابدین، 88-87/5

[2] امام خلیل بن احمد فیروزآبادی ہیں۔ (718ھ 791ھ) امام خلیل عربی لغت اور ادب کے عظیم ماہر تھے اور ان کی تصنیف "مختصر خلیل" عربی زبان کی اہم کتاب ہے۔

[3] مختصر خلیل، دارالحدیث / قاہرہ

مالکیہ کے نزدیک پہلی بات یہ ہے کہ خلع میں حاکم کا ہونا ضروری نہیں ہے اور دوسری بات یہ کہ عوض کا ہونا ضروری ہے۔

### فقہ شافعی

**خطیب شربینی[1] نے خلع کی تعریف ان الفاظ میں کی ہے:**

**هُوَ فِرْقَةٌ بَينَ الزّوْجَيْنِ بِعوَضٍ بِلفْظِ الطلَاقِ أوْ خُلْعٍ**[2]

(خلع زوجین کے درمیان کسی چیز کے بدلے میں لفظ طلاق یا خلع کے ذریعے جدائی کا نام ہے۔)

گویا شوافع کے نزدیک خلع میں الفاظ کی اتنی اہمیت نہیں ہے وہ کہتے ہیں کہ لفظ طلاق سے بھی خلع ہو جاتا ہے اور لفظ خلع سے بھی البتہ اس میں عوض کا ہونا ضروری ہے۔ اور یہ الفاظ میں فرق اس لیے نہیں کرتے کہ ان کے نزدیک طلاق بالمال اور خلع میں کوئی فرق نہیں ہے۔

### فقہ حنبلی

**وَهُوَفِرَاقُ الزّوْجِ امْرَأتَهُ بِعوَضٍ يَاخُذهُ الزّوْجُ مِنْ إمْرَأتِهِ أو غَيرِهَا بألفَاظٍ مَخصُوصَةٍ**[3]

(شوہر کا بیوی کو، اس عوض کے بدلے جو وہ اس سے یا کسی اور سے لیتا ہے الفاظ مخصوصہ کے ذریعے چھوڑ دینا خلع کہلاتا ہے۔)

تعریف کے ان الفاظ سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ حنبلی فقہاء کے نزدیک خلع میں مخصوص الفاظ اور عوض کا ہونا ضروری ہے۔

فقہی لحاظ سے فقہِ حنفی کا موقف اصح ہے کیونکہ اس میں خلع کو طلاق بالمال سے الگ نوعیت کے طور پر واضح کیا گیا ہے۔ تاہم موجودہ عدالتی نظام، خصوصاً برصغیر کے خاندانی قوانین میں، فقہِ مالکی اور شافعی کی تعبیر زیادہ موزوں ہے کیونکہ یہ عورت کو عدالتی سطح پر خلع کے حق کے حصول میں آسانی فراہم کرتی ہے، خواہ شوہر راضی نہ ہو۔ لہٰذا عدالتی و سماجی تناظر میں ان دونوں تعبیر کو ترجیح دیا جاتا ہے۔

## تنسیخ نکاح یا فسخ نکاح

تنسیخ یا فسخ جس کے معنی ہیں: منسوخ کرنا، تفریق کرنا، مٹانا۔[4]

---

[1] خطیب شربینی (955ھ 1030ھ) ایک معروف عالم اور فقیہ تھے جن کا تعلق مصر سے تھا۔ وہ فقہ شافعی پر مہارت رکھتے تھے۔

[2] خطیب شربینی، محمد بن احمد، مغنی المحتاج الی معرفۃ معانی الفاظ المنہاج، 4/430

[3] بہوتی، منصور بن یونس، کشاف القناع عن متن الاقناع، 5/212

[4] مصباح الغات، ص:870۔871

**اصطلاحی** اعتبار سے تنسیخ نکاح سے مراد زوجین کے مابین کچھ وجوہات کی بناء پر نکاح کے معاہدہ کو ختم کرنا ہے۔

**علامہ ابن السبکی[1] کے مطابق:**

**"اَلفَسخُ:حَل إرْتِبَاطُ العَقْدِ، وفَسخُ النّكَاحِ: زَوالُ رَابِطهِ العَقْدَينِ الزّوجَينِ بِحُكمِ القَاضِي، وَيُصيرُ كُلّ مِنهُمَا اَجْنبِياً بِالنّسْبَةِ لِلآخَرِ"[2]**

یعنی فسخ نکاح سے مراد عقد نکاح اور ازدواجی رابطے کو عدالتی کروائی کے ذریعے ختم کرنا ہے کہ جس کے بعد میاں بیوی ایک دوسرے کے لیے اجنبی ہوں گے۔

یاد رہے کہ نکاح فسخ کرنے کا اختیار عدالت یا حکمین کو حاصل ہے۔

اور اس کی مزید وضاحت **استاد ابو زہرہ**[3] نے ان الفاظ میں کی ہے: "فسخ در حقیقت نکاح کے وجود کے برقرار نہ رکھنے میں ایک خارجی چیز ہے، یا پھر جو معاملہ شروع میں ہوا تھا اس کا تدارک کرنے کے لیے ہوتا ہے، جو عقد کو غیر لازم کر دیتا ہے" اور اس کے بعد انہوں نے فسخ کی دو صورتیں بنائی ہیں کہ:" فسخ یا تو ابتدا میں جو عقد ہوا تھا اسی ہی کو کالعدم قرار دینے کے لیے ہوگا یا پھر اس عقد میں کسی خارجی چیز کی وجہ سے بعد میں کوئی مانع آجائے" یعنی جو معاہدہ ہوا تھا اس کو ہی کالعدم قرار دے دیا جائے یا پھر بعد میں کوئی ایسا معاملہ آجائے جس کی وجہ سے وہ معاملہ کالعدم تو نہ ہو البتہ اسے فسخ کرنا پڑے۔

## خلع کی مشروعیت

طلاق کے حوالے سے عمومی نظریہ یہ پایا جاتا ہے کہ یہ صرف شوہر کا حق ہے وہ جب چاہے کسی سبب کی بنا پر یا بغیر کسی سبب کے عورت کو طلاق دے کر اسے اپنے آپ سے جدا کر دے اور اگر طلاق رجعی ہو تو جب چاہے رجوع کر لے اس میں بیوی کی پسند ناپسند کا کوئی اعتبار نہیں ہے البتہ بغیر کسی شرعی عذر کے ایسا کرنا غیر اخلاقی کام ہے۔

جب طلاق کے کلی اختیارات مرد کے ہاتھ میں ہے اور بیوی کا اس معاملے میں کوئی دخل نہیں ہو تو یہ سوال خود بخود ذہن میں آتا ہے کہ اسلام جو نکاح کے معاملے میں لڑکی کی پسند کو ایک مقام دیتا ہے اور شادی کے حوالے سے اس کو قبول اور رد کرنے کا حق عطا کرتا ہے اور جبر کے نکاح کو معیوب سمجھتا ہے وہ کیسے نکاح کے بعد اس کو شوہر کے رحم و کرم پر چھوڑ دے گا کہ شوہر جب چاہے اسے اپنے آپ سے علیدہ کر دے اگرچہ بیوی اس پہ راضی نہ ہو۔ اور اگر بیوی شوہر سے ناخوش ہو اس کے ساتھ

---

[1] علامہ ابن سبکی شافعی مسلک کے معروف عالم تھے۔ انہوں نے فقہی مسائل پر تحقیق کی۔ ابن سبکی کی وفات 756ھ میں ہوئی۔

[2] السیوطی، جلال الدین، الاشباہ والنظائر، دار الکتب العلمیہ، بیروت، 2008ء 1/287

[3] محمد ابو زہرہ مصری (ولادت: 1898ء وفات: 1974ء) مصری مفکر، محقق اور مصنف تھے، جو بیسویں صدی میں اسلامی قانون کے ممتاز عالم میں سے ایک ہیں۔ ابو زہرہ نے امام ابو حنیفہ، امام ملک، امام احمد بن حنبل، امام شافعی اور امام ابن تیمیہ پر کتابیں لکھی ہیں۔

رہتے ہوئے اس کے لیے ایک مشکلات ہو اور اس سے علیحد گی چاہتی ہو تو بیوی کو کوئی اختیار نہیں اسے بس اندر ہی اندر کڑھتے رہنا ہے اوراس تعلق کو نباہنا ہے اور اگر وہ کچھ کہے تو اسے اطاعت زوج کا سبق دے کر تسلیاں دینی ہے۔ کیا اسلام اس عمل کو پسند کرے گا کہ اس کے احساسات کو پامال کیا جائے اس کی خواہشات کا گلہ گھونٹ دیا جائے اور حد یہ کہ اس ظلم کو اسلام کا نام لے کر روا رکھا جائے پر اسے اس نکاح سے چھٹکارا نہ ملے ؟ نہیں ! بلکہ اسلام نے جس طرح شوہر کو نکاح ختم کرنے کے حوالے سے اختیار دیا ہے اسی طرح بیوی کو بھی حق دیا ہے کہ وہ بھی اگر چاہے تو اپنے حق کو استعمال کر سکتی ہے اس کے حوالے سے ذیل میں دی گئی نصوص سے ہمیں یہ حق کا معلوم ہوتا ہے۔

## قرآن سے خلع کی مشروعیت

"فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ ٱللَّهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيمَا ٱفْتَدَتْ بِهِۦٓ "[1]

پھر اگر تم ڈرو کہ وہ دونوں اللہ کی حدیں قائم نہیں رکھیں گے تو ان دونوں پر اس میں کوئی گناہ نہیں جو عورت اپنی جان چھڑانے کے بدلے میں دے دے۔ یہ اللہ کی حدیں ہیں"

یعنی اگر حدود اللہ کو قائم نہ رکھا جا سکتا ہو تو ایسی صورتحال میں عورت کو خلع کا اختیار دیا گیا ہے لیکن قران حکیم میں ایک جگہ پر یہ بھی حکم دیا گیا ہے کہ شوہر اگر طلاق دینا چاہتا ہے تو معاوضہ وصول کرنے کے لالچ میں وہ بیوی کو خلع لینے پر مجبور نہیں کر سکتا یہاں تک کہ اگر وہ بیوی کو مہر میں ایک معقل رقم ہی کیوں نہ دے چکا ہو۔ اوراسی طرح احادیث مبارکہ میں بھی اس کے حوالے سے نظائر ملتے ہیں:

## حدیث سے خلع کی مشروعیت

عَنْ عَمْرُوُ بْن شُعَيْبٍ عَنْ أبِيهِ،عَن جَدّهِ،قَالَ:كَانَتْ حَبِيبَةُ بِنْتِ سَهْلٍ تَحْت ثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ، بْنِ شَمَاسْ،وَكَانَ رَجُلاً دَمِيْماً،فَقَالَتْ: يَارَسُولَ اللهِ،وَاللهِ،لَوْلَامَخَافَةَاللهِ إذَا دَخَلَ عَلٰى لبصقت فِى وَجْهِہ،فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلىٰ اللهُ عَلَيہِ وسلّم: أتُرِدِينَ عَليہِ حَدِيْقَتهُ؟قَالتْ:نَعمْ،قَالَ:فَردتْ عَليہِ حَديْقتهُ،قال:ففرق بَينَہُمَارَسُولُ الله صَلى الله عَليہِ وسلّم.[2]

(عمرو ابن شعیب سے روایت ہے وہ اپنے والد اور دادا سے روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں حبیبہ بنت سھل، ثابت بن قیس بن شماس کے عقد میں تھی اور وہ غیر متناسب صورت کے حامل شخص تھے تو اس (حبیبہ) نے کہا یا رسول اللہ اللہ کی قسم اگر اللہ کا خوف نہ ہوتا تو جب وہ میرے پاس آیا تھا اس وقت میں اس کے منہ پر تھوک

---

[1] البقرہ:229

[2] ابن ماجہ، محمد بن یزید، سنن ابن ماجہ، ح2057 ص294

دیتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم اس کا باغ اسے واپس کر دو گی؟ اس نے کہا کہ جی ہاں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کا باغ اسے واپس کر دو راوی کہتے ہیں پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کے بیچ جدائی کر دی)

**حدیث(2)**

**"عَنْ اِبْنِ عَباس: انْ إمراةَ ثَابتِ ابْنِ قَيْس اَتتَ النّبيَ صَلى الله عَليه وسلّم فَقالتْ يَا رسُولَ اللهِ صَلى اللهُ عليه وسلّم: لَا أُعِيبَ عَليهِ فِي خُلقِ وَلَا دِينِ وَلَكِني أُكرِه الْكُفْر فِي الْاسْلَامِ فقال رسُول اللهِ صَلى عَليهِ وسلّم: اَتُرِدِينَ عليه حَدِيقتُهُ قالت:نَعَمْ قال: رسول الله صلى عليہ وسلم اَقْبِل الْحَديْقَه وَطَلقّهَا تَطلِيْقَته"**[1]

(سیدنا عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کی عورت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کی دین و اخلاق میں کوئی عیب نہیں لگاتی۔ لیکن اسلام میں کفر کو ناپسند کرتی ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو باغ ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ نے (مہر میں) دیا ہے اسے واپس کر دو گی اس نے کہا کہ ہاں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ثابت بن قیس سے فرمایا باغ کو واپس لے لو اور طلاق دے دو)

خلع کے حوالے سے علامہ **ابن رشد**[2] کہتے ہیں:

**وَالْفِقْهُ أنّ الفدَاءَ إنّمَا جُعلَ لِلمَرأةِ فِي مُقَابلةِ مَابِيدِالرّجُل مِنَ الطّلَاقِ،فَانّهُ لِمَاجعل الطلَاق بِيدالرّجل إذَا فَركَ المَرْأة،جَعل الخُلعُ بِيد المَرْأة إذَا فَركتِ الرجُلُ**[3]

---

[1] بخاری، محمد بن اسماعیل (م:256ھ) صحیح البخاری، بیروت۔ دار ابن کثیر، طبع:1987ء، کتاب الطلاق، باب الخلع وکیفیۃ الطلاق فیہ، حدیث:4971

[2] ابن رشد ایک عظیم فلسفی اور فقیہ تھے جنہوں نے فقہ شافعی میں بھی نمایاں کام کیا۔ ان کا پورا نام "ابو الولید محمد ابن احمد ابن رشد" تھا۔ وہ (520ھ 595ھ) میں وفات پائی۔ ان کی تحقیق فلسفہ، طب اور فقہ میں آج بھی مشہور ہے۔

[3] ابن رشد، محمد بن احمد، بدایۃ المجتہد،3/950

اور (خلع میں) معاوضہ طے کرنے کی حکمت یہ ہے کہ جو معاوضہ عورت کے لیے طے کیا گیاہے یہ مرد کے حق طلاق کے مقابلے میں مقرر کیا گیاہے اس لیے کہ جب مرد کو اس صورت میں جب اسے عورت ناپسند حق طلاق دیا گیاہے تو اسی طرح عورت کو بھی جب وہ مرد کو ناپسند کرنے لگے حق خلع تفویض کیا گیاہے۔

**مولانا اشرف علی تھانوی** "خلع" کے حوالے سے قرآن کریم کی آیت مبارکہ کی تفسیر میں لکھتے ہیں (جسے آیت خلع بھی کہا جاتا ہے[1])

1)(اگر کوئی شوہر اپنی بیوی کو چھوڑنا چاہے تو بیوی سے کچھ مال لینا اس کے لیے حلال نہیں، خواہ وہ مال خود شوہر ہی کا دیا ہوا کیوں نہ ہو۔

2)صرف ایک ہی صورت ایسی ہے جس میں شوہر کے لیے بیوی سے معاوضہ لینا حلال ہے، وہ یہ کہ میاں بیوی دونوں کو یہ احتمال ہو کہ وہ دونوں اللہ تعالی کے مقرر کردہ ضابطوں کو قائم نہیں کر سکیں گے۔

3)پس اگر ایسی صورت حال پیدا ہو جائے کہ میاں بیوی دونوں یہ محسوس کرتے ہوں کہ اب وہ میاں بیوی کی حیثیت سے حدود خداوندی کو قائم نہیں رکھ سکیں گے تو ان دونوں کو خلع کا معاملہ کر لینے میں کوئی گناہ نہیں، اور اس صورت میں بیوی سے بدل خلع کا وہ وصول کرنا شوہر کے لیے حلال ہو گا۔

4)اور خلع کی صورت یہ ہے کہ شوہر کی قید نکاح سے آزادی حاصل کرنے کے لیے کچھ مال بطور "فدیہ" پیش کرے، اور شوہر اس کی پیشکش کو قبول کر کے اسے قید نکاح سے آزاد کر دے")[2]

جب خاوند کو یہ حق دیا گیاہے کہ اگر وہ بیوی کو رکھنا پسند نہیں کرتا تو طلاق کے ذریعے اس سے علیحدگی حاصل کر سکتا ہے، تو اسی طرح یہ صورتحال بیوی کو بھی پیش آسکتی ہے کہ وہ کسی وجہ سے اپنے خاوند کو ناپسند کرے اور محسوس کرے کہ وہ اس خاوند کے ساتھ نہیں رہ سکتی اور اس کو ناپسند کرنے کی وجہ سے خاوند کے وہ شرعی حقوق "حدود اللہ" ادا نہیں کر سکتی جو شریعت

---

[1] 1 القرآن، البقرۃ 2،229

[2] تھانوی، محمد اشرف علی، بیان القرآن، لاہور۔ مکتبہ رحمانیہ، سورۃ البقرہ، آیت: 1،229/ 163

نے اس پر عائد کیے ہیں تو وہ اس صورت میں خاوند کا دیا ہوا حق مہر واپس کر دے اور اس سے طلاق حاصل کر لے، اسی کا نام خلع ہے۔ خلع کے سلسلہ میں حق مہر یا اس مقدار کا مال لینا خاوند کے لیے شرعاً جائز ہے، اس میں سے کچھ چھوڑ دے تو خاوند کی طرف سے یہ بطور احسان جانا جائے گا۔ یہ خلع زوجین کے باہمی رضامندی سے بھی ہو سکتا ہے دونوں طرف کے خاندانوں کی باہمی معاہدے سے بھی ہو سکتا ہے اور کچھ ناگزیر صورتوں میں قاضی کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ خاوند پر دباؤ ڈالے کہ وہ بیوی کو حق خلع دے۔ اور قاضی کا فیصلہ شرعی حیثیت رکھتا ہے جس پر عمل کرنا فریقین کے لیے ضروری ہوتا ہے، دوسرے الفاظ میں تفریق زوجین کا عام طریقہ بصورت طلاق تو مرد کے پاس ہے، طلاق ہمیشہ مرد ہی دیتا ہے۔ اور بیوی مجبوری کی بعض صورتوں میں حق مہر یا فدیہ کو ادا کر کے حق خلع بھی حاصل کر سکتی ہے جو طلاق کی بجائے علیحدگی ہے۔ اور اگر خاوند راضی نہ ہو رہا ہو تو بیوی قاضی کے اختیار کے ساتھ شوہر پر دباؤ ڈال کر، حق مہر یا فدیہ واپس کر کے اپنا حق خلع حاصل کر سکتی ہے۔ قاضی اپنے فیصلے میں اس امکان کا جائزہ لے گا کہ کیا یہ عورت حقیقت میں اپنے خاوند کے ساتھ نہیں رہ سکتی یا یہ عورت کا محض جذباتی فیصلہ ہے۔ اگر خلع میں بھی خاوند کی رضامندی ضروری قرار دی جائے تو پھر عورت کے پاس افتراق کا کوئی راستہ باقی نہیں رہتا۔

## خلع کا حکم

اسلامی شریعت میں جو حکم بھی ہو گا وہ باختلاف رائے پانچ یا چھ صورتوں سے خالی نہیں ہو گا یا تو وہ فرض ہو گا یا واجب (اختلافی صورت)، مباح، حرام، مکروہ یا مندوب میں سے کوئی ایک ہو گا۔ خلع کا شمار بھی حکم شرعی میں ہوتا ہے اس لیے کہ اس میں بھی شرعی احکامات لاگو ہوتے ہیں تو ہمیں اس بات کا جائزہ لینا ہے کہ خلع کا حکم کیا ہے؟ علمائے کرام کی آراء اس حوالے سے مختلف ہیں ذیل میں ان آراء کا ذکر ہے۔

**علامہ ابن الھمام لکھتے ہیں:**

**وَالْأصَحّ حَظرَہُ إلّا لِحَاجَةِ لِلأدلةِ الْمَذْكُورَةِ** [1]

(زیادہ درست بات یہ ہے کہ کسی ضرورت کے بغیر خلع لینا ان دلائل کی بنیاد پر جن کا ذکر گزر چکا مکروہ ہے۔)

**علامہ خطیب شربینی کہتے ہیں:**

**مَكْرُوهٌ لِمَافِيْهِ منْ قَطَعَ النّكاحَ الّذِى هُو مَطْلُوبُ الشّرع** [2]

(خلع مکروہ ہے اس لئے کہ شرعاً نکاح کا مقصود اس (نکاح) کو باقی رکھنا ہے اور خلع کی صورت میں اس کو توڑنا لازم آئے گا۔)

---

1 ابن الھمام، کمال الدین محمد بن عبد الواحد، فتح القدیر، 3/465

2 خطیب شربینی، شمس الدین محمد بن احمد، مغنی المحتاج الی معرفۃ معانی الفاظ المنہاج، 4/430

**حافظ ابن حجر عسقلانی** کا نقطہ نظر اس حوالے سے یہ ہے:

**وَهُوَ مَكْرُوهٌ إلّا فِي حَالِ مَخَافَةٍ أنْ لّايُقِيمَا أوَ وَاحدٌ مِنْهُمَا مَا أمَرَ بِه**[1]

(خلع مکروہ ہے سوائے اس حالت کے جس میں اس بات کا اندیشہ ہو کہ وہ دونوں یا ان میں سے کوئی ایک جس چیز کا انہیں حکم دیا گیا ہے (حدود اللہ کے قیام کا) اس کو برقرار نہیں رکھ سکتے ہیں)

**علامہ ابن قدامہ حنبلی** کی رائے کے مطابق:

**وَلَوْخَالَعتُه لِغَيْرِمَاذَكَرْنَا،كره لَهَاذٰلِكَ،وَوَقَعَ الْخُلعُ**[2]

(اگر بیوی نے اپنے شوہر سے خلع کیا ان وجوہات کے بغیر جو ہم نے ذکر کی ہیں تو اس کے لئے خلع لینا مکروہ ہے البتہ اگر خلع کیا تو واقع ہو جائے گا۔)

**علامہ سرخسی** کہتے ہیں کہ:

**الخُلعُ جَائِزٌ** خلع جائز ہے[3]

**محمد بن ابی العباس**[4] کے مطابق:

**وَهُوَ مَكْرُوهٌ وَقَدْيُسْتَحَبّ كَالّطلَاقِ وَسَوَاءٌ فَي جَوازِهِ حَالةُ الشّقَاقِ والوِفَاقِ**[5]

(خلع مکروہ ہے اور مستحب بھی ہے جس طرح کہ طلاق ہے اور اس کا جواز برابر ہے چاہے میاں، بیوی کے باہمی اختلاف کی صورت میں ہو چاہے اچھے تعلقات کے دوران ہو۔)

اس تفصیل کی روشنی میں درج ذیل صورت سامنے آتی ہے۔

1۔ اگر بیوی بلا وجہ شوہر سے خلع کا مطالبہ کرے تو اس صورت میں خلع لینا بیوی کے لیے شریعت کی نگاہ میں ناپسندیدہ کام ہے۔ اس لیے کہ شریعت نے خلع کے حوالے سے فرمایا ہے کہ:

**أيُّمَا إمراة إخْتَلعتْ مَن زَوْجِهَامِن غَيْرِمَا بَأسَ،لَمْ تَرحَ رَائِحةُ الّجَنّةِ**[6]

---

[1] حافظ ابن حجر، احمد بن علی بن حجر، فتح الباری، 9/396

[2] ابن قدامہ، ابو محمد موافق الدین عبداللہ بن احمد، المغنی لابن قدامہ، 10/270

[3] سرخسی، ابو کر محمد بن احمد، المبسوط، 3/199

[4] محمد بن العباس الرملی (1047ھ 1111ھ) مشہور فقیہ اور محدث تھے جنہوں نے "نہایۃ المحتاج الی شرح المنہاج" لکھی، جو فقہ حنفی پر ایک اہم شرح ہے۔ یہ کتاب اسلامی فقہ میں بہت معتبر مانی جاتی ہے۔

[5] رملی، محمد بن ابی العباس، نہایۃ المحتاج الی شرح المنہاج، 6/393

[6] ترمذی، محمد بن عیسیٰ، سنن ترمذی، ح1186، ص379

(جو عورت اپنے شوہر سے بغیر کسی وجہ کے خلع طلب کرے تو وہ جنت کی خوشبو سے بھی محروم ہے۔)

2۔ اور اگر میاں، بیوی دونوں کو اندیشہ ہو کہ ان کے لیے حقوق زوجیت ادا کرنے مشکل ہے اور ان کا ایک دوسرے کے ساتھ نباہ مشکل ہے تو ان کے لیے خلع لینا مباح ہے۔ اس لیے شریعت نے بھی خلع کے حوالے سے یہ سبق دیا ہے کہ اگر تمہیں حدود اللہ قائم نہ رکھ پانے کا اندیشہ ہو تو خلع لیا جا سکتا ہے۔ قرآن مجید کا حکم ہے:

فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ ٱللَّهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيمَا ٱفْتَدَتْ بِهِۦ [1]

اگر تمہیں خوف ہو کہ وہ دونوں حدود اللہ کو قائم نہیں رکھ سکتے تو ان دونوں پر کوئی گناہ نہیں ہے کہ عورت اس کو کوئی معاوضہ دے کر اپنے آپ کو اس سے جدا کر لے۔

یعنی جب شوہر کے حقوق اداء نا کر سکنے کا خوف ہو، یا کوئی اور سبب ہو تو اس صورت میں خلع لی جا سکتی ہے۔

3۔ اگر شوہر بلا وجہ بیوی کو تنگ کرتا ہے تاکہ وہ اس سے خلع لے لے تو اس صورت میں شوہر کے لیے خلع کے لیے بیوی کو مجبور کرنا مکروہ عمل ہے۔ اور اس کے لیے اس خلع کے بدلے پیسے لینا بھی مناسب نہیں۔

4۔ اور اگر بیوی خود سے خلع لینا چاہتی ہے اور شوہر نے اس کو مجبور (Force) نہیں کیا تو پھر شوہر بلا کراہت خلع کا معاوضہ لے سکتا ہے۔

5۔ اگر تمام معاملات ٹھیک جا رہے ہوں اور حدود اللہ کی پامالی کا کوئی اندیشہ بھی نہ ہو تو اس صورت میں ان دونوں کا آپس میں خلع کا معاملہ کرنا دونوں کے لیے مکروہ ہے۔

## محض طلاق، خلع اور تفسیخ میں فرق

محض طلاق چند مراحل (صبر، وعظ، نصیحت، ہجران فی المضاجع، ضرب غیر مبرح، جعل حکمین، پھر طلاق احسن) کے بعد پروگرامی ہوتی ہے تو حالت حیض و نفاس یا جس طہر میں جماع کر چکا ہے وغیرہ میں طلاق سے بچے۔ یہ شرعی طریقہ طلاق ہے۔

جبکہ خلع و تنسیخ ہنگامی اور ایمرجنسی بنیادوں پر ہوتے ہے لہٰذا بہر حال جائز ہے۔[2]

نیز طلاق میں مہر باقی رہتا ہے جبکہ خلع میں مہر اور ناچاقی کے زمانہ کا خرچہ (بالخصوص جب عورت کی زیادتی ہو) ساقط ہو جاتا ہے۔ باقی عدت کا خرچہ اگر بدل خلع بنایا تو ساقط ہو گا ورنہ نہ ہو گا۔ تاہم فسخ و تنسیخ میں مہر باقی رہتا ہے۔[3]

---

[1] البقرہ229:2

[2] کتاب الفقہ علی المذاہب الاربعہ، ص:366

[3] CLC19941216لاہور، جج مشتاق احمد خان، مختار الحسن صدیقی، ص:1233-1235، جج فیملی کورٹ

طلاق کی صورت میں رجوع یا تجدید نکاح کے بعد خاوند مابقیہ طلاقوں کا مالک رہتا ہے جبکہ تنسیخ میں صرف جدائی ہوئی ہوتی ہے لہٰذا طلاقوں کی گنتی شروع ہی نہیں ہوئی۔ تاہم خلع قائلین طلاق کے ہاں طلاق ہوتی ہے اور قائلین فسخ کے ہاں محض فسخ شمار ہو کر طلاق کی گنتی شروع نہ ہو گی۔

## خلع و فسخ کا فرق:

خلع اور فسخ میں فرق یہ ہے کہ خلع عند الاحناف طلاق بائن ہے کیونکہ خود مرد راضی ہو کر مال کے عوض جدائی قبول کرتا ہے۔ اور خاوند کی رضا بالاتفاق ضروری ہوتی ہے جبکہ تفسیخ و تنسیخ طلاق کے قائم مقام ہوتی ہے طلاق نہیں ہوتی بلکہ محض زوجین کے ازدواجی ربط و تعلق کو معطل و باطل کرنا ہوتا ہے اور اس میں خاوند کی رضا بھی ضروری نہیں کیونکہ اس میں عموماً قصور مرد کا ہوتا ہے (خواہ اختیاری ہو یا غیر اختیاری عیب) اور طلاق واقع کرنے کی بات بھی نہیں ہوتی کہ مرد کو منایا جائے۔ پھر خلع میں مال عوض ہوتا ہے اور عموماً مہر چھوڑنا ہوتا ہے جبکہ تفسیخ و تنسیخ میں مہر کو شوہر کو ادا کرنا ہوتا ہے خلع عورت اپنی خواہش پر کرتی ہے اور اس کے پاس عموماً کوئی معقول عذر نہیں ہوتا لیکن تنسیخ میں معقول و مشروع اعذار کا دعویٰ اور پھر ثبوت دینا ہوتا ہے۔ خلع میں وجہ جدائی بتانا ضروری نہیں جبکہ تنسیخ میں وجہ اور معقول شرعی وجہ بتانا اور ثابت کرنا بھی ضروری ہے اس کے بغیر قاضی کو کہیں بھی تفریق کا اختیار نہیں۔[1]

[1] حیلہ ناجزہ، ضمیمہ اسلام میں خلع کی حقیقت، مفتی محمد تقی عثمانی، دار الاشاعت کراچی، فروری 1987، ص 243- احسن الفتاویٰ، مفتی رشید احمد لدھیانوی، ایچ ایم سعید کمپنی کراچی، 1425ھ، 385-384/5

# فصل سوم

## مروجہ عدالتی نظام ہائے خلع و تنسیخ نکاح کا تعارف

### مختصر پس منظر:

پاک وہند برصغیر (ہندوستان) میں 1935 انگریز ایکٹ میں فیملی کیسز و معاملات و مسائل کے حوالے سے دفعات مرتب ہوئی تھیں۔ اگرچہ خلع و فسخ کی بحثیں پہلے سے عدالتی قوانین میں موجود تھیں چنانچہ سلیمان چیف جسٹس آلہ آباد ہائی کورٹ نے 1932 میں فیصلہ دیا کہ خلع اور فسخ کی ڈگری ہونے کے بعد قابل اپیل نہ ہوگی۔[1]

لیکن مسلم انفساخ نکاح اور خلع سے متعلق کوئی گراؤنڈ اور طریقہ کار باقاعدہ طور پر مرتب نہ ہوا تھا چنانچہ پہلی بار مارچ 1939 ایکٹ نمبر 178 میں ڈیزولوشن آف مسلم میرجز ایکٹ (ACT, Dissolution of marriages 1939) ترتیب دیا گیا جس میں سیکشن 2 کے تحت 9 ذیلی دفعات / گروائنڈز مرتب کی گئیں نیز ذیلی دفعہ 8 کے تحت مزید 6 شقیں / اجزاء داخل کیے گئے جن میں اول جزء کے تحت جسمانی تشدد اور لسانی رویہ کا تشدد دلایا۔ نیز جزء 7 میں لعان اور خیار بلوغ کو لایا گیا۔ پھر نویں 9 ذیلی دفعہ میں ایک وسیع مفہوم استعمال کیا گیا کہ کوئی سی قابل فسخ نکاح مسلم وجہ بھی سبب بن سکے گی نیز اسی 9 ذیلی دفعہ میں خلع کی سبیل بھی نکال دی گئی اگرچہ خلع کا ذکر نہیں کیا گیا۔ لیکن خاوند سے چھٹکارا چاہنے والی عورتیں اکثر اوقات ان گراؤنڈز کے عدالت میں ثابت کرنے سے عاجز ہو جاتی تھیں پھر مجبور ہو کر ہر قیمت پر جان خلاصی چاہتے ہوئے مہر کے بدلے خلع کی راہ اختیار کرنے لگیں لیکن ایسی بلا وجہ شرعی طلاق و جدائی کی طلبگار عورتوں کے لیے شریعت مطہرہ کی طرح ہماری ہندوستانی اور پاکستانی عدالتوں نے بھی کوئی سبیل قائم نہ کی چنانچہ عمر بی بی بنام محمد دین۔ اے آئی آر 1945 لاہور 51 AIR کے مقدمہ میں جسٹس عبدالرحمن اور جسٹس ہارنس نے متفقہ طور پر یہ فیصلہ دیا کہ شوہر کی رضامندی کے بغیر عورت خلع نہیں کرا سکتی۔[2] نیز سعیدہ خانم بنام محمد سمیع پی ایل ڈی 1952 لاہور 113 کے مقدمہ میں جسٹس اے آر کارنیلیس، جسٹس محمد جان، جسٹس خورشید زمان

---

[1] مقدمہ قاسم حسین بنام بی بی کنیز سکینہ ARY آل انڈیا رپوٹڈ، ص 649، یہی فیصلہ ARY والا 1932 Lj ص 781 میں بھی آیا ہے۔

[2] عمر بی بی بنام محمد دین، AIR 1945 لاہور، AIR 51

صاحبان نے بھی یہ فیصلہ کیا کہ شوہر کی رضامندی کے بغیر خلع نہیں ہو سکتا اور محض اختلاف مزاج، ناپسندیدگی اور نفرت کی بنا پر عدالت نکاح فسخ نہیں کر سکتی۔

پس اب ایسی عورتوں کو بڑی ہی پریشانی لاحق ہوئی لیکن پھر کچھ سالوں بعد پہلی بار پاکستان ہائی کورٹ لاہور کے جسٹس شبیر احمد، جسٹس بی زیڈ کیکاوس اور جسٹس مسعود احمد صاحبان نے بلقیس فاطمہ بنام نجم الاکرام کے مقدمہ میں یہ فیصلہ دے دیا کہ اگر عدالت تحقیق کے ذریعہ اس نتیجے تک پہنچ جائے کہ زوجین حدود اللہ کو قائم نہیں رکھ سکتے تو عدالت شوہر کی رضامندی کے بغیر خلع کرا سکتی ہے۔ پھر 1967 میں اسی (ماتحت عدالت کے) فیصلہ کو بڑی تفصیل سے دوہرایا گیا گویا جوں پر جوں ماری گئی۔ لکیر کے فقیر بنے۔[1]

چنانچہ 1967 میں سپریم کورٹ کے معزز جج صاحبان جسٹس ایس اے رحمان، جسٹس فضل اکبر، جسٹس حمود الرحمن، جسٹس محمد یعقوب علی اور جسٹس ایس اے محمود، صاحبان نے بھی خورشید بیگم بنام محمد امین کے مقدمہ میں اسی نقطہ نظر کو اختیار کیا۔[2]

یاد رہے 1969 مسماۃ بلقیس فاطمہ والے فیصلے کو ایوان و اسمبلی وغیرہ میں باقاعدہ قانون، ایکٹ اور سیکشن (دفعہ 10) کے تحت 1964 میں مرتب کیا گیا۔ چنانچہ Family Loust ACT 1964 Sec :10 کتب قوانین میں مشہور ہے۔ چنانچہ فیملی کورٹس ایکٹ اکتوبر 2005 اس دفعہ 10 کے ذیل میں 1 تا 4 ذیلی شقیں مکمل کی گئیں اور وقت کے ساتھ صدر جنرل پرویز مشرف کے دور حکومت میں مغربی NGO اور حیا باختہ روشن خیال تاریک ضمیر طبقہ نسواں کی خواہش پر 01-10-2002 کو مزید ترامیم کر کے عورت کو کھلی چھوٹ اور چھٹی دے دی گئی جس میں عورت کو بہت جلد 4/3 ماہ کے اندر اندر بلا رضائے شوہر قاضی کی صواب دید پر یکطرفہ خلع کی ڈگری مرحمت فرمادی جاتی ہے۔ کہ عورت کا اگر نباہ ناممکن معلوم ہو جائے تو فوری یکطرفہ خلع کی ڈگری (اگرچہ خاوند نہ مان رہا ہو) جاری کر دی جائے، شہادت و جرح کرنے کرانے، صفائی و بیان لینے یعنی مزید ٹرائل چلانے کی کوئی ضرورت نہیں۔[3]

اور تاحال یہی سلسلہ چل رہا ہے اور یہی رونا رویا جا رہا ہے۔ مزید یہ کہ پنجاب حکومت نے یہ ترامیم 2015 میں کر دی کہ خلع والی عورت کو مزید سہولت و عیاشی دینے کے لیے کل مہر سے محروم کرنے کے بجائے صرف 2/1 کو عوض بنایا جائے گا باقی

---

1 بلقیس فاطمہ بنام نجم الاکرام، پی ایل ڈی، 1959، لاہور 566

2 خورشید بیگم بنام محمد آمین، پی ایل ڈی، 1967، سپریم کورٹ 97، نیز مقدمہ محمد صدیق بنام غفران بی بی سپریم کورٹ، ص 192،1971 پی ایل ڈی میں ایسی ہی صورت حال پیش آئی۔

3 Proviso added to section 10 (4) of the Family Courts Act 1964 through the Ordinance LV of 2002. See also Muhammad Zubair Abbasi, "Development of Women's Right to No-fault Judicial Divorce (Khulʿ) in Pakistan: Judges and ʿUlamā' as Catalysts for Legal Reform" Islamic Studies 61:2 (2022), 171-73

آدھا حصہ مہر یعنی 50 پر سنٹیج عورت کا حق مہر بصورت خلع بھی بر قرار رہے گا۔ یہ ظلم پر ظلم ڈھایا جا رہا ہے شوہر پر، کہ ایک تو بلاوجہ شرعی و عذر معقول اس سے طلاق چھینا، دوسرا جبر یعنی بلا رضائے شوہر خلع کا فیصلہ کرنا، تیسرا اس تناظر میں مرد کی تاحال کیے گئے اخراجات (شادی وغیرہ اور اس کیس کے حوالے سے) کا ضیاع اور معاشرتی و عرفی بے عزتی و لعن طعن کا مورد وہدف ٹھہرا دینا۔ پھر مزید برآں کے شوہر پر حق مہر 50 پر سنٹیج کا بوجھ ڈال کر اسے آوارہ گرد، درندہ، بیوی کے سامنے مظلوم و مجروح شکار کی حیثیت سے پیش کرنا۔ [1]

دراصل یہ سارا شاخسانہ و خمیازہ اور نتیجہ ہے اس پہلے پہل جاری کردہ فیصلہ عدالت 1959 لاہور ہائی کورٹ کا۔ کہ جب خلع میں بے عیب، بے قصور بلکہ مظلوم و مجبور شوہر کی رضامندی کو بھی صرف نظر رکھ دیا گیا تو اب عورت کی خوشی اور رضا کی تکمیل کی خاطر 50 پر سنٹیج مہر اسے دلانے کی قانونی شکل کوئی / عجوبہ نہ تھا جبکہ اس کی پشت پر بڑی طاغوتی طاقتیں بھی کار فرما ہوتی آرہی ہیں۔ جب خاوند خلع کے مرکزی فیصلہ میں بلا رضائے خود ذبح ہو چکا تو اب خواہ اس کی چمڑی چھری سے اتاریں یا ہاتھ ہی سے ادھیڑ دیں چھری سے اعضاء جدا کریں یا ٹوکے سے ٹکڑے ٹکڑے کر دیں یہ کوئی تعجب و نکارت کی بات نہیں۔ تعجب ان سر پھرے ہجڑوں اور مغرب زادوں پر ہے جو قوانین شرع اور اصول فطرت سے لڑ جھگڑ کر مردانہ حاکمیت و قوامیت اور سرداری کا سہرا اور تاج از خود نسواں کے سر پر سجا کر اپنے کو الٹا اور بچھا رہے ہیں۔ نیز تنسیخ و فسخ نکاح کی وجوہات میں بھی بعض وہ وجوہات داخل کر دیں جو کسی فقہ میں یا کم از کم فقہ حنفی (سواد اعظم) میں شرعاً فسخ کے گراؤنڈز / وجوہات اور اسباب نہیں بنتیں۔ بلکہ ازدواج و زواج کے اس بندھن کو لڑکی کے ہاتھوں میں ایک معمولی سا کھلونہ بنا دیا ہے۔ مروج خلع و تنسیخ نکاح، عصری و عدالتی نظاموں پر مختلف اہل علم حضرات [2] نے تنقیدی مدلل مباحث فرمائی ہیں جن میں چند مباحث بے حد مفید ہے۔

## پاکستان میں مروجہ عائلی قوانین:

قیام پاکستان کے بعد ملک کو وہ تمام قوانین ورثے میں ملے جو متحدہ ہندوستان میں "تعزیرات ہند" کے تحت نافذ تھے، اور عدالتی نظام بھی انہی قوانین کے مطابق چلتا رہا۔ عائلی قوانین کے ضمن میں سابقہ کاظمی ایکٹ یا قانون انفساخ نکاح مسلمین 1939ء پر عمل درامد جاری رہا، مگر بولتے ہوئے حالات کے باوجود شریعت ایکٹ جیسی قوانین کو زیادہ اہمیت نہیں دی

---

[1] فیملی کورٹ ایکٹ کے سیکشن 10 میں ذیلی دفعہ 5 کا اضافہ کیا گیا۔ Family Courts (Amendment) Act 2015 (XI of 2015) دیکھئے http://punjablaws.gov.pk/laws/177.html#_ftn37

[2] . **مفتی رشید احمد لدھیانوی** نے "احسن الفتاوی" ج 5 ص 375-402 پر بحث خلع اور ج 5 ص 405-426 پر بحث فسخ نکاح فرمائی۔ 2. **مفتی محمد تقی عثمانی** نے "اسلام میں خلع کی حقیقت "جو" حیلہ ناجزہ" جدیدہ کے آخر میں ملحق ہے ص 204-243۔ 3. **مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہید** اسلام نے "آپ کے مسائل اور ان کا حل" کتاب میں ج 6 ص 650-669 پر بحث خلع اور ج 6 ص 675-688 پر بحث تنسیخ نکاح اور ص 738-772 پر بحث عائلی قوانین لائی۔ یہ تینوں مباحث متلاشیء حق و ہدایت کے لیے نہایت عمدہ گائیڈز ہیں۔ چنانچہ انہی میں حضرت لودھیانوی فرماتے ہیں: خلع عام طور پر ان بیگمات کا وطیرہ اور شیوا ہے کہ جن کو ذائقہ چکھنے کی عادت ہے اور جن کا دل ذرا سی بات سے شوہر سے بھر جاتا ہے اور وہ سیدھا عدالت میں جاتی ہے اور جج صاحبان فٹ سے ان کو خلع کی ڈگری کر دیتے ہیں خلع کے 100 مقدمات میں ایک مقدمہ بھی ایسا آپ کو نہیں ملے گا جس میں از راہ عدل جج نے یہ فیصلہ دیا ہو کہ عورت کا دعویٰ غلط ہے۔ گویا ہر عورت معصوم، فرشتہ اور ہر شوہر مجسمہ شیطان ہے۔

گئی۔ اس کی ایک بنیادی وجہ یہ تھی کہ پاکستان ایک اسلامی ریاست کے طور پر وجود میں آیا تھا، اور برصغیر کے مسلمانوں نے اس کے قیام کا مطالبہ بھی اسلامی اصولوں کی بنیاد پر کیا تھا۔

"پاکستان کا مطلب کیا لا الہ الا اللہ"

پاکستان کے آئین کی بنیاد خالصتاً اسلامی اصولوں پر رکھی گئی تھی، اور تمام قوانین کو کتاب و سنت کی روشنی میں از سر نو مرتب کرنے کا عزم کیا گیا تھا۔ اسی وجہ سے ابتدا میں عائلی قوانین میں تبدیلی پر زیادہ توجہ نہیں دی گئی۔ تاہم، 1955ء میں ایک ایسا دلچسپ واقعہ پیش آیا جس نے حکومت کو مجبور کر دیا کہ وہ عائلی قوانین کی تدوین کے لیے ایک کمیشن تشکیل دے۔ اس واقعے کی جانب روزنامہ امروز نے اپنے 4 مارچ 1961ء کے اداریے میں بھی اشارہ کیا تھا۔[1]

## عائلی کمیشن کا قیام

یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب محمد علی بوگرہ، جو اس وقت پاکستان کے وزیر اعظم تھے، نے اپنی پہلی بیوی حمیدہ بانو صاحبہ کی موجودگی میں اپنی عرب نژاد سیکرٹری عالیہ بیگم سے نکاح کر لیا۔ اس موقع کو ان کے سیاسی مخالفین نے بھرپور طریقے سے استعمال کیا اور ان کی حیثیت کو کمزور کرنے کے لیے اس معاملے کو خوب اچھالا۔ اسلام مخالف قوتوں نے بھی اس مہم میں ان کا ساتھ دیا، جبکہ پاکستان کی جدید سماجی حلقوں میں نمایاں خواتین کو بھی وزیر اعظم کے اس اقدام کے خلاف آواز بلند کرنے کا موقع مل گیا، جسے عورتوں کے حقوق اور مظلومیت کے حوالے سے خوب اجاگر کیا گیا۔ اتفاق سے اسی دوران مصر کی ایک خاتون حقوق نسواں کا نعرہ لے کر پاکستان تشریف لائیں انہوں نے پاکستانی خواتین کو حقوق نسواں کے تحفظ کے لیے عملی جہاد پر آمادہ کیا۔ ان تمام عوامل کے پیش نظر ملک میں وزیر اعظم کے خلاف بیانات اور تقاریر کا سلسلہ چل نکلا اور چاروں طرف عورتوں کے حقوق کے تحفظ کی صدائیں بلند ہونے لگی۔ پاکستان کی ایک خاتون نے تو لندن میں یہاں تک کہہ دیا!

"جناب محمد علی وہ بری حرکت کی کہ یہاں کی مہذب سوسائٹی میں ہم
لوگ منہ دکھانے کے قابل نہ رہے یہاں کے لیڈرز اور جنٹلمین
ہمیں کثیر الازدواجی کا طعنہ دے کر شرمندہ کر رہے ہیں"[2]

ان عوامل کو مد نظر رکھتے ہوئے حکومت نے 4 اگست 1955ء کو مسلم شادی کمیشن قائم کیا.[3] پاکستان کی وزارت قانون نے اپنی قرارداد کے تحت عائلی قوانین کی تدوین کے لیے ایک کمیشن تشکیل دیا، جس کے اراکین درج ذیل تھے۔

---

[1] طاہر، ڈاکٹر قاری، عائلی قوانین اور پاکستانی سیاست (جنگ پبلشرز، لاہور 1999)42

[2] جالندھری، رشید احمد، برطانوی ہند میں مسلمانوں کا نظام تعلیم (بیدل لائبریری، کراچی، 2004)1/164

[3] مفتی محمد شفیع، جواہر الفقہ، صفحہ 17

## کمیشن کے ارکان

- ڈاکٹر خلیفہ شجاع الدین　　　صدر
- ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم　　　سیکرٹری
- مولانا احتشام الحق
- مسٹر عنایت الرحمن
- بیگم شاہنواز
- بیگم انوار جی احمد
- بیگم شمس النہار محمود

اس کمیشن کو یہ ذمہ داری سونپی گئی تھی کہ وہ مسلمانوں کی خاندانی زندگی سے متعلق ایسی سفارشات تیار کرے جو نکاح، طلاق، وراثت اور عائلی زندگی کے دیگر پہلوؤں کو بھی شامل کریں۔

### پہلا اجلاس

کمیشن کا پہلا اجلاس اکتوبر 1955ء میں منعقد ہوا، جس میں یہ طے پایا کہ ایک سوال نامہ مرتب کیا جائے تا کہ اس کی بنیاد پر سفارشات تیار کی جا سکیں۔ اجلاس کے کچھ ہی عرصے بعد کمیشن کے صدر، خلیفہ شجاع الدین، عارضہ قلب کے باعث وفات پا گئے۔ ان کی وفات کے بعد سابق چیف جسٹس پاکستان، میاں عبدالرشید کو کمیشن کا نیا صدر نامزد کیا گیا۔

### دوسرا اجلاس

کمیشن کا دوسرا اجلاس 30 نومبر 1955ء میں منعقد ہوا، جہاں یہ طے پایا کہ عائلی مسائل پر مبنی سوال نامہ اردو، انگریزی اور بنگالی زبان میں شائع کیا جائے اور دانشوروں، علماء اور عوام سے 15 جنوری 1956ء تک آراء طلب کی جائیں، بعد ازاں، اس مدت میں ایک ماہ کی توسیع کی گئی۔ کمیشن کو اس سوال نامے کے جواب میں بڑی تعداد میں آراء موصول ہوئیں، جن کی روشنی میں ایک رپورٹ مرتب کر کے حکومت کو پیش کی گئی، جس کا بعد میں گزٹ نوٹیفکیشن جاری کیا گیا۔[1]

کمیشن نے جو سوال نامہ جاری کیا اس کے عنوانات حسب ذیل تھے۔

- نکاح　　　نو سوالات
- طلاق　　　سات سوالات

---

[1] طاہر، ڈاکٹر قاری، عائلی قوانین اور پاکستانی سیاست (جنگ پبلشرز، لاہور 1999) 44

| | |
|---|---|
| • تعداد ازواج | پانچ سوالات |
| • مہر | تین سوالات |
| • حضانت | پانچ سوالات |
| • تولیت املاک | دو سوالات |
| • وراثت اور وصیت | پانچ سوالات |
| • انفساخ نکاح بذریعہ عدالت | چار سوالات |
| • ازدواجی وعائلی عدالت | گیارہ سوالات |

## مولانا اختشام الحق تھانوی کا اختلافی نوٹ

کمیشن کی رپورٹ کا نوٹیفکیشن 11 جون 1956ء کو کیا گیا جس کی طباعت 20 جون 1956ء کو ہوئی۔ اس نوٹیفکیشن کے آخر میں میاں عبدالرشید کے دستخط بطور کمیشن کے موجود ہیں اور ایڈورڈ نیلسن کے بطور سیکرٹری دستخط موجود ہیں۔ رپورٹ پر تمام ممبران متفق تھے ماسوائے مولانا احتشام الحق تھانوی کے انھوں نے اپنا اختلافی نوٹ لکھا۔ مولانا احتشام الحق تھانوی دینی سکالر کی حیثیت سے کونسل کے رکن تھے۔ انھوں نے کمیشن کی سفارشات سے کلیتاً اختلاف کیا، مولانا کے اختلافی نوٹ کے دو حصے تھے پہلے حصے میں انھوں نے رپورٹ میں شامل دیباجے پر کڑی تنقید کی ہے جبکہ دوسرے حصے میں سفارشات کو موضوع بحث بنا کر اس پر اختلافی نوٹ تحریر کیے۔[1]

## عائلی قوانین کا نفاذ

عائلی کمیشن کی رپورٹ منظر عام پر آنے کے بعد ملک کے مختلف طبقوں کی طرف سے رپورٹ کے حق اور مخالفت میں تنقید کا سلسلہ شروع ہوا۔ زیادہ تر تنقید کا رخ مخالفانہ تھا جو ملک کے دینی طبقے کی طرف سے تھا جبکہ موافقت میں سب سے زیادہ پیش پیش انجمن خواتین پاکستان تھی۔ مخالفانہ تنقید زیادہ تر علماء کی طرف سے کی جا رہی تھی بعض حضرات کے نزدیک علماء کی اس مخالفت کا سبب یہ بھی تھا کہ کمیشن نے اپنی رپورٹ میں علماء کو مذہبی اجارہ دار قرار دیا تھا۔ نیز ان کی اجارہ داری کو توڑنے کی بھرپور کوشش کی۔ "عائلی کمیشن کی سفارشات سامنے آنے کے بعد ان پر بھرپور تنقید ہوئی لیکن 1958ء میں مارشل لاء کے بعد

[1] الارشاد، جدید، کراچی، 1956ء 15 روزہ رسالہ، ص 22-24

تنقید کا سلسلہ ختم ہو گیا کیونکہ مارشل لا کے نفاذ کے بعد پرانے موضوعات سے توجہ ہٹ گئی اور نئی ترجیحات سامنے آنے لگیں ۔مارشل لاء نے آئین کو منسوخ کر دیا اس سے یہ تاثر بھی عام ہوا کہ جس طرح آئین ختم ہو گیا ہے تو عائلی کمیشن کی سفارشات بھی کالعدم ہو چکی ہیں۔ لیکن مارشل لا کے نفاذ کے کچھ عرصہ بعد 1959ء میں انجمن خواتین پاکستان برائے حقوق نسواں کمیٹی نے عائلی کمیشن کی سفارشات کو عملی جامہ پہنانے کا مطالبہ کیا۔ بعض جرائد مثلاً طلوع اسلام نے ان کے مطالبہ کو بھرپور حمایت کرنا شروع کر دی۔"[1]

انجمن خواتین پاکستان کے اس مطالبے کے پیش نظر 2 مارچ 1961ء کو مرکزی حکومت کی طرف سے مسلم فیملی لاء آرڈیننس 1961ء نافذ کر دیا گیا یہ اعلان اس وقت کے وزیر قانون محمد ابراہیم کی طرف سے ہوا۔ جس میں عائلی کمیشن کی سفارشات کو قانونی حیثیت دے دی گئی تاہم اس حکم کو فوری طور پر نافذ العمل قرار نہیں دیا گیا اور اس نفاذ کو ائندہ کسی اعلان تک موخر رکھا گیا۔[2]

"2 جولائی 1961ء کو حکومت کی طرف سے اعلان کیا گیا کہ عائلی قوانین کا نفاذ یکم جولائی سے عمل میں آنا تھا لیکن نکاح ناموں کے رجسٹر طبع نہ ہو سکے نیز ثالثی کونسل کا قیام بھی عمل میں نہ آسکا لہذا ان فنی مجبوریوں کی وجہ سے اب یہ قوانین 15 جولائی سے نافذ کیے جائیں گے۔"[3]

لیکن یہ قوانین 15 جولائی کو بھی نافذ نہ ہو سکے البتہ 21 جولائی 1961ء کو متعلقہ آرڈیننس کے تحت قواعد کا اعلان کر دیا گیا۔ حکومت نے ڈویژنل کمشنروں کو ہدایت کی کہ وہ 20 آگست 1961ء تک عائلی قوانین کو عملی جامہ پہنانے کے انتظامات مکمل کر لیں۔[4]

## مزاحمتی اقدامات

1958ء میں ماشل لاء کے نفاذ کے ساتھ جب آئین منسوخ ہو گیا تو ساتھ ہی یہ خیال بھی عام ہوا کہ عائلی کمیشن کی سفارشات بھی ماضی کا حصہ بن چکی ہے۔لہذا اس طرف سے عام توجہ ہٹ گئی لیکن ایوب کے مطالبے پر جب مارشل لاء حکومت

---

[1] الارشاد، جدید، کراچی، 1956ء 15 روزہ رسالہ

[2] گزٹ آف پاکستان کراچی، جون 20، 1956 وزارت قانون مجریہ، 1956، صفحہ 1197-1198

[3] گزٹ آف پاکستان کراچی، جون 20، 1956 وزارت قانون مجریہ 11، 1956

[4] گزٹ آف پاکستان کراچی، جون 20، 1956

نے ان قوانین کو صدارتی آرڈیننس کے ذریعے نافذ کرنے کا اعلان کیا تو عمومی فضا دوبارہ ہی ہیجان خیز ہو گئی۔ عوام اور علماء کی طرف سے مزاحمتی اقدامات کیے گئے ان کی دو نوعیتیں تھیں۔ ایک مصالحانہ دوسرے جارحانہ۔

## مفتی محمد شفیع کا خط

مصالحانہ اقدام میں سب سے پہلی کوشش نامور عالم دین حضرت مفتی محمد شفیع کی طرف سے کی گئی۔ چنانچہ یکم اپریل 1961ء کو مفتی محمد شفیع نے جو دارالعلوم کراچی کے سربراہ تھے نے فیلڈ مارشل محمد ایوب خان (صدر پاکستان) کی عائلی قوانین کے بارے میں خط لکھا اور ان قوانین پر دلائل شریعہ کی روشنی میں تبصرہ اور متبادل تجاویز تحریر کیں۔ صدر پاکستان نے اس خط کا جواب بھی مفتی صاحب کو لکھا۔[1]

## صدر ایوب کا خط

صدر کے جواب میں تحریر تھا کہ مفصل جواب وزارت قانون لکھے گی لیکن وزارت قانون کی طرف سے کوئی جواب نہ دیا گیا۔ حکومتی خط وکتابت کے ساتھ مفتی صاحب نے عائلی قوانین کی غیر اسلامی دفعات کی نشاندہی کی اور کتاب وسنت کی روشنی میں دلائل کے ذریعے ابطال کیا ان کے نزدیک عائلی قوانین کی کچھ دفعات غیر اسلامی تھیں۔ اس حوالے سے انہوں نے ایک مقالہ بھی تحریر کیا اور اس کے آخر میں اصلاحی تجاویز بھی لکھیں۔

عائلی قوانین کے خلاف علماء نے انفرادی کوششوں کے ساتھ ساتھ اجتماعی کوشش بھی کیں۔ چنانچہ تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے 14 سرکردہ علماء نے لاہور میں باہم مشاورت کے ذریعے ایک متفقہ تبصرہ کیا۔ جس میں چند دفعات کو غیر اسلامی قرار دیا گیا۔ ان 14 علماء کے نام حسب ذیل ہیں۔[2]

- مفتی محمد حسین
- مولانا ابوالبرکات سید احمد قادری
- مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی
- مولانا عبدالستار خان نیازی
- مولانا ادریس کاندھلوی
- مولانا مفتی جعفر حسین مجتہد

[1] محمد شفیع، مفتی، جواہر الفقہ (مکتبہ دارالعلوم، کراچی، 2010)

[2] طاہر، ڈاکٹر قاری، عائلی قوانین اور پاکستانی سیاست (جنگ پبلشرز، لاہور 1999)68

- مولانا محمد عطاء اللہ حنیف
- مولانا سید محمود احمد رضوی
- مولانا ابو الحسنات سید خلیل احمد قادری
- مولانا حافظ عبد القادر روپڑی
- مولانا حافظ محمود احمد روپڑی
- مولانا ابو یحیٰی امام نوشہروی
- مولانا حافظ کفایت حسین مجتہد
- حافظ محمد عبد اللہ روپڑی

**حافظ کفایت حسین نے لکھا:**

> "مجھے اصل دفعات سے وہی اختلاف ہے جو اس مضمون میں ظاہر کیا
> گیا ہے۔ لیکن ان دفعات کی وضاحت میں جو امور تحریر فرمائے گئے
> ہیں، ان کے بعض اجزاء سے اتفاق نہیں ہے"[1]

ان چودہ علماء نے عائلی قوانین کے خلاف متفقہ رائے قائم کرتے ہوئے آغاز میں مصالحانہ انداز ہی اپنایا۔ چنانچہ انہوں نے اپنے تبصرے کے شروع ہی میں لکھا:-

"تاہم یہ امر موجب اطمینان ہے کہ آرڈیننس کو فوری طور پر نافذ العمل قرار نہیں دیا گیا اور اس کے نفاذ کو آئندہ کے کسی اعلان تک موخر رکھا گیا ہے۔ ہم اس موقع سے فائدہ اٹھا کر پورے دلائل کے ساتھ اس آرڈیننس کی کمزوریوں اور نقصانات کو واضح کرنا چاہتے ہیں تا کہ حکومت پھر ایک مرتبہ غور کرے اور اس غلطی کی تلافی کرے۔ اب تک موجودہ حکومت کی یہ ایک قابل قدر روایت رہی ہے کہ اس کے کسی فیصلے کی غلطی اگر اس پر واضح کر دی گئی ہے تو اس نے اس فیصلے پر نظر ثانی کرنے میں تامل نہیں کیا ہے۔ ہم توقع رکھتے ہیں کہ اس آرڈیننس کے معاملے میں بھی ایسا ہی کیا جائے گا[2]

---

[1] الارشاد، جدید، کراچی، 1956ء15 روزہ رسالہ

[2] مسلم فیملی لاز آرڈیننس پر علما کا تبصرہ، صفحہ 3

## علماء کا احتجاج

اس کے بعد سرحد کے چالیس سے زائد علماء نے اور مشرقی پاکستان کے چوراسی علماء نے ان سفارشات کے خلاف بھرپور احتجاج کیا۔[1] جارحانہ مزاحمت کے سلسلے میں کسی بھرپور تحریک کا سراغ تو نہیں ملتا البتہ بیانات اور تقاریر کے اندر ایسا انداز اختیار کرنے کے قرائن ملتے ہیں جس میں حکومت کو ہدف تنقید بنانے کے ساتھ ساتھ عوام کے جذبات کو ابھارنے کی کوشش کی گئی۔ ان تمام مزاحمتی اقدامات کے پیش نظر عائلی قوانین کی تنسیخ کا بل قومی اسمبلی کے پہلے اجلاس میں پیش ہوا جس کے محرک عباس علی خان تھے۔ اس سے قبل مغربی پاکستان کی صوبائی اسمبلی میں ایک قرارداد منظور کی جاچکی تھی۔ جس میں عائلی قوانین کی تنسیخ کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ قومی اسمبلی کے اجلاس میں اس موضوع پر زوردار بحثیں ہوئیں اور بالآخر چار اکتوبر 1962ء کے قومی اسمبلی کے اجلاس میں یہ بل کثرت رائے سے ناکام ہو گیا۔[2]

## اسلامی نظریاتی کونسل کا قیام

1973ء کے آئین پاکستان کے آرٹیکل 227 کے مطابق تمام موجودہ قوانین کو قرآن پاک اور سنت کے مطابق بنایا جائے گا اسی غرض سے آرٹیکل پر عمل درآمد کے لیے اسلامی نظریاتی کونسل کو قائم کیا گیا۔ اسلامی نظریاتی کونسل نے ملکی قوانین کو قرآن و سنت کے مطابق ڈالنے کے لیے اپنے مختلف اصولوں میں سفارشات مرتب کی ہیں بالخصوص عائلی قوانین سے متعلق اسلامی نظریاتی کونسل نے متعدد سفارشات مرتب کی جن میں سے بعض اہل علم نے اپنے تحفظات کا اظہار کیا۔ 1992ء کی آخر میں وفاقی شرعی عدالت نے ایک مقدمے کا فیصلہ سناتے ہوئے مسلم فیملی لاء آرڈیننس کی دفعہ 7 کو غیر اسلامی قرار دے دیا۔[3]

عائلی قوانین بھی ان کے اجراء سے لے کر آج تک خصوصاً ملک کے دینی حلقوں میں زیر بحث ہیں۔ اسی طرح ملکی عدالتی نظام میں یک طرفہ عدالتی طلاق، خلع یا فسخ نکاح پر بھی اہل علم کی جواز اور عدم جواز کی مختلف آراء موجود ہیں۔ دور حاضر میں جس طرح سے عدالتی طلاق کا تناسب جس تیزی سے بڑھ رہا ہے اسی طرح قوانین کا رجوع طلاق کے لیے عدالتوں کی طرف پہلے سے زیادہ ہے فیملی کورٹس میں لاکھوں مقدمات دائر ہو رہے ہیں اور ان میں سے اکثر کے یکطرفہ فیصلے ہوتے ہیں جس سے معاشرہ دو حصوں میں تقسیم ہو چکا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ موجودہ ملکی قوانین اور اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات کا تفصیلا جائزہ لیا جائے اور جو قوانین یا سفارشات اسلامی تعلیمات کے منافی ہیں اور جو اسلامی تعلیمات کے مطابق ہیں ان کی تفریق

---

[1] 22جولائی 1961، نوائے وقت، ملتان

[2] 4مارچ 1961، نوائے وقت، ملتان

[3] محمد شفیع، مفتی، جواہر الفقہ، مکتبہ دار العلوم، کراچی، 2010 جلد 2، ص 14-20،

کی جائے۔ دیندار طبقہ اور ماڈرن طبقات کے نظریات کے تجزیاتی مطالعہ کیا جائے اور یہ دیکھا جائے کہ اسلام کی بنیادی اصول ہو اور اسلام کی بنیادی تعلیمات کو مد نظر رکھتے ہوئے کس طرح جدید ضرورتوں اور تقاضوں کو پورا کیا جاسکتا ہے اور اس سے ہم اہنگی پیدا کی جاسکتی ہے۔ ہمارے مروجہ عائلی قوانین اور فیملی لاز اس وقت جن خطرات سے دوچار ہیں وہ کسی سے ڈھکے چھپے نہیں کیونکہ اسلام کا عائلی نظام جن برکتوں اور رحمتوں کا حامل ہے دشمنان اسلام کو ایک آنکھ نہیں بھاتا اس لیے وہ اس کو ختم کرنے کے درپے ہیں۔ بین الاقوامی طور پر دباؤ مسلسل طور پر مسلم ممالک پر بڑھ رہا ہے کہ وہ مسلم فیملی لاز کو ختم کریں اور اپنے ممالک کے قوانین اور خاص طور پر پرسنل لاء یعنی نکاح و طلاق اور وراثت سے متعلقہ قوانین کو بھی بین الاقوامی معیار کے مطابق بنانے کے لیے قران وسنت کے بیان کردہ ضابطوں میں تبدیلی کریں اور انہیں ان کے نام نہاد عالمی معیار کی مطابق بنائیں۔

# باب دوم

# اسلام آباد میں فیملی کورٹ کے فیصلوں کا اسلامی تعلیمات کی روشنی میں جائزہ (تجزیاتی مطالعہ)

فصل اول: فیملی کورٹ 2022 کے فیصلوں کا جائزہ

فصل دوم: فیملی کورٹ 2023 کے فیصلوں کا جائزہ

فصل سوم: فیملی کورٹ 2024 کے فیصلوں جائزہ

# فصل اول

## فیملی کورٹ 2022 کے فیصلوں کا جائزہ

### ابتدائیہ

ایک وقت تھا کہ مسلمان اپنے طرز معاشرت اور نظام خاندان پر فخر کیا کرتے تھے مگر آج عمومی صورتحال اغیار سے بھی بدتر ہو گئی ہے۔ جہیز ہراسانی اور انسداد گھریلو تشدد قوانین کے نافذ ہونے کے باوجود بحیثیت قوم ہماری روش نہیں بدلی بلکہ طلاق اور جہیز ہراسانی کی شکایات میں زبردست اضافہ ہو گیا ہے۔ آج فیملی کورٹس میں جدھر نظر دوڑائیں ادھر خواتین نظر آتی ہیں۔ عمومی طور پر میاں بیوی کے درمیان ازدواجی تعلقات برقرار نہ رہنے کی وجہ دونوں کے افکار اور نظریہ حیات میں ٹکراؤ ہوتا ہے جس کے باعث سال بھر کے اندر علیحدگی کی نوبت آرہی ہے۔ خلع و طلاق کے واقعات میں اضافہ کا ایک سبب طرز معاشرت میں تبدیلی بھی ہے۔ پاکستانی معاشرے میں عمومی طور پر جب کسی جوڑے میں نااتفاقی پیدا ہوتی ہے تو وہ دھڑلے سے عدالت کا دروازہ نہیں کھٹکھٹاتے بلکہ انہیں اپنا تنازعہ پہلے خاندان میں پیش کرنا ہوتا ہے، جہاں پنچائیت کے ذریعہ معاملہ کو رفع دفع کرنے کی کوشش کی جاتی ہے مگر پاکستانی معاشرہ میں یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ فریقین بزرگوں کی بات نہیں مانتے، جبکہ قران میں ہمیں یہ ہدایت دی گئی ہے کہ جب شوہر اور بیوی میں کسی مسئلہ پر اختلاف ہو جائے تو افہام و تفہیم کے ذریعہ معاملہ کو حل کیا جائے اور دونوں کی طرف سے ایک ایک حکم مقرر کیا جائے اور اگر فریقین میں بات نہ بن پائے تو پھر قاضی / عدالت کا دروازہ کھٹکھٹایا جاتا ہے۔

خلع و طلاق کی دیگر وجوہات کے ساتھ سوشل میڈیا کا بے دریغ استعمال، اس کے معاشرے پر اثرات اور والدین کا حد سے زیادہ اپنی اولاد کی طرف داری کرنا بھی شامل ہے۔ اکثر اوقات دیکھا گیا ہے کہ میاں بیوی ایک ساتھ رہنا بھی چاہیں تو دونوں کے والدین یا عزیز و اقارب اس میں رکاوٹ بنتے ہیں، حد تو یہ ہو گئی ہے کہ اکثر دیکھا گیا ہے کہ بیٹی کا گھر اجاڑنے میں موجودہ دور میں سب سے زیادہ ہاتھ اس کی والدہ کا نظر آتا ہے جو ہر بات پر بیٹی کو اپنی دانست میں بہترین مشورے دے رہی ہوتی ہیں لیکن وہی مسلسل مشورے بیٹی کا گھر برباد کرنے کی وجہ بنتے جا رہے ہیں۔ اس لیے والدین خاص طور پر ماؤں کی ذمہ داری بنتی ہے کہ بیٹی اور بہو کو اپنے مسائل خود حل کرنے کی تربیت ضرور دیں، لیکن مشورے دینے سے گریز کریں۔

زیر نظر باب دوم کی تینوں فصلوں میں اسلام آباد کی فیملی کورٹ میں 2022 تا 2024 تک کے فیصلوں میں خلع و تنسیخ نکاح سے متعلقہ مقدمات کا ایک شرعی جائزہ پیش کیا جائے گا۔

عائلی مقدمات میں زیادتی کی وجوہات میں بے روزگاری یا دیگر وجوہات کی بنا پر نان ونفقہ کی عدم فراہمی، تشدد، خاندان کی مداخلت، جذباتی فیصلہ جات، ذہنی ہم آہنگی کا فقدان، صبر و تحمل سے عاری معاشرہ، تعلیم کی کمی اور دین سے دوری سمیت پیچیدہ عدالتی نظام، وکلا اور منشیوں کا باہمی گٹھ جوڑ، اور دیگر عوامل کی بنا پر مقدمات دائر کیے جاتے ہیں۔ خلع و تنسیخ نکاح میں شاذ و نادر ہی کوئی ایسا مقدمہ ہوتا ہے جس میں تنسیخ نہیں ہوتی، بلکہ مصالحت کی تمام کوششیں اکثر ناکام ہی ثابت ہوتی ہیں۔ جہیز کی واپسی اور نان و نفقہ میں بہت سے مقدمات ایسے ہوتے ہیں جو ایک لمبے اور تھکا دینے والے عدالتی نظام سے گزر کر جب فیصلہ ہوتے ہیں تو اس پر عمل درآمد کروانے کے لیے بھی مقدمات اجراء کی عدالتوں میں پیش کیے جاتے ہیں تب جا کر پایہ تکمیل تک پہنچتے ہیں۔ گارڈین مقدمات میں بچوں کی براہ راست شمولیت کے باعث مصالحت کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں لیکن اس کے باوجود فریقین کو عدالتی نظام اور معاشرتی خامیوں کے باعث جن مراحل سے گزرنا پڑتا ہے وہ بہت تکلیف دہ ہوتے ہیں۔

ضلع اسلام آباد میں خلع و تنسیخ نکاح کے بڑھتے ہوئے مقدمات کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ سال 2022 تا 2024 میں ضلع اسلام آباد کی فیملی عدالتوں میں دائر شدہ خلع وطلاق کے مقدمات سے متعلق ایک سروے میں کچھ وکلا حضرات کے مطابق اسلام آباد میں تقریبا ایک سال میں 8 ہزار فیملی کیسز رجسٹرڈ ہوتے ہیں جن میں اکثر طلاق و خلع کے کیسز ہوتے ہیں۔ ان میں جدید مقدمات کی تعداد ایسٹ اور ویسٹ اسلام آباد دونوں کی مجموعی تعداد سال 2022ء میں 2567 ہے،[1] ان میں صرف ایسٹ اسلام آباد ریکارڈروم کے مطابق 2022 میں 1635 کیسز ہے،[2] ان مجموعی مقدمات میں سے 688 مقدمات Contested تھے، یعنی یہ ایسے مقدمات تھے جس میں دونوں فریقین نے باقاعدہ اپنے اپنے موقف کا دفاع کیا اور فیصلہ ہونے تک حاضر عدالت رہے جبکہ 1538 مقدمات Uncontested تھے یعنی ایسے مقدمات تھے جن میں فیصلہ کسی ایک فریق کے حق میں "یکطرفہ" ہوا۔ لہٰذا سال 2022 میں خلع کے مقدمات اسلام آباد کی فیملی کورٹ سے صادر کئے گئے، Uncontested جس کی شرح 69 فیصد بنتی ہے۔

[1] Office of the Ahlamind, Asad Khan Family Court, Islamabad
[2] Office of the Superintendent Imran Sahib Family Court Islamabad and record room

مقدمات کی تعداد کا اندازہ درج ذیل چارٹ سے لگایا جا سکتا ہے۔



سال 2022ء سے جن مقدمات کو تحقیق کی غرض سے منتخب کیا گیا ہے ان میں ایمن اسلام وغیرہ بنام اختر علی، دعویٰ تنسیخ نکاح ونان ونفقہ وغیرہ، شمائلہ اقبال بنام خالد سعید پاشا، دعویٰ تنسیخ نکاح وسامان جہیز اور مسماۃ ہماء ہارون بنام نوید خان، دعویٰ تنسیخ نکاح و تشدد وغیرہ شامل ہیں، جن میں سے ایمن اسلام وغیرہ بنام اختر علی کے مقدمہ اور عدالتی فیصلہ کا شریعت اسلامی کی روشنی میں تفصیلی جائزہ پیش کیا جارہا ہے؛

## عنوان مقدمہ

**عنوان:** ایمن اسلام وغیرہ بنام اختر علی (دعویٰ تنسیخ نکاح ونان ونفقہ وغیرہ)

مرجوعہ: 19-09-2022

فیصلہ: 02-03-2024

## تفصیل مقدمہ

مورخہ 29-09-2022 کو دعویٰ میں مدعیہ ایمن اسلام کی جانب سے درجہ ذیل اہم نکات تحریر کیے گئے: یہ کہ مدعیہ کا نکاح وشادی 02-04-2018 کو بطریق شرح محمدی عمل میں آئی۔ مدعیہ کے بطن اور مدعاعلیہ کے نطفہ سے ایک نابالغہ لڑکی بعمر تقریبا 1 سال تولد شدہ ہیں جو بقید حیات ہیں اور مدعیہ نمبر 1 کے زیر پرورش ہیں۔ نابالغ کی پیدائش کے قریب مدعاعلیہ نے مدعیہ کے اس کے والدین کے گھر بھیج دیا لہٰذا نابالغ کی ڈیلیوری کا کل خرچہ تقریباً 60ہزار روپے مدعیہ کے والد نے اپنی جیب سے ادا کیا جو ادا کیا جانا ضروری ہے۔ مدعاعلیہ نے نکاح نامہ میں مدعیہ کو حق المہر میں ڈھائی تولہ سونا طلائی زیورات کی صورت میں تحریر کر کے دیا تھا جو شادی کے فوراً بعد مدعاعلیہ نے چھین کر اپنے قبضے میں لے لیا اور تاحال اس کے قبضے میں ہے۔ مدعاعلیہ کا سلوک شروع دن ہی سے مدعیہ کے ساتھ ظلمانہ رہا ہے۔ بات بات پر مار پیٹ کرنا، طعنہ دینا، بدصورت اور منحوس کہنا مدعاعلیہ کا معمول تھا۔ دوران زوجیت مدعاعلیہ نے مدعیان کو خرچہ نان ونفقہ سے بہت تنگ رکھا، تمام اخراجات مدعیہ کا والد برداشت کرتا رہا۔ مدعاعلیہ نے دوران زوجیت مدعیہ کو اس کے سامان جہیز کے استعمال سے بھی باز وممنوع رکھا، کیونکہ مدعیہ کے والد نے تقریباً ایک لاکھ 88795 روپے مالیت کا سامان جہیز تحفتاً مدعیہ کو دیا تھا۔ مدعاعلیہ نے کئی دفعہ مدعیہ کو جان سے مارنے کی بھی کوشش کی لیکن اہل خانہ کی مداخلت سے جان بخشی ہوئی۔ آخر کار مدعاعلیہ اور اس کے گھر والوں نے مدعیہ کو باندھ کر گھر میں قید کر دیا اور کسی سے ملنے کی اجازت نہ تھی۔ آخر کار مدعیہ کے والد نے سینئر سول جج صنم بخاری، اسلام آباد فیملی کورٹ کی عدالت معزز میں بذریعہ رٹ پٹیشن، A451ض ف کے ذریعے عدالت کے ذریعے حاصل کیا اور یہ کہ مدعاعلیہ مدعیان کا خرچہ آسانی سے ادا کر سکتا ہے لہٰذا عدالت ہذا سے درخواست ہے کہ مدعاعلیہ سے مدعیہ کو طلاق کے ساتھ نان ونفقہ اور سامان جہیز واپس دلا یا جائے۔[1]

[1] ایمن اسلام وغیرہ بنام اختر علی، دعویٰ تنسیخ نکاح ودلاپانے نان ونفقہ وغیرہ، بعدالت جناب صنم بخاری، سینئر سول جج فیملی کورٹ، اسلام آباد، تاریخ فیصلہ 02-03-2024 ص 3 تا 7

مورخہ 2023-04-02 کو مدعاعلیہ آختر علی کی جانب سے درج ذیل اہم نکات تحریر کیے گئے: یہ کہ مدعیہ کو کوئی بنائے دعویٰ حاصل نہ ہے، دعویٰ قابل اخراج ہے۔ یہ کہ مدعاعلیہ نے مدعیہ کو آباد کرنے کی ہر ممکن کوشش کی لیکن مدعیہ کے والدین نے اسے آباد نہ ہونے دیا اور مدعیہ نے یہ دعویٰ بھی اپنے والد کے کہنے پر دائر کیا ہے۔ مدعیہ کے والد نے مورخہ 2022-02-03 کو فیملی کورٹ میں A-491 کی درخواست دائر کی جس میں مدعیہ نے جج صاحبہ کے روبرو پیش ہو کر مدعاعلیہ کے ساتھ رہنے اور جانے کا بیان دیا اور اپنے والدین کے ساتھ جانے سے انکار کر دیا۔ جس پر مذکورہ درخواست خارج کر دی گئی۔ بعد ازاں 2022-05-16 کو مدعیہ کے والد نے دوبارہ A491 کی درخواست دائر کر دی جس پر مدعیہ دوبارہ جج صاحبہ کے روبرو پیش ہوئی اور اپنے والدین کے ورغلانے پر اپنے والدین کے ساتھ چلی گئی۔ لہذا مدعیہ اپنی مرضی سے بغیر کسی قانونی و شرعی جواز کے مدعاعلیہ کے گھر سے بے آباد ہوئی ہے، لہذا کسی نان ونفقہ کی حقدار نہ ہے۔ یہ کہ دائری دعویٰ سے قبل آج تک باقاعدگی سے خرچہ نان ونفقہ کا ادا کرتا رہا ہے۔ مدعیان نمبر 2 کی پیدائش مدعاعلیہ کے گھر میں ہوئی تھی جس کے تمام اخراجات مدعاعلیہ نے خود ادا کیے تھے۔[1]

مورخہ 2022-09-19 کو مدعیہ نے بذات خود بحیثیت PW-1 بطور P1- Ex اور بیان حلفی پر شہادت پیش کی اور اپنے دائر شدہ دعویٰ کے مندرجات کی توثیق کی۔[2]

مورخہ 2022-11-29 بروز سوموار کو کونسل مدعیہ نے معزز عدالت کے روبرو اپنی مؤکلہ کے مؤقف کو پیش کرتے ہوئے بحث آخیر یکطرفہ میں حصہ لیا اور دعویٰ، جواب دعویٰ، شہادت مدعیہ پر تفصیلی بحث میں حصہ لیا، جس سے فاضل عدالت کو فیصلہ کرنے میں مدد حاصل ہوئی اور فاضل عدالت نے دو عدد مزید تاریخوں گزارنے کے بعد موقع دیا آخر کار یکطرفہ فیصلہ صادر فرمادیا وضع تنقیحات درج ذیل۔[3]

## عدالت کی جانب سے بنائی گئی تنقیحات (Framing Of Issues)

### تنقیح نمبر 1

عمومی طور پر وضع تنقیحات کے بعد اس کے جوابات بھی ترتیب سے ہی دیے جاتے ہیں لیکن بعض اوقات کسی ایک ایشو کی اہمیت کے پیش نظر عدالت اسے پہلے بیان کر دیتی ہے۔ لہذا زیر نظر مقدمہ میں بھی عدالت نے تنقیح نمبر 4 کو سب سے پہلے تحریر کیا جس میں مدعیہ نے عدالت کے سامنے بیان دیا کہ مدعیہ مدعاعلیہ کے ساتھ رہنے کے بجائے موت کو گلے لگانا زیادہ بہتر سمجھتی ہے، لہذا عدالت کے پاس تنسیخ کو منظور کرنے کے علاوہ اور کوئی راستہ موجود نہیں، لہذا عدالت تحریر کرتی ہے کہ:

---

[1] ایمن اسلام وغیرہ بنام آختر علی، تاریخ فیصلہ 2024-03-02، ص 7 تا 13

[2] ایضاً، ص 16 تا 19

[3] یضاً، ص 24

Mst.Ayman Islam while appearing before the " court reiterated the averments of the plaint and deposet that She prefers death rather to live with the defendant[1]

## تنقیح نمبر2

تنقیحات نمبر1 تا4 میں حق مہر،ڈلیوری اخراجات اور سامان جہیز کا ذکر ہے جس کا بار شہادت مدعیہ پر تھا۔اسی ایشو میں معزز عدالت نے تنسیخ منظور کرلی جس کی وجہ سے مدعیہ نان ونفقہ کے حق دار نہ ٹھہری جبکہ نابالغ مدعی کی حد تک ماہانہ تین ہزار روپے خرچہ ان کی بلوغت تک سالانہ 10 فیصد اضافے کے ساتھ منظور کرلیا۔

As per statement of the plaintiff suit of the Plaintiff " No.1 for dissolution of the marriage is decreed.So far, as claim of the Minors aur entitled maintenance allowance from defendant @3000/- per month with 10% annual increment till their marriage is "also decreed[2]

## تنقیح نمبر3

تنقیح نمبر2 کا بار شہادت مدعیہ پر تھا۔مدعیہ کا دعویٰ ہے کہ نابالغ مدعیہ کے والدین کے گھر میں پیدا ہوئے جس کا کل خرچہ 60000روپے اس کے والدین نے برداشت کیا جو کہ دلائے جائے۔لیکن اس کے ساتھ ساتھ مدعیہ نے اپنی شہادت میں یہ بھی تسلیم کیا کہ اس کے پاس اس بات کو ثابت کرنے کیلئے کوئی ڈاکٹری نسخہ جات موجود نہیں ہیں۔

Plaintiff deposed that minors No.2were born in the house " her parents, and they born all delivery charges but she also admitted that she did not have any prescription in this regard, "hence this is decided in the favour of defendant[3]

---

1 ایضاً،ص14

2 ایضاً،ص14

3 ایضاً،ص14

لہذا اپنے موقف کی تائید میں ٹھوس ثبوت پیش نہ کرنے کی صورت میں عدالت نے مدعیہ کا یہ ایشو اس کے خلاف ڈگری کرتے ہوئے ڈلیوری کے اخراجات ختم کر دیئے۔

## تنقیح نمبر4

تنقیح نمبر 3 کا بار شہادت مدعیہ پر تھا۔ مدعیہ کا دعویٰ کہ اس کے والد نے 188795 روپے مالیت کا سامان جہیز اسے دیا جو کہ مدعا علیہ کی ملکیت میں ہے اسے واپس دلایا جائے جبکہ مدعا علیہ نے اپنے جواب دعویٰ میں اس بات کی تردید کی۔

> Perusal of the record shows that she has been given " dowry articles of amounting RS.188795/- by her parents, but she did not produce any evidence to strengthen her stance, so, plaintiff is not entitled to receive the ornaments. Hence this issue partially ".decided in in the favour of plaintiff[1]

عدالت اس نتیجے پر پہنچی ہیں کہ اتنا عرصہ گزر جانے کے بعد چیزیں اپنی اصل مالیت کھو دیتی ہیں لہٰذا مدعا علیہ کہ یہ حق ختم کیا جاتا ہے۔ جہاں تک سونے کی بات ہے تو یہ عمومی طور پر خواتین کے زیر تصرف ہوتے ہیں اور مدعیہ اس بات کو بھی ثابت کرنے میں ناکام رہی ہے کہ مدعا علیہ نے اس سے زیورات چھین لیے تھے، لہٰذا تنقیح نمبر 3 کا یہ حصہ مدعیہ کے لیے خارج کیا جاتا ہے۔

## تنقیحات نمبر5

تنقیحات نمبر 5 کا بار شہادت بھی مدعیہ پر تھا جس کے تحت یہ ثابت ہوا کہ مدعیہ کیونکہ بذات خود تنسیخ لینا چاہتی ہے لہٰذا تنسیخ کو منظور کی جاتی ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ مدعیہ کو حکم دیا جاتا ہے کہ وہ اپنا 50 فیصد حق المہر واپس مدعا علیہ کو کرے گی۔

> Plaintiff No.2 herself obtained the dissolution from " defendant, so therefore, she is duty bound to return the 50% "dower to defendant[2]

---

1 ایضاً، ص12، 11

2 ایضاً، ص12، 11

## اسلامی تعلیمات کی روشنی میں فیصلہ (Judgment) کا جائزہ

خلع اور تنسیخِ نکاح اسلامی خاندانی قوانین میں نہایت اہم اور باریک موضوعات ہیں جن کا براہِ راست تعلق میاں بیوی کے تعلقات اور ازدواجی زندگی کے خاتمے سے ہے۔ زیرِ نظر مقدمہ اسلام آباد فیملی کورٹ کا ہے جس میں بیوی (مدعیہ) نے عدالت کے سامنے یہ موقف اختیار کیا کہ وہ اپنے شوہر کے ساتھ مزید زندگی گزارنے کی سکت نہیں رکھتی بلکہ اس کے نزدیک مر جانا زیادہ بہتر ہے۔ عدالت نے اس درخواست کو قبول کرتے ہوئے نکاح کو ختم کر دیا اور ساتھ ہی یہ شرط عائد کی کہ چونکہ عورت نے خود تنسیخ نکاح حاصل کی ہے، اس لیے وہ اپنے مہر کا پچاس فیصد حصہ شوہر کو واپس کرے گی۔ یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ اس فیصلے کا قرآن و سنت اور فقہی آراء کی روشنی میں جائزہ لیا جائے تاکہ دیکھا جا سکے کہ آیا یہ فیصلہ اسلامی اصولوں کے مطابق ہے یا اس میں شریعت سے انحراف موجود ہے۔

### قرآن مجید میں خلع کا تصور

قرآن مجید نے بیان کیا ہے۔

"فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيمَا افْتَدَتْ بِهِ"[1]

پس اگر تمہیں اندیشہ ہو کہ وہ دونوں اللہ کی حدود قائم نہ رکھ سکیں گے تو عورت کے لیے کوئی گناہ نہیں کہ وہ کچھ مال دے کر آزادی حاصل کرے۔"

اس آیتِ کریمہ میں خلع کا بنیادی اصول واضح کیا گیا ہے کہ اگر شوہر اور بیوی کے درمیان موافقت ممکن نہ ہو اور ازدواجی زندگی برقرار رکھنا دشوار ہو جائے تو عورت اپنی آزادی حاصل کرنے کے لیے کچھ مال دے سکتی ہے۔ مگر یہاں نہ تو کسی خاص مال کی مقدار مقرر کی گئی ہے اور نہ ہی کسی فیصد یا تناسب کا ذکر ہے۔ اس سے یہ اصول اخذ ہوتا ہے کہ خلع میں مہر کی واپسی یا کسی اور مال کی ادائیگی حالات، باہمی رضامندی اور عدالت کے انصاف پر منحصر ہے۔

اس آیت کی روشنی میں اسلام آباد فیملی کورٹ کے فیصلے کا تجزیہ کیا جائے تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ عدالت نے عورت کو آزادی دے کر درست اقدام کیا، یعنی تنسیخ نکاح کی بنیاد فی الجملہ موجود ہے۔ لیکن مہر کے 50٪ حصے کی واپسی کو لازمی قرار دینا قرآن کے عمومی اصول سے متصادم ہے کیونکہ قرآن نے کوئی مقررہ شرح بیان نہیں کی۔

### حدیث نبوی ﷺ میں خلع کا تصور

احادیث میں بھی خلع کا ذکر متعدد مقامات پر آیا ہے۔ ان میں سب سے زیادہ معروف حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ اور ان کی اہلیہ کا واقعہ ہے۔ بیوی نے رسول اللہ ﷺ کے سامنے عرض کیا:

" مجھے اپنے شوہر کے دین و اخلاق پر کوئی اعتراض نہیں، لیکن ان کے ساتھ رہنے کو پسند نہیں کرتی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم ان کا

---

[1] البقرہ 229

باغ واپس کر دو گی جو انہوں نے مہر میں دیا تھا؟ انہوں نے کہا: جی ہاں۔ نبی ﷺ نے حضرت ثابت کو فرمایا: اپنا باغ واپس لے لو اور اپنی بیوی کو علیحدگی دے دو۔[1]"

یہ واقعہ اس بات کی وضاحت کرتا ہے کہ خلع میں مہر واپس کرنا جائز ہے، لیکن یہ معاملہ حالات کے مطابق ہوتا ہے اور اس میں کوئی مخصوص فیصد یا لازمی شرح مقرر نہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے عورت پر یہ لازم نہیں کیا کہ وہ آدھا مہر یا اس کا کچھ خاص حصہ واپس کرے، بلکہ یہ اصل مہر (باغ) کی واپسی پر مبنی تھا، جو اس وقت ان دونوں کے درمیان طے ہوا تھا۔ یہاں سے یہ بات بھی ثابت ہوتی ہے کہ اگر عورت اپنی مرضی سے علیحدگی چاہے تو مہر واپس کیا جا سکتا ہے، لیکن اگر شوہر ظلم یا زیادتی کرے تو عورت پر مہر واپس کرنا لازم نہیں۔

## فقہاء کی آراء

امام مالک رحمہ اللہ نے خلع میں مہر کی واپسی کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ اگر شوہر کے ناروا سلوک کی وجہ سے عورت خلع لے تو اسے مہر واپس کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ امام ابو حنیفہ، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل کے فقہی اصول بھی اس کو تسلیم کرتے ہیں،

سامنے آتی ہے کہ اسلام آباد فیملی کورٹ کے اس فیصلے میں چند پہلو اسلامی اصولوں کے مطابق تھے، جیسے نکاح کا خاتمہ، بچوں کے جہاں مہر کی واپسی کی شرط حالات اور رضامندی پر منحصر ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مہر کے نصف یا کسی خاص حصے کی واپسی کو لازمی قرار دینا شریعت کے منافی ہے۔

فیڈرل شریعت کورٹ نے 2022 میں ایک اہم فیصلہ (PLD 2022 FSC 25) میں واضح کیا کہ خلع کے وقت مہر کا کوئی حصہ (25٪ یا 50٪) لازمی طور پر واپس لینا غیر اسلامی ہے، کیونکہ قرآن و سنت میں ایسی کوئی پابندی موجود نہیں۔ اس عدالتی نظیر کے مطابق اسلام آباد فیملی کورٹ کا یہ فیصلہ، جس میں 50٪ مہر واپس کرنے کا حکم دیا گیا، اسلامی اصولوں کے منافی ہے۔[2]

اس تجزیے سے یہ بات نفقے کا تعین اور ناقابلِ ثبوت دعووں کو مسترد کرنا۔ لیکن مہر کے 50٪ کی واپسی کو لازم قرار دینا نہ قرآن و سنت سے ثابت ہے، نہ ہی فقہی آراء میں اس کی کوئی بنیاد موجود ہے۔

ہمیں قرآن و سنت اور فقہاء کی آراء کا مطالعہ کرتے ہوئے زیرِ نظر مقدمہ اور اس پر کیے گئے تحقیقی و تنقیدی جائزے سے یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ خلع اور تنسیخ نکاح اسلامی خاندانی قوانین میں نہایت نازک اور باریک موضوعات ہیں جنہیں بڑی احتیاط، دقتِ نظر اور قرآن و سنت کی روشنی میں سمجھنے اور نافذ کرنے کی ضرورت ہے۔ اسلام آباد فیملی کورٹ کے اس فیصلے میں جہاں بعض پہلو اسلامی تعلیمات کے عین مطابق نظر آتے ہیں، وہیں چند پہلو ایسے بھی ہیں جو شریعت کے مزاج اور فقہی اصولوں

---

[1] صحیح بخاری، کتاب الطلاق، حدیث 5273

[2] Shariat Petition 16-I of 2022

سے ہم آہنگ نہیں ہیں۔ ان دونوں پہلوؤں کا تجزیہ اس مقدمے کے نتائج کو زیادہ واضح کرتا ہے۔ سب سے پہلے یہ بات سامنے آتی ہے کہ عدالت نے عورت کی درخواست کو تسلیم کرتے ہوئے نکاح کو ختم کر دیا۔ عورت نے عدالت میں یہ بیان دیا کہ وہ اپنے شوہر کے ساتھ مزید زندگی گزارنے کی سکت نہیں رکھتی بلکہ اس کے نزدیک موت کو ترجیح دینا زیادہ بہتر ہے۔ یہ صورتِ حال **قرآنِ مجید** کی اس آیت سے مطابقت رکھتی ہے جس میں فرمایا گیا ہے:

**"فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيمَا افْتَدَتْ بِهِ"**[1]

اس آیتِ کریمہ سے یہ اصول اخذ ہوتا ہے کہ جب میاں بیوی کے درمیان نباہ ممکن نہ رہے اور خدشہ ہو کہ وہ اللہ کی حدود کو قائم نہیں رکھ سکیں گے تو عورت کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ خلع کے ذریعے اپنی آزادی حاصل کرے۔ عدالت نے اسی قرآنی اصول کے مطابق عورت کی عرض داشت کو تسلیم کیا اور نکاح کو ختم کر دیا، جو کہ ایک درست اقدام تھا۔ اسی طرح عدالت نے بچوں کے نفقے کی ذمہ داری شوہر پر عائد کی۔ یہ فیصلہ بھی قرآن وسنت کی روشنی میں بالکل درست ہے کیونکہ اسلامی قانون میں بچوں کے نفقے کی ذمہ داری ہمیشہ باپ پر ہی رہتی ہے۔ نبی اکرم ﷺ کی احادیث اور فقہی کتب میں اس بات پر صریح دلائل موجود ہیں کہ اولاد کی کفالت اور اخراجات باپ کی ذمہ داری ہیں، خواہ نکاح باقی رہے یا ختم ہو جائے۔ عدالت نے اسی اصول کے مطابق شوہر کو نفقے کا پابند بنایا اور اس پہلو میں اس کا فیصلہ عین شرعی اصولوں پر مبنی تھا۔ عدالت نے ان مالی دعوؤں کو بھی مسترد کر دیا جنہیں عورت ثابت نہ کر سکی۔ یہ فیصلہ اصولِ شہادت کے مطابق ہے کیونکہ اسلامی شریعت کا ایک مسلمہ اصول ہے: "البینۃ علی المدعی" یعنی دعویٰ کرنے والے پر دلیل اور ثبوت پیش کرنے کی ذمہ داری ہوتی ہے۔ جب مدعیہ اپنے دعوے کو شواہد سے ثابت کرنے میں ناکام رہی تو عدالت نے ان مطالبات کو مسترد کر کے ایک اصولی اور عادلانہ رویہ اپنایا۔ تاہم اس فیصلے کا سب سے متنازعہ اور قابلِ تنقید پہلو یہ ہے کہ عدالت نے عورت پر یہ لازم کیا کہ وہ اپنے مہر کا پچاس فیصد حصہ شوہر کو واپس کرے۔ اس شرط کا نہ قرآنِ مجید میں کوئی ذکر ہے، نہ ہی سنتِ نبوی ﷺ میں اس کی کوئی نظیر ملتی ہے۔ خلع کے معاملے میں قرآن نے صرف یہ اصول دیا ہے کہ عورت کچھ مال دے کر آزادی حاصل کر سکتی ہے، لیکن اس مال کی مقدار، شرح یا تناسب کے بارے میں کوئی صریح حکم موجود نہیں۔ نبی کریم ﷺ کے زمانے میں حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ اور ان کی اہلیہ کے واقعے سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ عورت نے مہر کے طور پر دیا گیا باغ واپس کرنے پر آمادگی ظاہر کی، اور آپ ﷺ نے اس پر خلع کو نافذ کر دیا۔ لیکن اس واقعے میں بھی نصف یا چوتھائی مہر کی شرط عائد نہیں کی گئی۔

فقہائے کرام کی آراء بھی اس پہلو کو مزید واضح کرتی ہیں۔ امام مالک رحمہ اللہ اور دیگر فقہاء اس بات کے قائل ہیں کہ اگر شوہر کے ظلم وزیادتی کی وجہ سے عورت خلع لے تو اس پر مہر واپس کرنا لازم نہیں۔ البتہ اگر عورت محض اپنی ذاتی ناپسندیدگی یا خواہش کی وجہ سے خلع لینا چاہے تو وہ مہر واپس کر سکتی ہے، لیکن اس کی مقدار حالات اور باہمی رضامندی پر منحصر ہوتی ہے۔ امام ابو حنیفہ، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل کے اصول بھی اسی بات کی تائید کرتے ہیں کہ مہر کی واپسی کو کسی مخصوص شرح پر لازم قرار دینا درست نہیں ہے۔

---

[1] البقرہ 229

اس ضمن میں فیڈرل شریعت کورٹ کا حالیہ فیصلہ (PLD 2022 FSC 25) نہایت اہم ہے۔ اس فیصلے میں واضح طور پر کہا گیا کہ خلع میں کسی خاص فیصد (25٪ یا 50٪) کو لازمی قرار دینا غیر اسلامی ہے کیونکہ قرآن و سنت میں ایسی کوئی پابندی موجود نہیں۔ اس عدالتی نظیر کی روشنی میں اسلام آباد فیملی کورٹ کا یہ فیصلہ کہ عورت لازماً نصف مہر واپس کرے، نہ صرف قرآن و سنت کے اصولوں سے متصادم ہے بلکہ پاکستان کے عدالتی نظام میں موجود بالائی عدالتوں کے فیصلوں کے بھی خلاف ہے۔

یہاں یہ حقیقت بھی ملحوظ رہنی چاہیے کہ اسلام میں خلع کا اصل مقصد عورت کو مشکلات اور اذیت سے نجات دلانا ہے۔ شریعت نے اس عورت کے لیے ایک ریلیف اور سہولت کے طور پر رکھا ہے تاکہ وہ ناپسندیدہ زندگی سے آزادی حاصل کر سکے۔ لیکن اگر عدالتیں خلع کے ساتھ لازمی طور پر مالی بوجھ منسلک کر دیں تو یہ شریعت کے اس مقصد کے خلاف ہوگا جو "رفع الحرج" یعنی تنگی اور اذیت کو دور کرنا ہے۔ اسلام آباد فیملی کورٹ کے فیصلے نے اس سہولت کو ایک بوجھ میں بدل دیا، جو اسلامی روح کے منافی ہے۔

اس مقدمے سے ایک اور اہم نکتہ یہ بھی سامنے آتا ہے کہ پاکستان کے عدالتی نظام میں فیملی کورٹس کے فیصلے بعض اوقات فیڈرل شریعت کورٹ کی نظیروں سے ہم آہنگ نہیں ہوتے۔ اس سے عدالتی نظام میں تضاد اور غیر یقینی پیدا ہوتی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ فیملی کورٹس کو ایسے واضح رہنما اصول فراہم کیے جائیں جن کی بنیاد قرآن و سنت اور مستند عدالتی نظائر پر ہو، تاکہ ان کے فیصلے شرعی اصولوں اور آئینی تقاضوں دونوں کے مطابق ہوں۔ مجموعی طور پر اس مقدمے کا نتیجہ یہ ہے کہ عدالت نے بعض پہلوؤں میں قرآن و سنت کی صحیح ترجمانی کی، مثلاً نکاح کے خاتمے کا فیصلہ، بچوں کے نفقے کا تعین اور غیر ثابت شدہ دعوؤں کی تردید۔ لیکن مہر کے نصف حصے کی واپسی کو لازمی قرار دینا نہ قرآن سے ثابت ہے، نہ سنت سے اور نہ ہی فقہی اصولوں سے۔ بلکہ یہ فیصلہ فیڈرل شریعت کورٹ کی صریح ہدایات کے بھی خلاف ہے۔ اس لیے یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس مقدمے میں عدالت کا فیصلہ جزوی طور پر شریعت کے مطابق اور جزوی طور پر اس سے انحراف پر مبنی تھا۔ آخر میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ خلع کو اسلام نے عورت کے لیے سہولت اور تحفظ کا ذریعہ بنایا ہے، لیکن پاکستان کے عدالتی نظام میں بعض اوقات اس سہولت کو مالی بوجھ میں بدل دیا جاتا ہے۔ اگر عدالتیں قرآن و سنت کے اصل مزاج کو سامنے رکھیں اور خلع میں ایسی غیر شرعی شرائط عائد نہ کریں تو یہ نہ صرف اسلامی اصولوں کے مطابق ہوگا بلکہ عورتوں کے حقوق کے تحفظ کی بھی ضمانت فراہم کرے گا۔ یہی وہ راستہ ہے جو اسلامی خاندانی قوانین کے حقیقی مقاصد کو پورا کرتا ہے اور ازدواجی زندگی میں عدل و انصاف کو یقینی بناتا ہے۔

مقدمہ کی ابتداء سے فیصلہ تک تمام بحث سے یہ پتہ چلتا ہے کہ فریقین کے درمیان کئی سال مقدمہ بازی ہوتی رہی مگر عدالت کے آخری فیصلہ کے مندرجات سے پتہ چلتا ہے کہ عدالت نے دعویٰ اور جواب دعویٰ کے مندرجات کے مطابق فیصلہ تو صادر کر دیا، مگر یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا اس عدالتی خلع کے فیصلہ سے معاشرہ میں کوئی بہتری آ سکتی ہے؟ کیا فریقین کی مشترکہ اولاد کا اس فیصلہ سے مستقبل محفوظ ہو گیا ہے؟ کیا مستقبل میں نابالغان کو ماں اور باپ دونوں کا پیار میسر آئے گا یا دونوں فریقین مستقبل میں بھی سامان جہیز، حق مہر اور نان و نفقہ کے سلسلہ میں مقدمہ بازی ہی کا شکار رہیں گے؟

## فصل دوم

# فیملی کورٹ 2023 کے فیصلوں کا جائزہ

## ابتدائیہ

کسی بھی معاشرے کی شناخت اور اس کے صحت مند رویوں کی اساس عورت اور مرد کے رشتوں اور ان کے نتائج پر منحصر ہے کیونکہ یہی رشتے خاندان اور معاشرہ کو ترتیب دینے کا موجب بنتے ہیں۔ لہٰذا ضروری ہے کہ زوجیت اختیار کرنے سے پہلے زوجین ایک دوسرے کے انتخاب کے لئے نظریاتی، معاشرتی اور مذہبی طور پر متحد ہوں۔ میاں بیوی کا رشتہ ایک مقدس رشتہ ہے جبکہ موجودہ معاشرے میں عدم استحکام اور عدم برداشت کی وجہ سے یہ رشتہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوتا دکھائی دیتا ہے جس کی وجہ سے بہت سے خاندانی مسائل جنم لے رہے ہیں۔ فیملی مقدمات کے بڑھنے کی وجوہات میں سے ایک اہم وجہ مشترکہ خاندانی نظام بھی ہے کہ جو افراد خانہ ماں باپ، بیٹا اور بہن کے روپ میں ہوتے ہیں وہ آسودہ اور برداشت کے ساتھ زندگی بسر کر رہے ہوتے ہیں۔ بہو کے آنے کے بعد خاندان اسے بطور نئے رکن گھل مل جانے کا موقع ٹھیک سے فراہم نہیں کر پاتا جس سے جھگڑے جنم لیتے ہیں اور خاندانی نظام ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو کر عدالتوں کا رخ کرتا ہے، اسی کا دوسرا پہلو یہ بھی ہے کہ آنے والی بہو پہلے ہی سے ذہن سازی کر چکی ہوتی ہے کہ مجھے مشترکہ خاندان کی پابندیوں کو برداشت نہیں کرنا اور جلد از جلد علیحدہ گھر میں منتقل ہونا ہے جہاں اسے ساس سسر اور دیگر رشتوں کے زیر سایہ رہنے کے بجائے اپنا من چاہا ماحول میسر آسکے۔ اس فصل میں اسلام آباد میں سال 2023 میں خلع و تنسیخ نکاح سے متعلقہ مقدمات کا شریعت اسلامی کی روشنی میں جائزہ پیش کیا جائے گا۔

اسلام آباد میں خلع و تنسیخ نکاح کے مقدمات کا بوجھ بہت زیادہ ہو چکا ہے، عدالتی پروسیجر میں بہت سی پیچیدگیاں ہیں، جن کی وجہ سے انصاف کا حصول مشکل ہے، عوام پریشان حال مارے مارے پھرتے ہیں۔ زائد بوجھ اور لاتعداد مسائل سے عدالتوں کے استعداد کار پر منفی اثر پڑ رہا ہے، عوام کا وکیلوں کو بھاری فیسیں، منشیوں اور عدالتی اہلکاروں کو رشوت دینے میں بے شمار پیسہ ضائع ہوتا ہے، قیمتی وقت مسلسل پیشیوں اور عدالت کے چکروں میں ضائع ہو جاتا ہے۔ اس صورتحال سے نہ صرف عوام بلکہ عدالتی عملہ بھی متاثر ہو رہا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ دیگر مقدمات، خصوصاً نان ونفقہ کے کیسز میں، اسلامی عدالتی طریقہ کار کو واضح اور مؤثر انداز میں متعارف کرایا جائے۔ تاکہ ججز، وکلاء، اسکالرز اور دیگر متعلقہ افراد اس سے آگاہ ہو سکیں اور اسلامی نظام کے عملی نفاذ کی راہ ہموار ہو۔ اور اسلامی عائلی قوانین پر ان کی اصل روح کے مطابق عمل درآمد نہ صرف مسائل کے حل کا ذریعہ بنے گا بلکہ یہ انسانوں کے دکھوں کا مداوا اور موجودہ وقت کی اہم ضرورت بھی ہے۔

اسلام آباد میں سال 2023ء میں خلع و تنسیخ نکاح کے مقدمات ایسٹ اور ویسٹ اسلام آباد دونوں کی مجموعی تعداد 2802 ہے، ان میں صرف ایسٹ اسلام آباد ریکارڈ روم کے مطابق 2023 میں 1937 کیسز ہے، ان مجموعی مقدمات میں سے 558 مقدمات Contested تھے، یعنی یہ ایسے مقدمات تھے جس میں دونوں فریقین نے باقاعدہ اپنے اپنے موقف کا دفاع کیا

اور فیصلہ ہونے تک حاضر عدالت رہے جبکہ 1380 مقدمات Uncontested تھے یعنی ایسے مقدمات تھے جن میں فیصلہ کسی ایک فریق کے حق میں "یکطرفہ" ہوا۔ لہٰذا سال 2023 میں خلع کے مقدمات اسلام آباد کی فیملی کورٹ سے صادر کئے گئے، Uncontested جس کی شرح 67 فیصد بنتی ہے۔

مقدمات کی تعداد کا اندازہ درج ذیل چارٹ سے لگایا جاسکتا ہے۔




سال 2023ء سے جن مقدمات کو تحقیق کی غرض سے منتخب کیا گیا ان میں شمشاد بیگم بنام شاہد خان آفریدی بتاریخ 11-12-2023، دعویٰ تنسیخ نکاح ونان ونفقہ وغیرہ، سردار بابر خان بنام عرفان نسیم 15-12-2023، دعویٰ تنسیخ نکاح وسامان جہیز، خالد شبیر راجہ بنام ڈاکٹر ماریہ 04-12-2023، دعویٰ تنسیخ نکاح و تشدد وغیرہ، شامل ہیں، تفصیل کیلئے ہمارے پاس جو فیصلہ ہے ان کا نکاح 2023ء اور تنسیخ نکاح جنوری 2024ء میں ہوا ہے، مسماۃ مقدس بنام نجم امیر 05-01-2024، کے مقدمہ اور عدالتی فیصلہ کا شریعت اسلامی کی روشنی میں تفصیلی جائزہ پیش کیا جارہا ہے؛

**عنوان مقدمہ**

**عنوان:** مسماۃ مقدس بنام نجم امیر (دعویٰ تنسیخ نکاح ونان ونفقہ وغیرہ)

**مرجوعہ:** 05-01-2024

**فیصلہ:** 26-09-2024

## تفصیل مقدمہ

مورخہ 2024-01-05 کو دعویٰ میں مدعیہ مسماۃ مقدس بی بی کی جانب سے درج ذیل اہم نکات تحریر کئے گئے:

یہ کہ مدعیہ کی شادی مورخہ 2023-09-10 کو مسلم رسومات کے مطابق ہوئی تھی مدعاعلیہ کے گھر آباد ہو کر حقوقِ زوجیت ادا کرنے لگی۔ بعد ازاں کچھ عرصہ تک اس نے نکاح کی پابندی کی۔ یہ کہ شادی کے بعد کچھ عرصہ تک مدعاعلیہ کا سلوک درست رہا مگر بعد میں تبدیل ہونا شروع ہو گیا۔ مدعیہ کے علم میں یہ بات آئی کہ مدعاعلیہ برے کردار کا آدمی (بدکردار )ہے، مدعاعلیہ نے غلط کردار کی عورتوں کے ساتھ ناجائز تعلقات استوار کر لئے۔ مدعیہ منع کرتی تو مار پیٹ کرتا، خرچہ نان ونفقہ سے تنگ رکھتا، مدعیہ بیوی ہونے کے ناطے اور اپنے والدین اور بھائیوں کی عزت کی خاطر مدعاعلیہ پر ظلم وستم برداشت کرتی رہی، مگر پھر بھی مدعاعلیہ کے رویہ میں تبدیلی نہ آئی۔ کہ وہ اپنی راہیں درست کر لے لیکن بار بار کی درخواست کے باوجود کوئی نتیجہ نہ نکلا۔ اور مدعاعلیہ نے مدعیہ کو تین کپڑوں میں مار مار کر گھر سے نکال دیا۔ مدعیہ کے والدین نے مدعاعلیہ کو سمجھایا کہ وہ اپنا گھر خراب نہ کرے اور من محلفہ کو آباد کرے لیکن مدعاعلیہ نے میرے والدین کے ساتھ بھی بدتمیزی کی، اب تک مدعاعلیہ نے من محلفہ کی آج تک خبر گیری نہ کی ہے۔ ان حالات میں مدعیہ کو مدعاعلیہ سے سخت نفرت ہو چکی ہے اور اس کے ساتھ حدود اللہ رہنا ناممکن ہے۔ لہٰذا مدعیہ تنسیخ نکاح بربنائے خلع کی حق دار ہے۔ تاہم مدعیہ کو اس سے علیحدگی چاہئیے لیکن وہ طلاق نہیں دے رہا تو عدالت سے درخواست ہے کہ مدعیہ کو خلع کی ڈگری جاری کی جائے۔

مورخہ 08.04.2024 کو مدعاعلیہ کی حاضری کو یقینی بنانے کے لیے تمام حربے اور ذرائع اطلاعات اختیار کیے گئے، لیکن اگر وہ حاضر نہ ہوا تو بالآخر اس کے خلاف یکطرفہ کارروائی کا حکم جاری کیا جائے گا۔ اپنے دعویٰ کو ثابت کرنے کے لیے، مدعیہ خود بطور گواہ (PW-1) گواہی کے لیے پیش ہوئی اور اپنا حلفیہ بیان EX.P-1 کے طور پر جمع کروایا، جس میں اس نے دعویٰ میں کی گئی اپنی باتوں کی تصدیق کی۔ مزید یہ کہ نکاح نامہ کی فوٹو کاپی EX.P-2 کے طور پر دستاویزی ثبوت کے طور پر پیش کی گئی، جو فریقین کے درمیان تعلق کو ظاہر کرتی ہے۔ لہٰذا دونوں فریقین مصالحت پر راضی نہ ہونے کی صورت میں معزز عدالت نے تنقیحات وضع کر دیں۔[1]

---

[1] مسماۃ مقدس بنام نجم امیر، دعویٰ تنسیخ نکاح ودلاپانے نان ونفقہ وغیرہ، بعدالت جناب صنم بخاری، سینئر سول جج فیملی کورٹ، اسلام آباد، تاریخ فیصلہ 2024-09-26 صفحہ 31

فیصلہ کے پیرا گراف نمبر 2 میں دعوی کو مکمل تفصیل کا ذکر کیا گیا، پیرا گراف نمبر 3 میں مدعی کی جانب سے غیر حاضر ہونے کا ذکر کرنے کے بعد پیرا گراف نمبر 6 میں فاضل جج صاحب کی جانب سے وضع کی گئیں تنقیحات Framing of Issues) (پیش کی گئیں، پیرا گراف نمبر 7 میں مدعیہ کی جانب سے پیش کی گئی شہادت اور پیرا گراف نمبر 7 میں ابتدائی و آخری مصالحت کا ذکر کیا گیا کہ عدالت کی جانب سے دونوں فریقین کو مصالحت کے لیے وقت اور موقع دیا گیا مگر مصالحت ناکام ثابت ہوئی۔ پیرا گراف نمبر 8 تا پیرا گراف نمبر 32 میں فاضل عدالت کی جانب سے بنائی گئی تنقیحات درج ذیل ہیں۔

## عدالت کی جانب سے بنائی گئی تنقیحات(Framing Of Issues)

### تنقیح نمبر 1

مدعاعلیہ کی مسلسل غیر حاضری، باوجود اس کے کہ عدالت نے تمام ممکنہ ذرائع (نوٹس، سمن، اخبارات کے اشتہار، وغیرہ) سے اس کی حاضری کو یقینی بنانے کی کوشش کی، یہ ثابت کرتی ہے کہ وہ مقدمہ کو سنجیدگی سے لینے یا اپنی پوزیشن واضح کرنے پر آمادہ نہ تھا۔ عدالت کے پاس اس کے سوا کوئی چارہ نہ رہا کہ وہ فیملی قوانین 1964ء کے تحت فراہم کردہ اختیار کے مطابق ex-parte کارروائی کرے۔

**all modes of service have been adopted in order to procure the attendance of defendant but he did not appear and ultimately proceeded against ex-parte vide order dated 08-04-2024[1]**

کیا مدعاعلیہ کی عدم حاضری کی صورت میں عدالت کی جانب سے یکطرفہ کارروائی(Ex-parte Proceedings) اسلامی اصولِ عدل اور پاکستانی فیملی قانون کے مطابق ایک درست قدم تصور کی جا سکتی ہے؟اسلامی شریعت بھی ایسی صورت حال میں قاضی کو یہ اختیار دیتی ہے کہ جب ایک فریق بلانے کے باوجود حاضر نہ ہو، تو وہ موجود شہادت کی روشنی میں مظلوم فریق کے حق میں فیصلہ کر دے۔ لیکن اگر مدعاعلیہ کو خبر پہنچی نہ ہو تو شرعی اصولوں کے مطابق فیصلہ معلق(suspended) یا قابلِ اعتراض قرار دیا جائے گا۔ ایسی صورت میں مدعاعلیہ کو بعد میں اعتراض کا شرعی حق حاصل ہے۔

**"لَا يَجُوْزُ الحُكْمُ عَلٰى الغَائِبِ إلّا بَعْدَ بُلُوغِ الدّعْوٰى إليْهِ."[2]**

(یعنی: کسی غیر حاضر فریق کے خلاف فیصلہ جائز نہیں، جب تک کہ دعویٰ اس تک نہ پہنچ جائے۔)

[1] ایضاً، صفحہ 31

[2] المبسوط، جلد 16، ص 43

عصر حاضر میں فیملی کورٹس میں بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ شوہر (مدعاعلیہ) کی مسلسل غیر حاضری کی وجہ سے عدالت، قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد، یکطرفہ طور پر خلع کی ڈگری جاری کر دیتی ہے۔ تاہم، عملی مشاہدہ یہ ہے کہ بعض شوہروں کو عدالتی فیصلے کا علم عدت گزر جانے کے بعد ہوتا ہے، جبکہ مدعیہ نے دوسری شادی کے لیے اقدامات شروع کر دیے ہوتے ہیں۔ اس طرح کئی شرعی اور سماجی پیچیدگیاں جنم لیتی ہیں۔

یہ صورتحال کئی اہم سوالات کو جنم دیتی ہے:

کیامدعاعلیہ کو واقعی اطلاع ملی تھی یا صرف نوٹس بھیجنے کی رسمی کاروائی کی گئی؟ اگر مدعاعلیہ لاعلم رہا اور عدت بھی گزر گئی، تو اس کے شرعی حقوق کا کیا بنے گا؟ کیا مدعیہ کی دوسری شادی شرعاً درست ہوگی اگر سابق شوہر کو علم ہی نہ تھا؟

یہ تمام سوالات اس حقیقت کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ عدالتی خلع کے فیصلے میں ابلاغ (Communication) کی مکمل تصدیق اور فریقین کو علم کی ضمانت دینا ضروری ہے، ورنہ انصاف کے تقاضے پورے نہیں ہوتے، خواہ عدالتی عمل قانونی ہو۔

## تنقیح نمبر 2

زیرِ بحث مقدمہ ایک ایسی معاشرتی حقیقت کی بھرپور عکاسی کرتا ہے جس میں ایک عورت ازدواجی زندگی نبھانے کی ہر ممکن کوشش کے باوجود، شوہر کے بدکردار رویے، مارپیٹ، اور اخلاقی پستی کے باعث مجبور ہو جاتی ہے کہ وہ عدالت سے علیحدگی کی درخواست کرے۔ یہ صورت حال محض ازدواجی ناکامی نہیں بلکہ اس بات کی علامت ہے کہ جب شوہر، جو خاندان کی قیادت اور حفاظت کا فطری و شرعی ذمہ دار ہوتا ہے، خودی کے معیار سے گر جائے تو بیوی کی عزت، امن اور دین دونوں خطرے میں پڑ جاتے ہیں۔ مدعیہ نے رخصتی کے بعد ازدواجی زندگی کو نبھانے کی کوشش کی، سمجھایا، برداشت کیا، حتیٰ کہ شوہر کے تشدد کے بعد بھی خاموشی اختیار کی، لیکن جب معاملہ گھریلو ظلم اور اخلاقی بے راہ روی سے تجاوز کر کے زندگی اور عزت کے خطرے تک پہنچ گیا، تو اس کے لیے علیحدگی ہی واحد راستہ بچا۔

یہ معاملہ ہمیں ایک اہم نکتہ سکھاتا ہے:

نکاح صرف جسمانی یا قانونی بندھن نہیں بلکہ ایک اخلاقی، دینی اور انسانی معاہدہ ہے۔ جب اس معاہدے کے بنیادی اصول یعنی دیانت، شفقت، امانت، اور وفاداری پامال ہو جائیں، تو عورت کو خلع لینا نہ صرف اس کا حق بن جاتا ہے بلکہ بعض اوقات اُس کی دینی ذمہ داری بن جاتی ہے۔ یہاں عورت نے نہ تو طمع کی بنیاد پر خلع مانگا، نہ عجلت سے کام لیا، بلکہ شوہر کی اصلاح کی ہر ممکن کوشش کی۔ مگر جب مرد کی بدکرداری اس حد تک بڑھ گئی کہ عزت، دین اور امن داؤ پر لگ گیا، تو عدالت سے رجوع کرنا پڑا۔

**Succinctly, Facts of the case are that plaintiff filed a suit for dissolution of marriage on the basis of khula by maintaining that her marriage was solemnized with defendant on 10-09-**

2023 according to Muslim right. After the Rukhsati, the plaintiff came to the house of defendant where, she initially remained with the defendant and performed her matrimonial obligations; after some time of marriage, it came into the knowledge of the plaintiff that the defendant is a bad character person and he has illicit relations with bad repute ladies. That plaintiff requested the defendant many times to leave such nefarious activities and mend his ways but inspite of repeated requests, result remained nil and the defendant expelled the plaintiff with severe beaten from his house in three clothes, now the plaintiff is residing with her parents. Hence, it has become impossible for plaintiff to live with the .defendant within the limits ordained by Almighty Allah[1]

جب عورت نکاح کے بعد ازدواجی ذمہ داریاں نبھانے کے باوجود اس نتیجے پر پہنچے کہ شوہر بدکردار ہے، اصلاح پر آمادہ نہیں، اور نوبت ظلم و تشدد تک جا پہنچے، تو کیا ایسی صورت میں عدالت کا خلع دینا اسلامی حدود کے مطابق شمار ہوگا؟ اسلامی شریعت میں نکاح کو ایک مقدس معاہدہ قرار دیا گیا ہے جو محبت، امانت، وفاداری اور باہمی سکون پر قائم ہوتا ہے۔ جب ان بنیادی اقدار کی مسلسل پامالی ہو اور ازدواجی زندگی خوف، بے یقینی، اور بے عزتی کا شکار ہو جائے، تو اسلام ایسی عورت کو محض زنجیروں میں جکڑے رہنے کا حکم نہیں دیتا، بلکہ اسے نکلنے کی راہ دیتا ہے یعنی خلع۔ زیرِ بحث معاملہ ان معاشرتی حقیقتوں کا عکاسی کرتی ہے جہاں عورت نے اپنی ذمہ داری نبھائی، رخصتی کے بعد شوہر کے ساتھ رہ کر ازدواجی فرائض انجام دیے، مگر جب اسے معلوم ہوا کہ شوہر فحش عورتوں سے ناجائز تعلقات رکھتا ہے، اور اس پر نصیحت و فہمائش بھی بے اثر رہی، بلکہ اس پر ظلم و مارپیٹ شروع ہو گئی، تو ایسے حالات میں عورت کے لیے نہ صرف یہ کہ علیحدگی لینا جائز ہے، بلکہ یہ اس کا شرعی و انسانی حق بھی ہے۔ ایسے مرد جو بیوی کی عزتِ نفس، ذہنی سکون، اور دینی سلامتی کو مجروح کریں، وہ درحقیقت خود حدودِ الٰہی کو توڑ رہے ہوتے ہیں۔ اور جب نکاح کے بندھن میں رہنا "حدود اللہ"

[1] ایضاً، صفحہ 30

کے اندر ممکن نہ رہے، تو عورت کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ خلع کے ذریعے خود کو اس ظلم سے نجات دلائے۔ عدالت کا کردار یہاں قاضی الشرع کے قائم مقام کے طور پر سامنے آتا ہے، جو دونوں فریقین کو سنے، مصالحت کی کوشش کرے، اور اگر کوئی راستہ باقی نہ رہے تو مظلوم فریق کے حق میں فیصلہ دے۔ لہٰذا ایسے فیصلے جہاں عدالت نے مدعیہ کی شہادت، بیان، اور حقائق کی بنیاد پر خلع کی ڈگری جاری کی، وہ شریعت کے عین مطابق ہیں اور ظلم سے نجات کا ایک راستہ فراہم کرتے ہیں۔

اسلامی شریعت کا معیار "حدود اللہ" کی خلاف ورزی پر نکاح کو ختم کرنے سے متعلق کیا ہے؟ شوہر کی بدکرداری (فواحش، تشدد، ترکِ نان ونفقہ) کو خلع کی شرعی بنیاد بنانا کس حد تک درست ہے؟ عورت کی طرف سے اصلاح کی کوشش اور پھر عدالت کا کردار شریعت کی روشنی میں؟ کیا ایسے مقدمات عورت کے تحفظ اور انصاف کے شرعی اصولوں کی نمائندگی کرتے ہیں؟

## تنقیح نمبر3

عدالتی اقتباس سے ظاہر ہے کہ مدعیہ نے بطور اولین گواہ خود عدالت میں پیش ہو کر بیان حلفی Ex.P-1 دیا، جو کہ اس کے دعوے کی تائید میں انتہائی اہم ابتدائی شہادت ہے۔ اس کے ساتھ نکاح نامے کی فوٹو کاپی Ex.P-2 بحیثیت ثبوت پیش کی گئی، جو فریقین کے درمیان ازدواجی تعلق کی تصدیق کے لیے کافی تھی، کیونکہ نکاح ایک حقیقی معاملہ ہے جو صرف دستاویز پر منحصر نہیں ہوتا۔

یہ بھی قابل ذکر ہے کہ اصل نکاح نامہ مدعیہ کے بجائے مدعاعلیہ کے قبضہ میں تھا، اور ایسا اکثر عورتوں کے کیسز میں ہوتا ہے۔ اس صورت میں قانون اجازت دیتا ہے کہ اگر اصل دستاویز مخالف فریق کے پاس ہے اور وہ اسے پیش نہیں کرتا تو اس کا متبادل (فوٹو کاپی) قابل قبول شہادت کے طور پر مانا جا سکتا ہے، بشرطیکہ اس کی صداقت بادی النظر میں ظاہر ہو۔

لہٰذا مدعیہ کی طرف سے دی گئی ابتدائی زبانی گواہی اور نکاح نامہ کی فوٹو کاپی، عدالت کے نزدیک ابتدائی دعوے کو ثابت کرنے کے لیے کافی قرائن و شواہد پر مبنی بنیاد فراہم کرتی ہے۔

> **To prove her claim, plaintiff herself appeared in the witness box as pw-1 and sworn her affidavit as Ex.p-1, wherein she has solemnly affirmed regarding her contention contained in the plaint. Further, photocopy of Nikahnama, which show the relationship between the parties was produced as Ex.p-2 as .documentary evidence[1]**

[1] ایضاً، صفحہ 31

کیا کسی مقدمہ میں جب مدعیہ Plaintiff خود بطور گواہ PW-1 عدالت میں پیش ہو کر بیان حلفی جمع کراتے ہوئے اپنے دعویٰ کی تصدیق کر دے، اور نکاح نامے کی فوٹو کاپی Ex.P-2 بطور دستاویزی شہادت پیش کرے، تو یہ ثبوت اس صورت میں قابلِ قبول ہوں گے جبکہ اصل نکاح نامہ مدعاعلیہ کے پاس ہے اور وہ جان بوجھ کر اصل دستاویز پیش نہیں کر رہا؟

اس سوال کے تناظر میں، عدالتی نظائر اور قانون شہادت آرڈیننس کے مطابق، جب کسی مقدمہ کی اصل دستاویز کسی ایسے فریق کے قبضہ میں ہو جو اسے پیش نہ کرنا چاہے تو دوسرے فریق کو قاعدہء انصاف کے تحت فوٹو کاپی یا ثانوی شہادت پیش کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ قانونی اصول یہ ہے کہ اگر کوئی فریق عدالت میں جان بوجھ کر اصل دستاویز پیش نہیں کرتا تو اس کے مقابل صداقت پر مبنی متبادل شہادت قبول کی جا سکتی ہے، بشرطیکہ متعلقہ دستاویز کی حقیقت existence اور مصدقہ معلومات authenticity دیگر دستیاب شواہد سے ثابت ہو جائیں (قانون شہادت آرڈیننس 1984ء)۔ مدعیہ کا بطور گواہ پیش ہو کر بیان دینا بھی اس کے دعوے کو تقویت دیتا ہے، خصوصاً جب متعلقہ نکاح نامے کے اصل ہونے سے فریق مخالف بھی انکار نہ کرے، بلکہ فقط فردِ عمل میں رکاوٹ بن رہا ہو۔ اس لیگل اصول کی بنیاد پر، متعدد پاکستانی عدالتی فیصلوں میں بھی فوٹو کاپی یا متبادل شہادت کو جواز دیا گیا جس وقت اصل دستاویز مخالف فریق کے کنٹرول میں ہو اور وہ دانستہ طور پر پیش نہ کرے (Supreme Court, PLD 2016 SC 457)۔ اس لیے مدعیہ کی طرف سے دی گئی زبانی شہادت اور پیش کردہ فوٹو کاپی مکمل قانونی وقعت رکھتی ہے اور عدالت فیصلہ صادر کرتے وقت اسے قابل قبول شہادت قرار دے سکتی ہے۔

## تنقیح نمبر 4

یہ فیصلہ اس حقیقت کو ظاہر کرتا ہے کہ جب مدعاعلیہ دعوے پر کوئی اعتراض نہیں کرتا تو عدالت صرف مدعیہ کے شواہد اور بیانات کو بنیاد بنا کر فیصلہ سناتی ہے۔ یہ طریقہ انصاف کے اس اصول کو اجاگر کرتا ہے کہ کسی بھی دعوے پر غیر حاضری یا خاموشی خود بخود مدعی کی سچائی کو تقویت دیتی ہے اور عدالت کے فیصلے کو آسان بنا دیتی ہے۔

> **plaintiff has claimed dissolution of marriage on the basis of khula and defendant has not opted to contest her claim, hence the court has no other option, but to accept the evidence of the plaintiff as gospel truth.**[1]

[1] ایضاً، صفحہ 31

اگر مدعیہ خلع کی بنیاد پر نکاح کے خاتمے کا دعویٰ کرے اور مدعاعلیہ اس دعوے کو چیلنج نہ کرے، تو کیا عدالت مدعیہ کے بیان کو یقینی طور پر سچ تسلیم کر کے فیصلہ دینے کی پابند ہے؟ اس عدالتی رویے کے معاشرتی اور قانونی اثرات کیا ہیں؟ اس کیس میں خلع کی بنیاد پر نکاح کے خاتمے کے دعوے پر مدعاعلیہ نے خاموشی اختیار کی، جس نے مدعیہ کا موقف یک طرفہ طور پر طاقتور بنا دیا۔ قانونی لحاظ سے عدالت کسی بھی دعوے میں ہمیشہ دونوں فریقین کے دلائل اور شواہد کو برابر موقع دینے کی کوشش کرتی ہے، تا کہ کوئی فریق ناانصافی کا شکار نہ ہو۔ مگر جب مدعاعلیہ کوئی دفاع پیش نہ کرے تو عدالت ناقدانہ سوچ کے تحت صرف مدعی کی گواہی کو حقیقت تصور کرتی ہے اور اسی بنیاد پر حتمی فیصلہ سناتی ہے۔ ایسے میں قانونی اصول یہ کہتا ہے کہ سچائی کو تلاش کرنے میں مدعاعلیہ کی غیر حاضری یا خاموشی مدعی کے حق میں جاتی ہے۔ اس کا ایک بڑا معاشرتی اثر یہ ہے کہ خواتین خلع کی صورت میں اعتماد سے عدالت جاسکتی ہیں کہ جب ان کے شوہر خاموشی اختیار کریں تو عدالتی نظام ان کے حق میں فیصلہ دے گا۔ تاہم اس سے عدالتی ذمہ داری بھی بڑھ جاتی ہے کہ وہ صرف قانون کے مطابق اور انصاف کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلہ کرے، تا کہ کسی بھی فریق کے ساتھ زیادتی نہ ہو۔

## تنقیح نمبر 5

عدالت نے خلع کی بنیاد پر شادی توڑنے کی مدعیہ کی درخواست منظور کر لی۔ ساتھ یہ بھی حکم دیا کہ اگر مہر ادا ہوا ہے تو وہ بطور زرِ خلع واپس کرنا ہو گا۔ یہ فیصلہ قانون کے مطابق ہے اور خواتین کو عدالتی تحفظ فراہم کرتا ہے۔

**Upon considering all the pros and corns of the matter, the suit of the plaintiff for dissolution of marriage is hereby decreed in her favour against the defendant. marriage of the plaintiff stands dissolved on the basis of khula and dower amount is treated as Zar-e-khula. plaintiff will return the dower to the defendant, if any, as per law. Decree sheet be prepared accordingly. Certified photocopy of decree be sent to the Union Council concerned for necessary action as ordained U/S 21 (2)of Family Court**

Act.1964. No order as to costs. File be consigned to record

.room, after its due completion[1]

کیاعدالتی خلع کے بعد شوہر کی رضامندی کے بغیر بھی نکاح کو ختم کیاجاسکتا ہے، اور اس صورت میں شریعت وپاکستانی قوانین اس فیصلے کی کیاحمایت کرتے ہیں؟ عدالتی خلع کا تصور اسلامی شریعت اور پاکستانی قانون دونوں میں واضح ہے۔ بیوی اگر شوہر سے ناپسندیدگی یا ازدواجی زندگی میں ہم آہنگی نہ ہونے کی بنیاد پر خلع کا مطالبہ کرے تو فیملی کورٹس ایکٹ 1964 کے مطابق اسے یہ حق حاصل ہے کہ وہ عدالت سے نکاح کے خاتمے کی درخواست دے سکتی ہے، چاہے شوہر راضی ہو یا نہ ہو۔ پاکستانی عدالتیں اس مقدمہ پر سماعت کر کے بیوی کی گواہی اور دلائل کی روشنی میں بسا اوقات شوہر کی غیر حاضری یا عدم دلچسپی پر بھی نکاح ختم کر دیتی ہیں اور شوہر کی جانب سے اعتراض نہ آنے پر فیصلہ بیوی کے حق میں ہوتا ہے۔ شریعت میں بھی خلع کے لیے مالی تصفیہ (مہر) واپس کرنے کی شرط آتی ہے، اور عدالتی حکم کے بعد ازدواجی بندھن کو مکمل طور پر ختم ماناجاتا ہے۔ اس سے خواتین کو معاشرتی سطح پر تحفظ، آزادی سے زندگی گزارنے کا حق اور انصاف ملتا ہے۔ تاہم، اس کا غلط استعمال روکنے کے لیے عدالتی نگرانی اور قانونی رہنمائی لازم ہے تاکہ دونوں فریقین کے حقوق محفوظ رہیں اور معاشرتی توازن برقرار رہے۔

## اسلامی تعلیمات کی روشنی میں فیصلہ (Judgment) کا جائزہ

اسلام ایک آفاقی مذہب ہے جس نے زندگی کے کسی بھی شعبے کو ادھورا نہیں چھوڑا۔ انسانی زندگی کے وہ تمام امور جو زندگی گزارنے کے لیے ضروری ہیں اس کی جزئیات تک کے بارے میں شریعتِ اسلامی میں احکامات موجود ہیں۔ درج ذیل آیات میں اسلام کا سارا سیاسی، قانونی اور دستوری نظام موجود ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

"اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰۤى اَهْلِهَاۙ وَ اِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِؕ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا"[2]

"(مسلمانو!) بے شک اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ امانتیں جن کی ہیں انہیں سپرد کرو اور یہ کہ جب تم لوگوں میں فیصلہ کرو تو انصاف کے ساتھ فیصلہ کرو۔ بے شک اللہ تمہیں کیا ہی خوب نصیحت فرماتا ہے بے شک اللہ سنتا دیکھتا ہے"

سب سے پہلے یہ سمجھنا ضروری ہے کہ کسی بھی معاشرے میں جو سیاسی نظام قائم کیا جاتا ہے، اس میں مختلف مناصب ہوتے ہیں، جن کے ساتھ مخصوص اختیارات اور ذمہ داریاں وابستہ ہوتی ہیں۔ لہٰذا، ان مناصب کے انتخاب میں دی جانے والی رائے

---

[1] ایضاً، صفحہ 31

[2] النساء (4) 58

ایک امانت کے طور پر شمار ہوتی ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ رائے دہی میں مکمل سوچ بچار اور دیانتداری سے کام لیا جائے، تاکہ حقدار کو اس کا جائز مقام مل سکے۔ اگر کوئی شخص محض ذات برادری، رشتہ داری، ذاتی مفاد یا کسی دباؤ کے تحت اپنی رائے کسی کے حق میں استعمال کرے تو یہ ایک کھلی خیانت ہوگی۔ حق رائے دہی ایک اہم امانت ہے اور اس کا درست استعمال ہر شہری کی اخلاقی اور شرعی ذمہ داری ہے۔ عام طور پر بھی امانت کی حفاظت لازم ہے اور جو بھی امانت کسی کے سپرد کی جائے، اسے دیانتداری سے واپس لوٹانا ضروری ہے۔ لیکن یہاں یہ اصول صرف انفرادی نہیں بلکہ اجتماعی زندگی کے ایک بنیادی قاعدے کے طور پر سامنے آتا ہے۔ دوسری اہم بات یہ ہے کہ جب لوگوں کے معاملات میں فیصلہ کیا جائے تو مکمل عدل و انصاف کے ساتھ کیا جائے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ حکومت کا انتخاب اہلیت کی بنیاد پر ہونا چاہیے، جبکہ عدلیہ کو ہر طرح کے تعصب اور تفریق سے پاک رکھ کر عدل و انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

عام طور پر جب بھی کسی خاندان میں اس طرح کے مسائل پیدا ہوں کہ نوبت عدالت تک جا پہنچے تو سب سے پہلا مرحلہ اچھے اور پیشہ ور وکیل کی تلاش ہوتا ہے جو خاندان کے موقف کو درست اور احسن طریقے سے عدالت کے روبرو پیش کر سکے۔ لہذا زیر نظر مقدمہ میں بھی مدعیہ کے وکیل نے دعویٰ دائر کرتے ہوئے قانونی تقاضے پورے کرتے ہوئے متعلقہ عدالت میں دعویٰ دائر کیا۔ مورخہ 2024-09-26 کو کونسل فریقین کی بحث آخیر سماعت کرنے کے بعد فاضل عدالت نے متذکرہ بالا مقدمہ نمبری U/S 21(2) of Family Court Act.1964 دائر شدہ مورخہ 2024-09-05 کا فیصلہ صادر فرمایا جس کے چند اہم نکات درج ذیل ہیں:

مقدمہ "مسماۃ مقدس بنام نجم امیر" میں عدالت نے جو فیصلہ صادر کیا، وہ نہ صرف پاکستان کے فیملی قوانین کے مطابق ہے بلکہ شریعتِ اسلامی کے اصول عدل و مساوات کی مکمل ترجمانی کرتا ہے۔ مدعیہ نے جب عدالت سے رجوع کیا تو اس کی شکایت محض جذباتی یا وقتی نہیں تھی، بلکہ وہ ایک مسلسل ظلم، بدسلوکی اور جذباتی و جسمانی اذیت کی داستان تھی، جس کا اثر اس کی ازدواجی زندگی اور ذہنی سکون پر گہرا ہو چکا تھا۔

سب سے پہلے عدالت نے مدعیہ کا مکمل بیان حلفیہ (Affidavit) ریکارڈ کیا، جس میں مدعیہ نے نہایت سنجیدگی سے اپنی ازدواجی زندگی کی حقیقت کو عدالت کے سامنے رکھا۔ اس میں شوہر کی بدکرداری، ناجائز تعلقات، مارپیٹ، نان و نفقہ کی عدم ادائیگی، اور عزت نفس کو مجروح کرنے جیسے نکات شامل تھے۔ فیملی کورٹ کا فریضہ ہوتا ہے کہ وہ میاں بیوی کے درمیان صلح وصفائی کی ہر ممکن کوشش کرے۔ چنانچہ عدالت نے اس مقدمے میں بھی دونوں فریقین کو مصالحت کے لیے متعدد مواقع دیے، لیکن شوہر کی عدم دلچسپی، عدم حاضری اور بدزبانی کے باعث مصالحت ممکن نہ ہو سکی۔ مدعیہ نے جو نکاح نامہ عدالت میں بطور دستاویزی شہادت جمع کروایا(Ex.P-2) ، وہ دونوں فریقین کے درمیان ازدواجی رشتے کو ثابت کرتا ہے۔ مزید یہ کہ مدعیہ کا بیان حلفی

(Ex.P-1) قانونی شہادت کے زمرے میں آتا ہے، جس کی بنیاد پر عدالت نے مقدمے کو یکطرفہ طور پر آگے بڑھایا۔ عدالت نے مدعاعلیہ کو کئی مرتبہ نوٹس جاری کیے، مگر وہ عدالت میں حاضر نہ ہوا، جو قانوناً عدالت کے لیے یہ جواز فراہم کرتا ہے کہ وہ ex-parte (یکطرفہ) کارروائی کرتے ہوئے فیصلہ سنائے۔ اسلامی اصول بھی فی الجملہ یہی کہتے ہیں کہ جب مرد طلاق دینے سے انکار کرے اور عورت نجات چاہتی ہو، تو قاضی کو حق حاصل ہے کہ وہ نکاح فسخ کردے۔ عدالت نے مدعیہ کے بیانات، شہادت، حالات و واقعات، اور مدعاعلیہ کی غیر اخلاقی روش کو دیکھتے ہوئے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ اس رشتے کا جاری رہنا نہ صرف مدعیہ پر ظلم ہو گا بلکہ شریعت کی حدود کی خلاف ورزی بھی ہو گی۔ عدالت نے اس بنیاد پر خلع کی ڈگری جاری کی۔

عدالتوں میں دائر کیے جانے والی عائلی مقدمات میں خواتین کی طرف سے اکثر و بیشتر ایک جیسی الفاظ و الزامات ہی پیش کیے جاتے ہیں جس کی بڑی وجہ وکلاء حضرات ہیں۔ سائلین کا موقف سننے کے بعد وکلاء حضرات یا تو خالی کاغذ پر فوراً دستخط کروا لیتے ہیں کہ ہم دعویٰ بعد میں لکھ لیں گے یا سائلین کی موجودگی میں دعویٰ کے مندرجات لکھ کر یا کمپوز کر کے فوراً دستخط کروا لیے جاتے ہیں اور اکثر سائلین کو اپنا دعویٰ ٹھیک سے پڑھنے کا موقع بھی نہیں مل پاتا۔ وکلا حضرات کی جانب سے ایسا کرنے کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ جو بھی سائل ان کے پاس آیا ہے ایک تو اسے فوراً تسلی ہو جائے کہ ہمارا مقدمہ بھی تحریر ہو گیا ہے اور پہلی فرصت میں دائر کر دیا جائے گا دوسری اور اہم وجہ یہ ہوتی ہیں کہ وکلا حضرات فوری کاروائی کرنے کے بعد اپنی فیس حاصل کرنے کے مجاز ٹھہرتے ہیں۔ اس معاملے میں جلد بازی کی وجہ سے تحریر کیا جانے والا دعویٰ اکثر وہ بیشتر ملتے جلتے الفاظ اور کروائی پر مشتمل ہوتا ہے۔ خواتین کی جانب سے دائر شدہ مقدمات میں مکرر الفاظ، الزامات اور خاص طور پر فہرست سامان جہیز ایک جیسی ہونے کی وجہ بھی یہی جلد بازی ہے۔

## دادرسی (Relief)

خلع اسلامی شریعت و قانون میں عورت کا وہ بنیادی حق ہے، جس کے ذریعے عورت ازدواجی بندھن کو ختم کر سکتی ہے، اگر شوہر کے رویہ کی وجہ سے ازدواجی زندگی گزارنا دوبھر ہو جائے یا باہمی نباہ ممکن نہ رہے۔ پاکستانی فیملی کورٹ Act 1964 اور شریعت دونوں اس چیز کی گنجائش فراہم کرتی ہیں کہ اگر عورت کو حقیقی مجبوری یا شوہر کی طرف سے زیادتی، نان و نفقہ کی عدم ادائیگی، ظلم و ستم، یا دیگر ناقابل برداشت وجوہات درپیش ہوں تو وہ عدالت سے خلع کی ڈگری طلب کر سکتی ہے۔ خلع عورت کو اسلامی تعلیمات کی روشنی میں ایک باوقار اور باعزت الگ راستہ فراہم کرتا ہے۔

عدالتی خلع یعنی فسخ نکاح میں سب سے اہم ریلیف نکاح کا ختم ہونا ہے۔ عدالت شادی کو باضابطہ طور پر منسوخ کرتی ہے اور عورت و مرد کے درمیان ازدواجی رشتہ باقی نہیں رہتا۔ مزید یہ کہ اگر عورت نے جہیز یا مہر وصول کیا ہے، تو اسلامی حکم کے مطابق رفع تنازع اور انصاف کے لیے اکثر صورتوں میں اس مال کی واپسی لازم ہوتی ہے، جسے "زرِ خلع" کہا جاتا ہے۔ البتہ اگر طلاق یا علیحدگی

شوہر کی زیادتی، ظلم یانان ونفقہ نہ دینے پر ہو تو حالیہ لاہور ہائیکورٹ کے مطابق عورت مہر میں سے اپنے پورے حقوق کی مستحق رہتی ہے اور اس حق کو عدالتی ڈگری کے ذریعے تسلیم کیا گیا ہے

سابقہ بحث میں جن نکات کا ذکر ہوا، ان میں سے ایک اہم اور عملی مسئلہ یہ ہے کہ بعض اوقات خاوند عدالت میں حاضر نہیں ہوتا۔ ایسے میں عوام الناس کے ذہنوں میں شریعت کا حکم جاننے کی خواہش پیدا ہوتی ہے۔ چنانچہ اب ہم اس حوالے سے معتبر دینی اداروں کے فتاویٰ اور مفتیانِ کرام کی آراء پیش کرتے ہیں۔

## مفتیان کرام کی آراء

**دارالعلوم کراچی کا ایک فتویٰ** ہے جس میں پانچ سوالات کئے گئے ان میں عدالتی خلع کے بارے تفصیلی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ تیسرا سوال جس میں یہ ذکر ہے کہ مروجہ عدالتوں میں شوہر کا حاضر عدالت نہ ہونا اس کے خلاف یکطرفہ فیصلہ کیلئے کافی ہے، اس کو فتاویٰ میں نکول قرار دیا گیا ہے۔

### جواب:

جی ہاں! شوہر کا عدالت میں حاضر نہ ہونا نکول ہے، کیونکہ عدالت نے شوہر کو بار بار بلایا، نوٹس دیے، سمن بھیجے، بیلف روانہ کیے اور اخبار میں بھی نوٹس دیا، اس کے باوجود شوہر حاضر عدالت نہ ہوا، اس کو فقہائے شافعیہ نکول سے تعبیر فرماتے ہیں۔ جیسا کہ اوپر ذکر کردہ عبارات میں درج ہے، نیز اس سلسلے میں شوہر کو قصوروار ہے، کیونکہ قانوناً اگرچہ عورت کے حق میں فیصلہ صادر ہوتا ہو، لیکن جو کام اس کی اختیار میں تھا، وہ اس نے نہیں کیا، اسی وجہ سے وہ ناکل کہلائے گا نیز اگر شوہر کا اس طرح غائب ہو جانا، اور جان بوجھ کر روپوش ہو جانا، خاموشی اختیار کرنا اگر نکول قرار نہ دیں، اور فیصلہ کی اجازت مسلمان جج کو نہ ہو، تو لوگوں کے حقوق ضائع ہونے کا قوی اندیشہ ہے، اس لیے فقہائے کرام کی عبارات کے پیش نظر یہ صورت نکول میں داخل ہے، اور مدعیہ کے حق میں ایسا فیصلہ فقہائے شافعیہ کے نزدیک درست اور معتبر ہے۔[1]

**وَلَا يَلْزَم الْقَاضِي فِي حَقِّ هَذَا الْمُتَوَارِى أَنْ يَحْلِفَ الْمُدَّعى أَنَّهُ مَا قَبَضَ هَذَا الْحَقِّ وَلَا شَيْئًا مِنْهُ. كَمَا يُحلِفُهُ لِلْغَائِبِ لِأَنَّ هَذَا قَادِر بِحُضُورِهِ عَلَى الْمُطَالَبَةِ بِذَلِكَ لَوْ أَرَادَ بِخِلَافِ الْغَائِبِ فَافْتَرَقَا فِيهِ، فَإِنْ قَالَ الْمُدَّعى لَيْسَت لِى بَيِّنَةٌ فَقَدِ اخْتَلَفَ أَصْحَابُنَا : هَلْ يَكُونُ هَذَا الامْتِنَاعُ مِنَ الْحُضُورِ كَالنُّكُولِ فِي رَدِّ الْيَمِينِ عَلَى الْمُدَّعى أَمْ لَا عَلَى وَجْهَيْنِ . أَحَدُهُمَا : أَنَّهُ لَا يُجْعَلُ نُكُولًا لِأَنَّ النُّكُولَ بَعْدَ سَمَاعِ الدَّعْوَى،**

[1] فتویٰ نمبر ۶/ ۲۶۲۶، دارالافتاء جامعہ دارالعلوم کراچی، کراچی

وَسُؤَالِهِ عَنِ الْجَوَابِ، فَيَصِيرَانِ شَرْطَيْنِ فِي النُّكُولِ، وَهُمَا مَفْقُودَانِ مَعَ عَدَمِ الْحُضُورِ وَالْوَجْهُ الثَّانِي: وَهُوَ أَشْبَهُ أَنْ يُجْعَلَ كَالنُّكُولِ بَعْدَ النِّدَاءِ عَلَى بَابِهِ بِمَبْلَغِ الدَّعْوَى وَإِعْلَامِهِ بِأَنَّهُ يُحْكَمُ عَلَيْهِ بِالنُّكُولِ لِوُجُودِ شَرْطَيِ النُّكُولِ فِي هَذَا النداءِ، فَعَلَى هَذَا يَسْمَعُ الْقَاضِي الدَّعْوَى مُحَرَّرَةً ثُمَّ يُعِيدُ النِّدَاءَ عَلَى بَابِهِ ثَانِيَةً بِأَنَّهُ يَحْكُمُ عَلَيْهِ بِالنُّكُولِ.[1]

ابن عبد السلام : وظاهر ما ذكره ابن القاسم أنه سمعه عن مالك عدم القضاء على الغائب ولو بعدت غيبته وَيَنْفُذُ الْقَضَاءُ عَلَى الْغَائِبِ بِالْبَيِّنَةِ وَالْيَمِينِ عَلَى عَدَمِ الإِبْرَاءِ وَالاسْتِيفَاءِ وَالاعْتِيَاضَ وَالإِحَالَةِ وَالاحْتِيَالِ وَالتَّوْكِيلِ عَلَى الاقْتِضَاءِ فِيهِ وَفِي بَعْضِهِ، وَقِيلَ: وَإِنَّهُ بَاقٍ عَلَيْهِ إِلَى الآنَ.. أي: يحكم على الغائب بالدين إذا قامت للطالب بينة أو حلف .[2]

فَإِن قَالَ الْمُدَّعى لَيْسَت لِى بَيِّنَة فَقَدِ اختَلَفَ أَصْحَابُنَا : هَلْ يَكُونُ هَذَا الامْتِنَاعُ مِنَ الْحُضُورِ كَالنكُولِ فِي رَد الْيَمِينِ عَلَى الْمُدَّعى أَمْ لَا : عَلَى وَجْهَيْنِ : أَحَدُهُمَا: أَنَّهُ لَا يُجْعَلْ نُكُولًا لِأَنَّ النُّكُولَ بعد سماع الدعوى وَسُؤَالِهِ عَنِ الْجَوَابِ فَيَصِيرَانِ شَرْطَيْنِ فِي النُّكُولِ، وَهُمَا مَفْقُودَانِ مَعَ عَدَم الحُضُورِ وَالْوَجْهُ الثَّانِي: وَهُوَ أَشْبَهُ أَنْ يُجْعَل كَالنكُولِ بَعْدَ النِّدَاءِ عَلَى بَابِهِ بِمبْلَغ الدَّعْوَى وَإِعْلَامِهِ بِأَنَّهُ يُحكم عَلَيْهِ بِالنكُولِ لِوُجُودِ شَرْطِي النُّكُولِ فِي هَذَا النِّدَاءِ فَعَلَى هَذَا يَسْمَعُ الْقَاضِي الدعوى مُحَرَّرَةً ثُمَّ يُعِيدُ النداء عَلَى بَابِهِ ثَانِيَة بِأَنَّهُ يَحْكُمُ عَلَيْهِ بِالنُّكُولِ، فَإِذَا امْتَنَعَ مِنَ الْحُضُورِ بَعْدَ النِّدَاءِ الثَّانِي، حَكَمَ بِنكُولِهِ وَرَدَّ الْيَمِينَ عَلَى الْمُدَّعى وَحَكم له بالدعوى إذا حلف.[3]

### جامعہ بنوری ٹاؤن کراچی کا فتویٰ:

"اگر خاوند کو عدالت سے بار بار نوٹس بھجوائے جائیں، اخبار میں اشتہار بھی ہو، اس کے باوجود خاوند عدالت میں حاضر نہ ہو اور اپنا دفاع نہ کرے، جبکہ عورت نے نان نفقہ نہ ملنے یا تعنت پر دلیل پیش کی ہو، تو اس کے بعد عدالت عورت کے بیان حلفی پر مبنی خلع کی ڈگری جاری کر سکتی ہے۔ اس صورت میں شوہر کا جان بوجھ کر پیش نہ ہونا 'متعنت' ہونا شمار کیا جائے گا اور فسخ نکاح شرعاً

[1] امام ماوردی، علی بن محمد۔ "الحاوی الکبیر"، جلد 16، صفحہ 302۔ دار الکتب العلمیہ، 1999ء۔

[2] ابن الحاجب، محمود بن عبد الرحمن۔ التوضیح فی شرح مختصر ابن حاجب"، جلد 7، صفحہ 453۔ دار المدنیہ، السعودیۃ، 1986ء۔

[3] امام ماوردی، علی بن محمد۔ "الحاوی الکبیر"، جلد 16، صفحہ 302۔ دار الکتب العلمیہ، 1999ء۔

درست سمجھا جائے گا۔ لہٰذا اگر عدت بھی گزر جائے تو عورت پر دوبارہ نکاح کرنا جائز ہے۔"[1] شوہر کے بار بار طلب کیے جانے کے باوجود حاضر نہ ہونے اور عذر نہ دینے کی بنیاد پر عدالت کا فسخ شرعاً درست اور معتبر ہے، خاص طور پر اگر نان نفقہ نہ ملنے یا ظلم کا ثبوت ہو۔ ہر فیصلہ شریعت کی بنیاد پر مخصوص حکم کے مطابق دیا جاتا ہے۔

## نتیجہ بحث

اسلام نے نکاح کو ایک مضبوط، مقدس اور باہمی رضامندی و محبت پر مبنی رشتہ قرار دیا، اور قرآن مجید نے بار بار اس رشتے کے احترام، حقوق اور حسنِ معاشرت پر زور دیا ہے۔ تاہم شریعت مطہرہ نے یہ بھی تسلیم کیا کہ کبھی کبھار ازدواجی زندگی میں ایسی ناہمواریاں، بدسلوکیاں یا ایسی اخلاقی بے راہ رویاں سامنے آجاتی ہیں کہ جو میاں بیوی کے درمیان اصلاحِ ذات البین ناممکن بنادیتی ہیں۔ ایسے حالات میں اسلام صرف شوہر کو الگ ہونے کا اختیار نہیں دیتا بلکہ عورت کو بھی حقِ خلع عطا کرتا ہے کہ وہ حدود اللہ کے قائم نہ رہنے کا اندیشہ پیدا ہو جائے تو نکاح کے بندھن کو ختم کرا سکتی ہے۔

قرآنِ مجید کی سورۂ بقرہ آیت 229 میں ارشاد ہے:

فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ ٱللَّهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيمَا ٱفْتَدَتْ بِهِۦ..."

"اگر تمہیں ڈر ہو کہ دونوں (زوجین) اللہ کی حدود کو قائم نہیں رکھ سکیں گے، تو اس میں دونوں پر کوئی گناہ نہیں کہ عورت کچھ دے کر (طلاق لے لے)۔"

اسی اصول کی بنیاد پر فقہاء اسلام نے خلع کو جائز اور عورت کے لیے شرعی حق تسلیم کیا، خصوصاً جب شوہر اصلاح یا مصالحت پر آمادہ نہ ہو اور ازدواجی زندگی عورت کے لیے جہنم بن جائے۔

اس کیس میں عدالت نے واضح طور پر تمام قانونی تقاضے پورے کیے اور مدعاعلیہ کو بار بار نوٹس اور سمن کے ذریعے بھی طلب کیا، مگر اس نے حاضر ہو کر اپنا دفاع پیش نہ کیا۔ مدعیہ نے عدالتی بیان، دستاویزی شہادت اور نکاح نامہ جس طرح پیش کیا، اس سب کے پیش نظر عدالت نے مدعیہ کے حق میں فیصلہ دیا اور عدالتی خلع جاری کر دی۔ یہ عمل فقہی اعتبار سے "نکول" یا "متعنت" کہلاتا ہے، یعنی شوہر کا جان بوجھ کر غیر حاضر رہنا۔ شریعت نے اسے قاضی کو نکاح فسخ کرنے کا جائز سبب قرار دیا ہے۔ رسول اکرم ﷺ اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے عہد میں بھی متعدد ایسے واقعات پیش آئے، جن میں صحابیات نے بدخلقی اور ازدواجی ناممکنی کے پیش نظر خلع طلب کیا اور ان کا حق تسلیم کیا۔ حضرت ثابت بن قیس کی اہلیہ کا واقعہ

---

[1] https://banuri.edu.pk/questions/fasal/khla-ki-sharaet

عَنْ اِبْنِ عَبّاس أن إمرَأةَ ثَابِتِ بْنِ قَيْس أتَتْ النّبىَ ﷺ فَقالَتْ: يَا رسُولَ اللهِ، مَا أنقُم عَلى ثابتٍ مِن دِيْنٍ وَلَا خُلقٍ إلّا أنّي أخافُ الكُفْر فِي الْإسْلَامِ... فقال النّبيُ ﷺ: أتَردِينَ عَليهِ حَديقته؟ قالَتْ: نَعمْ. قَالَ النّبيُ ﷺ: اَقْبلِ الحَديقَةَ وَطَلّقْهَا تَطْليْقَةً."[1]

اس حوالے سے نہایت نمایاں ہے کہ جب عورت نے علیحدگی کی ٹھوس وجہ بیان کی، تو نبی ﷺ نے صرف مہر واپس لوٹا کر نکاح ختم کرنے کا حکم دیا۔ اسی طرز پر فقہاء اور بعد کے مفتیانِ کرام نے بھی اگر مرد بلاوجہ رغبت نہ کرے، حقوق ادا نہ کرے یا عدالت سے مسلسل غائب رہے تو، قاضی کو نکاح فسخ کرنے کا حق دیا ہے۔

# فصل سوم

## فیملی کورٹ 2024 کے فیصلوں کا جائزہ

### ابتدائیہ

زیر نظر فصل سوم میں اسلام آباد میں سال 2024ء میں خلع و تنسیخ نکاح سے متعلقہ مقدمات کا شریعت اسلامی کی روشنی میں جائزہ پیش کیا جائے گا۔

کسی بھی معاشرے میں استحکام اور خوشحالی کا براہ راست تعلق وہاں کی عدالتی نظام سے ہوتا ہے۔ جتنا زیادہ انصاف کا نظام مضبوط اور شفاف ہوگا، معاشرہ اتنا ہی ترقی کرے گا۔ بدقسمتی سے ہمارے ملک میں عدالتی نظام کا بنیادی ڈھانچہ پولیس اسٹیشن (تھانے) کے گرد گھومتا ہے، کیونکہ مقدمات کی بنیاد وہیں درج ہونے والی رپورٹس اور ایف آئی آرز پر رکھی جاتی ہے۔ جب انصاف کی ابتدا ہی مشکوک اور جانبدار ہو، تو عدل کا حصول کیسے ممکن ہو سکتا ہے۔؟ رشوت اور اثر ورسوخ دو ایسے عوامل ہیں جنہوں نے نہ صرف پولیس کے نظام کو آلودہ کر دیا ہے بلکہ عوام کے عدلیہ پر اعتماد کو بھی متزلزل کر دیا ہے۔ تفتیشی عمل میں شفافیت نہ ہونے کی وجہ سے زیادہ تر مظلوم افراد ہی مشکلات کا شکار ہوتے ہیں، کیونکہ پولیس کے فیصلے حق اور سچ کی بنیاد پر نہیں، بلکہ پیسے اور دباؤ کے تحت کیے جاتے ہیں۔ یہی وہ لمحہ ہوتا ہے جب ظلم کی بنیاد رکھی جاتی ہے اور عدل کی روح کو مجروح کر دیا جاتا ہے۔ جب ایک مشکوک تفتیشی نظام کسی بے گناہ شخص کو مقدمے میں الجھا کر عدالتوں میں دھکیل دیتا ہے، تو اس کے لیے انصاف

---

[1] بخاری، محمد بن اسماعیل۔ صحیح البخاری، حدیث نمبر 5273۔

کا حصول ایک طویل اور صبر آزما مرحلہ بن جاتا ہے، جسے نہ صرف عام آدمی سمجھنے سے قاصر ہوتا ہے بلکہ شاید سمجھنا بھی نہیں چاہتا۔

عدالتی نظام پر بڑھتے ہوئے دباؤ کا سب سے زیادہ اثر عائلی مقدمات پر پڑ رہا ہے۔ ان مقدمات میں وکلاء کی جانب سے لگائے جانے والے بے جا الزامات، عدالتی پیچیدگیاں، فریقین کی باہمی چپقلش اور دیگر عوامل صورتحال کو مزید سنگین بنا دیتے ہیں۔ جن معاملات میں مفاہمت کی گنجائش موجود ہوتی ہے، وہ بھی قانونی کارروائیوں اور وکلاء کے سخت موقف کی نظر ہو جاتے ہیں۔ مقدمات کے دوران لگنے والے سنگین الزامات فریقین کے درمیان نفرت کو مزید بڑھا دیتے ہیں۔ اور یوں وہ ایک دوسرے سے مکمل علیحدگی میں ہی عافیت محسوس کرتے ہیں۔ مزید برآں، عدالتی فیصلے اکثر محض قانونی تقاضے پورے کرنے تک محدود رہتے ہیں، جبکہ ان کے نتیجے میں خاندان مزید ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ایک مثالی عدالتی نظام کا تقاضا یہ ہے کہ وہ محض مقدمات کے فیصلے کرنے کے بجائے سماجی استحکام اور خاندانی یکجہتی کے فروغ میں بھی اپنا کردار ادا کرے۔ اگر عدلیہ صرف قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بجائے اصلاحی اور مصالحتی پہلوؤں کو بھی مد نظر رکھے، تو نہ صرف انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکتا ہے بلکہ معاشرتی بگاڑ کو بھی کم کیا جا سکتا ہے۔ انصاف صرف فیصلے سنانے کا نام نہیں، بلکہ وہ عمل ہے جو معاشرتی توازن، مساوات اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کی ضمانت فراہم کرتا ہے۔

اسلام آباد میں سال 2024ء میں خلع و تنسیخ نکاح کے مقدمات ایسٹ اور ویسٹ اسلام آباد دونوں کی مجموعی تعداد 2872 ہے، ان میں صرف ایسٹ اسلام آباد ریکارڈ روم کے مطابق 2024 میں 1970 کیسز ہے، ان مجموعی مقدمات میں سے 640 مقدمات Contested تھے، یعنی یہ ایسے مقدمات تھے جس میں دونوں فریقین نے باقاعدہ اپنے اپنے موقف کا دفاع کیا اور فیصلہ ہونے تک حاضر عدالت رہے جبکہ 1371 مقدمات Uncontested تھے یعنی ایسے مقدمات تھے جن میں فیصلہ کسی ایک فریق کے حق میں "یکطرفہ" ہوا۔ لہٰذا سال 2024 میں خلع کے مقدمات اسلام آباد کی فیملی کورٹ سے صادر کئے گئے، Uncontested جس کی شرح 68 فیصد بنتی ہے۔

مقدمات کی تعداد کا اندازہ درج ذیل چارٹ سے لگایا جا سکتا ہے۔




سال 2024ء سے جن مقدمات کو تحقیق کی غرض سے منتخب کیا گیا ان میں عابدہ حسین بنام سخی سلطان بتاریخ 2024-04-03، دعویٰ تنسیخ نکاح ونان ونفقہ وغیرہ، مسماۃ حمیرا بنام علی رضا بتاریخ 2024-03-13، دعویٰ تنسیخ نکاح و سامان جہیز، انیبہ بی بی بنام اسد خان ولد فضل کریم بتاریخ 2024-09-24، دعویٰ تنسیخ نکاح و تشدد وغیرہ، شامل ہیں، تفصیل کیلئے ہمارے پاس جو فیصلہ ہے ان کا نکاح 2024ء اور تنسیخ نکاح بھی ستمبر 2024ء میں ہوا ہے، انیبہ بی بی بنام اسد خان ولد فضل کریم 2024-09-24، کے مقدمہ اور عدالتی فیصلہ کا شریعت اسلامی کی روشنی میں تفصیلی جائزہ پیش کیا جارہا ہے؛

## عنوان مقدمہ

**عنوان:** انیبہ بی بی بنام اسد خان ولد فضل کریم (دعویٰ تنسیخ نکاح ونان ونفقہ وغیرہ)

**اجراء:** 06-04-2024

**فیصلہ:** 26-09-2024

## تفصیل مقدمہ

مورخہ 2024-04-06 دعویٰ میں مدعیہ انیبہ بی بی کی جانب سے درج ذیل نکات تحریر کئے گئے:

مدعیہ اور مدعاعلیہ کا نکاح 11 مارچ 2024 کو اسلام آباد میں اسلامی طریقے اور رسم ورواج کے مطابق ہوا، جس میں حق مہر کی رقم 5000 روپے مقرر کی گئی جو ادا کر دی گئی، جبکہ 5 تولہ سونے کے زیورات مطالبے پر ادا کئے جانے تھے۔ حقیقت یہ ہے کہ مدعیہ اپنے نابالغ بھتیجوں کی خیریت دریافت کرنے کے لیے مدعاعلیہ کے گھر گئی، مگر مدعاعلیہ نے مدعیہ کی مرضی اور رضاء

کے بغیر زبردستی اس سے نکاح کر لیا۔[1] بعد میں پتہ چلا کہ نکاح نامے کے مطابق حق مہر 5000 روپے مقرر ہوا ہے، جسے ادا کیا جانا بتایا گیا اور 5 تولہ سونا مطالبے پر دینا طے ہوا (مہر غیر معجل)۔ اس نکاح کے بعد مدعیہ نے اپنی والدہ سے رابطہ کیا، جنہوں نے اُسے اپنے ساتھ واپس گھر لے گئیں۔ مدعیہ نے دیگر قانونی اختیارات اختیار کرنے کی بجائے مدعاعلیہ کے نفرت آمیز رویے کے باعث خلع کی بنیاد پر شادی کے خاتمے کی درخواست دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اب صورتحال یہ ہو چکی ہے کہ مدعیہ کے دل میں مدعاعلیہ کے لیے اس قدر نفرت پیدا ہو چکی ہے کہ نکاح کے رشتے کو اللہ تعالیٰ کے مقرر کردہ حدود کے مطابق نبھانا ناممکن ہو گیا ہے۔ مدعیہ کے لیے سب سے پہلے وجہ 11 مارچ 2024 کو پیدا ہوئی اور دوسری وجہ دو دن پہلے سامنے آئی، جب مدعاعلیہ نے قطعی طور پر طلاق دینے سے انکار کر دیا۔ چونکہ مدعیہ اسلام آباد میں مقیم ہے، اس لیے اس معزز عدالت کو اس مقدمے کی سماعت اور فیصلے کا مکمل قانونی اختیار حاصل ہے۔ اس دعوے کے ساتھ 15 روپے عدالتی فیس جمع کرا دی گئی ہے۔[2] درج بالا حالات کے پیش نظر معزز عدالت سے استدعا ہے کہ مدعیہ کے حق میں خلع کی بنیاد پر شادی ختم کرنے کا ڈگری بمعہ اخراجات جاری کی جائے۔

مورخہ 2024-03-11 کو مدعاعلیہ اسد خان کی جانب سے درج ذیل اہم نکات تحریر کیے گئے:

مدعیہ کے پاس اس مقدمے کو دائر کرنے کا کوئی جائز اور معقول جواز موجود نہیں ہے۔ یہ دعویٰ نہ تو قانونی لحاظ سے قابلِ سماعت ہے اور نہ ہی اس پر مزید کارروائی ہو سکتی ہے۔ مدعیہ نے عدالت میں غیر صاف نیت اور بدنیتی کے ساتھ رجوع کیا ہے، اس لیے وہ کسی رعایتی ریلیف کی حق دار نہیں بنتی۔ مدعاعلیہ نے مکمل مہر مدعیہ کو ادا کر دیا تھا، حتیٰ کہ مدعیہ نے رہائش کے دوران پانچ تولہ سونے کے زیورات مانگے، جو اس کے مطالبے پر ادا کیے گئے۔ اسی طرح 5000 روپے نقد مہر بھی مدعیہ کو مل چکے ہیں۔ مدعاعلیہ کو مدعیہ سے گہرا پیار اور محبت ہے اور اس نے مدعیہ کو زندگی کی ہر سہولت مہیا کی، جبکہ مدعیہ مکمل آزادی سے اپنی زندگی گزار رہی تھی۔ لیکن بدقسمتی سے مدعیہ کے والدین اور بہنوں کی مداخلت اور اکسانے سے یہ رشتہ خراب ہو گیا۔ آج بھی مدعاعلیہ مدعیہ کو الگ گھر میں آباد کرنے کے لیے تیار ہے۔[3]

تھانہ سمبل اسلام آباد SHO کے نام ایک بیان دیا ہے جس میں گزارش کی گئی ہے کہ میں اسد خان ولد فضل کریم ساکن میرا جعفر سیکٹر G-12 اسلام آباد کا رہائشی ہو آج مورخہ 2024-03-11 کو بوقت 11:30 بجے رات میرے سسرال میں میری ساس فارن بی بی اور میری ساس کا حقیقی بھائی دلدار اور میرا سالہ اجمل ولد محمد صدیق اور 15/20 نامعلوم لوگ میرے گھر پر آئے اور گھر کے اندر زبردستی گھستے ہی میرے ساتھ مارپیٹ شروع کر دی اور میری بیوی انیبہ بی بی کو زبردستی میرے گھر سے اٹھا کر لے گئے۔ میں نے مورخہ 2024-03-11 کو 12 بجے رات کے ٹائم اپنی بیوی انیبہ بی بی کے ساتھ اس کی رضامندی سے کورٹ میرج کیا تھا۔ میری بیوی اپنی رضامندی سے میرے سسرال والوں کے ساتھ جانا نہیں چاہتی تھی اس کو

[1] انیبہ بی بی بنام اسد خان ولد فضل کریم، 26.09.2024، ص8

[2] ایضاً، ص10

[3] ایضاً، ص14

میرے گھر سے مار پیٹ کر کے زبردستی لے جایا گیا۔ آپ جناب سے بذریعہ درخواست التماس ہے کہ ان ملزمان کے خلاف قانونی کاروائی کی جائے اور مجھے انصاف دلوایا جائے۔[1] مصالحت کے باوجود کوئی نتیجہ نہیں نکل آنے کی صورت میں فیملی کورٹ کی طرف سے تنقیحات وضع کر دیں۔

دعویٰ ہے کہ فیصلہ کے پیراگراف نمبر 1 میں صرف نکاح کے بارے میں بات درست ہے، باقی تمام نکات غلط ہیں اور انہیں مسترد کیا جاتا ہے۔ مکمل حق مہر مدعیہ کو ادا کیا جا چکا ہے۔ پیرا نمبر 2 درست نہیں، اس لیے اسے بھی تسلیم نہیں کیا جاتا۔ حقیقت یہ ہے کہ مدعیہ اور مدعاعلیہ ایک دوسرے سے محبت کرتے تھے اور مدعیہ نے ہی مدعاعلیہ کو نکاح کی پیشکش کی، جسے مدعاعلیہ نے قبول کیا اور دونوں نے عدالت میں نکاح کیا۔ باقی تمام باتیں بے بنیاد اور جھوٹے الزامات ہیں۔ پیرا نمبر 3 میں بیان کی گئی باتیں غلط ہیں۔ اصل صورت یہ ہے کہ مدعیہ کی والدہ اپنے بیٹے اجمل کھوکھر اور کچھ نامعلوم افراد کے ساتھ مدعیہ کے گھر میں زبردستی داخل ہوئیں اور مدعیہ کو جبراً مدعاعلیہ کے گھر سے لے گئیں۔ اس پر مدعاعلیہ نے متعلقہ تھانے میں درخواست بھی دی ہے۔ مدعاعلیہ آج بھی مدعیہ کو الگ گھر میں رکھنے کے لیے تیار ہے۔ (درخواست کی نقل منسلک ہے) اس 4 پیراگراف کا بھی انکار کیا جاتا ہے کیونکہ شادی ختم کرنے کا کوئی معقول جواز نہیں لیا گیا، لہٰذا خلع کا دعویٰ نا قابلِ سماعت ہے۔ پیرا نمبر 5 کی باتیں بھی حقائق کے منافی اور غلط ہیں۔ پیراگراف نمبر 6 بھی غلط ہے اور اس کی سختی سے تردید کی جاتی ہے۔ مدعاعلیہ کے خلاف کوئی وجہ وقوع پذیر ہی نہیں ہوئی۔ پیراگراف نمبر 7 صحیح اور قانونی ہے۔ پیراگراف نمبر 8 بھی قانونی طور پر درست ہے۔ مجموعی طور پر، اوپر بیان کی گئی گزارشات کی روشنی میں مدعیہ کا دعویٰ سراسر جھوٹ، من گھڑت اور بے بنیاد ہے، اس کی کوئی قانونی یا اخلاقی بنیاد نہیں، بلکہ بدنیتی اور ذاتی مقاصد کے تحت دائر کیا گیا ہے۔ اس لیے درخواست ہے کہ یہ 2024-04-06 اخراجات کے ساتھ مسترد کیا جائے۔

## تنقیح نمبر 1

پہلے تنقیح میں مدعیہ نے اپنے شوہر کے خراب رویے کی وجہ سے اس کے ساتھ مزید رہنے سے صاف انکار کر دیا، اور عدالت میں اپنا بیان ریکارڈ کرایا۔ اُس نے حق مہر کی رقم واپس کر کے اپنی غیر رضامندی اور نکاح کے خاتمے کی صاف وجوہات پیش کیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ فیملی لاز میں عورت کو یہ اختیار حاصل ہے کہ اگر وہ شوہر کے رویے یا حالات سے ناخوش ہو تو خلع کی بنیاد پر عدالت سے علیحدگی مانگ سکتی ہے، اور اس میں حق مہر کی واپسی اس کے خلوص نیت کی علامت ہے۔

[1] ایضاً، ص 26

Today the case was fixed far pre-trial reconciliation precedings.the plaintiff got recorded her statement and started that due to bad behavior of defendant,she doesn't want to live with the defendant within the limits set out by almighty Allah and prayed for decree of dissolution of marriage on the basis of khula. she has also returned the dower amount of RS.5,000/- which was received at time of Nikah to the defendant[1]۔

## تنقیح نمبر2

دوسرے تنقیح میں شوہر نے مکمل آمادگی ظاہر کی کہ وہ رشتہ برقرار رکھنا چاہتا ہے، اور علیحدگی نہیں چاہتا۔ یہ عمل عدالت کے سامنے دونوں فریقین کے مؤقف کی وضاحت کرتا ہے اور اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ خلع کے معاملات میں مرد کے جذبات اور موقف کو بھی اہمیت دی جاتی ہے، مگر اس کے باوجود عورت کی مرضی مقدم رکھی جاتی ہے۔ اس سے سوال اٹھتا ہے کہ کیا ہر صورت میں عورت کی رضامندی کو ہی فیصلہ کن حیثیت حاصل ہے یا مرد کے موقف کو بھی نظر میں رکھا جانا چاہیے؟

On the other hand, defendant appeared before the Court along with his counsel,and stated that he is ready to continue marital bond but plaintiff is trying to dissolve the marriage[2]۔

## تنقیح نمبر3

عدالت نے فریقین کے بیانات سُن کر اور مصالحت کی کوشش ناکام ہونے کے بعد سیکشن 10(4) ویسٹ پاکستان فیملی کورٹس ایکٹ 1964 کے تحت خلع کی ڈگری جاری کر دی۔ اس عمل سے ثابت ہوتا ہے کہ عدالت شواہد اور دونوں فریقین کے موقف سننے کے بعد فیصلہ کرتی ہے، اور اگر عورت کا مؤقف واضح اور مصمم ہو تو قانوناً تنسیخ نکاح کی ڈگری دینا عدالت کی ذمہ داری بن جاتی ہے۔

---

1 ایضاً، ص22

2 ایضاً، ص23

In view the statement of plaintiff pre-trial reconciliation has ended in failure and as such, there is no option with the Court except to decree the suit of plaintiff. He,suit of the plaintiff for dissolution of marriage on the basis of khula is decreed in her favour against the defendant and the marriage between the parties is dissolved on the basis of khula, under section 10(4) of West Pakistan Family Courts Act 1964.Decree sheet be prepared accordingly.Copy of this order be sent to concerned Union Council/Arbitration Council for necessary action.File be .consigned to record room after its due completion[1]

## اسلامی تعلیمات کی روشنی میں فیصلہ (Judgment) کا جائزہ

کسی بھی قوم کی ترقی اور خوشحالی کے لیے عدل و انصاف بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ نہ صرف مظلوم کو اس کا حق دلاتا ہے بلکہ ظالم کے خلاف کارروائی کر کے امن و امان قائم کرتا ہے۔ انصاف کی بدولت حقوق ان کے حقداروں تک پہنچتے ہیں اور فسادی عناصر کی روک تھام ہوتی ہے، تاکہ ہر فرد کی جان، مال، عزت اور نسل کی حفاظت یقینی بنائی جا سکے۔ اسی لیے اسلام نے عدل و قضا کو غیر معمولی اہمیت دی ہے اور اسے انبیاء کی سنت قرار دیا ہے۔ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالی نے لوگوں میں فیصلہ کرنے کا حکم دیتے ہوئے ارشاد فرمایا:

"وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ"[2]

اور جو اللہ نے نازل کیا ہے اس کے مطابق فیصلہ نہ کرے تو وہی لوگ کافر ہیں۔

اللہ رب العزت انصاف کے قائم کرنے کا حکم دیتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں:

" وَ اِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ؕ"[3]

اور جب تم لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو عدل کے ساتھ فیصلہ کرو"

---

[1] ایضاً، ص 23

[2] المائدہ (5)44

[3] النساء (4)58

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اسوہ حسنہ امت کے لیے ہمیشہ سے مشعل راہ رہا ہے۔ اگر مسلمان اس پر حقیقی معنوں میں عمل پیرا ہوں تو آج کی پر فتن دور میں بھی دنیا پر قیادت حاصل کر سکتے ہیں۔ اسلام میں عدل و انصاف کو بنیادی حیثیت حاصل ہے، جس میں احتساب، مساوات اور سماجی انصاف شامل ہیں۔ سماجی انصاف کا تقاضا ہے کہ امیر و غریب میں فرق نہ ہو، مرد و عورت کے حقوق برابر ہوں، اور کسی کو کسی دوسرے کے استحصال کی اجازت نہ ہو۔ ایک مثالی معاشرہ وہی کہلائے گا جہاں تعلیم ہر فرد کے لیے یکساں اور مساوی دستیاب ہو، قانون سب پر یکساں لاگو ہو، اور کوئی بھی قانون سے بالاتر نہ ہو۔ کسی کو محض اس کی نسل، حسب و نسب، مذہب، رنگ یا علاقے کی بنیاد پر برتری یا کمتری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ وسائل کی منصفانہ تقسیم یقینی ہو، تاکہ ہر فرد کو اس کا حق بلا تفریق ملے اور کوئی بھی بنیادی ضروریات سے محروم نہ رہے۔ کسی کو زبردستی کسی پر قابض ہونے کی اجازت نہ ہو اور ہر فرد کی ملکیت، عزت و وقار محفوظ رہے۔

یہ تمام اصول کسی بھی مہذب اور منصفانہ معاشرے کی بنیاد ہوتے ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ مسلمانوں کے لیے ہر شعبہ زندگی میں کامل نمونہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس میں ایک عظیم حاکم، مدبر قائد، شفیق مربی، دانا مرشد اور عادل منصف کی تمام خوبیاں یکجا تھیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا طرز حکمرانی، عدل و انصاف کا نظام، اور سماجی مساوات کے اصول اج بھی دنیا کے لیے روشنی کا مینار ہیں۔ اگر امت مسلمہ انہی اصولوں پر کربند ہو جائے تو ایک مثالی اسلامی معاشرہ تشکیل دیا جا سکتا ہے، جو ہر فرد کے لیے امن، انصاف اور خوشحالی کی ضمانت بنے گا۔

حسب روایت جب بھی کسی خاندان میں اس طرح کے مسائل پیدا ہوں کہ نوبت عدالت تک جا پہنچے تو سب سے پہلا مرحلہ ایسے وکیل کی تلاش ہوتا ہے جو ان کے موقف کو اچھے سے اچھے طریقے سے عدالت کے روبرو پیش کر سکے۔ لہذا زیر نظر مقدمہ میں بھی مدعیہ کے وکیل نے دعوی دائر کرتے ہوئے قانونی تقاضے پورے کرتے ہوئے اسلام آباد کی فیملی کورٹ میں دعویٰ دائر کیا۔ مورخہ 2024-09-26 کو کونسل مدعیان بحث آخر یکطرفہ سماعت کرنے کے بعد فاضل عدالت نے متذکرہ بالا مقدمہ نمبری under section 10 (4) of west Pakistan Family Courts Act 1964. دائر شدہ مورخہ 2024-04-06 کا فیصلہ صادر فرمایا جس کے چند اہم نکات درج ذیل ہیں:

مورخہ 2024-04-06 کو مدعیہ کی جانب سے تنسیخ نکاح ودلاپانے نان و نفقہ وغیرہ کا عائلی مقدمہ دائر کرنے کے بعد مورخہ 2024-03-11 کو اسد خان ولد فضل کریم کی جانب سے جواب دعویٰ دائر کیا گیا جس میں اس نے (حقوق اعادہ زن آشوئی) کا مقدمہ دائر کرنے کے بارے میں معزز عدالت کو آگاہ کیا کہ بندہ پہلے ہی مدعیہ کو بسانے کی غرض سے حقوق اعادہ زن آشوئی کا دعویٰ دائر کر چکا ہے۔[1]

زیر نظر مقدمہ میں دعویٰ اور جواب دعویٰ دونوں میں اکثر و بیشتر عدالت میں پیش کئے جانے والے مقدمات کی طرح ایک جیسے الفاظ و الزامات ہی پیش کئے گئے ہیں۔

---

[1] ایضاً، ص14

## مدعیہ کا دعوی

زیر بحث مقدمہ میں مدعیہ کے بقول مدعاعلیہ اچھا انسان نہ ہے جو اسے زدوکوب کرتا رہا اور زبردستی بھگا کر شادی کر لینا وغیرہ۔ مقدمہ کا آخری فیصلہ بڑی حد تک مختصر فیصلہ ہے۔ لیکن شریعت اسلامی کی روشنی میں دیکھا جائے تو اس مقدمہ میں بھی گزشتہ مقدمات کی طرح فریقین کی جانب سے جابجا شریعت کی خلاف ورزیاں نظر آتی ہیں۔ مثلا مدعیہ کے دعویٰ جات میں مدعاعلیہ پر جو الزامات لگائے گئے ان میں شروع دن سے ہی ظالمانہ رویہ اختیار کرنا وغیرہ، حق المہر کی ادائی نہ کرنا، مہر میں دیے جانے والے سونے سے انکار، یہ تمام الزامات وہی ہیں جو گزشتہ مقدمات کے مطالعے سے سامنے آتے ہیں کہ تقریباً تمام ہی فیملی مقدمات میں بیوی کی جانب سے اس جیسے الزامات شوہر پر لگائے جاتے ہیں۔ مگر دوران سماعت تقریباً تمام ہی دعویٰ جات کو ثابت کرنے میں مکمل ناکام رہی۔

## مدعاعلیہ کا دعوی

دوسری طرف مدعاعلیہ نے بھی اپنے جواب دعویٰ میں وہی الزامات لگائے کہ مدعیہ اپنی مرضی سے شادی کی یعنی راضی تھی، پیار ومحبت تھی، مدعیہ اپنے گھر نہیں جانا چاہتی تھی، تو ساس کے گھر والے رات میں آئے زبردستی گھر میں گھس گئے مارپیٹ کی اور بیوی کو لے گئی، 15 پر فون کیا سارا ڈیٹیل بتایا[1]، 5000 مہر دیا تھا اور سونا بھی دیا تھا، مدعیہ کا دعویٰ غلط بیانی، جھوٹ اور دروغ گوئی پر مبنی ہے وغیرہ۔

گزشتہ مقدمات کی طرز پر مقدمہ زیر بحث میں بھی عدالت نے "جھوٹ" بولنے پر کسی قسم کا کوئی ایکشن نہیں لیا اور صرف مقدمہ کے فیصلہ کو ہی انصاف کے تقاضے پورے کرنے میں کافی سمجھا ہے۔ حالانکہ قران کریم میں ارشاد باری ہے:

### آیت(1)

"یا أَیُّهَا الَّذینَ آمَنُوا اتَّقُوا اللهَ وَ کُونُوا مَعَ الصّادِقینَ"[2]

اے ایمان والو! خدا (کے ہر حکم کی مخالفت) سے ڈرو اور سچوں کا ساتھ دو۔

### آیت(2)

"وَ اجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ"[3]

جھوٹی بات سے اجتناب کرو"

جھوٹ کی اس سے بڑی دنیاوی سزا اور کیا ہو سکتی ہے کہ اللہ رب العزت قرآن مجید میں ارشاد فرما رہے ہیں کہ جھوٹے کو ہدایت نصیب نہیں ہوتی:

---

[1] ایضاً، ص26

[2] التوبہ (9)119

[3] الحج (22)30

**آیت(3)**

"اِنَّ اللّٰہَ لَا یَھْدِیْ مَنْ ھُوَ کٰذِبٌ کَفَّارٌ"[1]

بے شک خدا اس شخص کو جو جھوٹا ناشکرا ہے ہدایت نہیں دیتا"

**حدیث(1)**

**عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ رضي الله عنه قَالَ. قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺاِنَّ الصِّدْقَ يَهْدِي إِلَى الْبِرِّ، وَإِنَّ الْبِرَّ يَهْدِي إِلَى الْجَنَّةِ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَصْدُقُ حَتَّى يُكْتَبَ عِنْدَ اللهِ صِدِّيقًا، وَإِيَّاكُمْ وَالْكَذِبَ، فَإِنَّ الْكَذِبَ يَهْدِي إِلَى الْفُجُورِ، وَإِنَّ الْفُجُورَ يَهْدِي إِلَى النَّارِ"[2]**

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "بے شک سچائی نیکی کی طرف رہنمائی کرتی ہے اور نیکی جنت کی طرف لے جاتی ہے، اور آدمی سچ بولتا رہتا ہے یہاں تک کہ اللہ کے نزدیک صدیق لکھ دیا جاتا ہے، اور جھوٹ سے بچو، کیونکہ جھوٹ فجور (گناہ) کی طرف لے جاتا ہے اور فجور آگ کی طرف لے جاتا ہے۔"

**حدیث(1)**

**"عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ رضي الله عنه، أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ:رَأَيْتُ رَجُلًا يُشَقُّ شِدْقُهُ إِلَى قَفَاهُ، كُلَّمَا شُقَّ عَادَ كَمَا كَانَ، فَقُلْتُ. مَنْ هَذَا؟ فَقِيلَ. هَذَا الرَّجُلُ يَغْدُو مِنْ بَيْتِهِ فَيَكْذِبُ الْكَذْبَةَ تَبْلُغُ الآفَاقَ"[3]**

نبی ﷺ نے فرمایا: "میں نے ایک شخص کو دیکھا جس کے چہرے کا ایک طرف حصہ پھاڑا جا رہا تھا، اور وہ پھٹنے کے بعد دوبارہ ٹھیک ہو جاتا، پھر دوبارہ پھاڑا جاتا۔ میں نے پوچھا: یہ کون ہے؟ کہا گیا: یہ وہ شخص ہے جو صبح اپنے گھر سے نکلتا ہے اور جھوٹ بولتا ہے، جو ساری دنیا میں پھیل جاتا ہے۔

جھوٹ کی شدید ممانعت کے باوجود زیر بحث مقدمہ میں کئی مقامات پر مدعیہ مدعاعلیہ کی جانب سے غلط بیانی، لالچ و طمع، مبالغہ آرائی، الزام تراشی اور جھوٹ بولا جانا ثابت ہوا۔ اگر ہمارے عدالتی نظام میں ایسی اصطلاحات کر دی جائیں کہ مقدمہ کی ابتداء میں ہی اس بات کا اچھی طرح سے جائزہ لینے کے لیے کوئی جج مقرر کر دیا جائے، جس کا کام صرف یہ ہو کہ معائنہ کرے کہ مقدمہ کے مندرجات جھوٹ پر مبنی ہیں یا سچ پر تو نہ صرف بہت سے مقدمات ابتدائی مراحل میں خارج ہو جائیں گے بلکہ آئندہ کے لیے مقدمات کی روک تھام میں بھی مدد میسر آئے گی۔ مگر عدالت نے ہر موقع پر چشم پوشی کرتے ہوئے سزا دینا تو دور کی بات معمولی سی سرزنش بھی نہیں کی۔ عائلی مقدمات میں روز بروز اضافہ ہونے کی وجوہات میں سے ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ ابتداء مقدمہ سے لے کر ہم فیصلہ ہونے تک فریقین جتنا مرضی جھوٹ لکھ دیں، بول دیں، مگر عدالت اس پر کوئی سزا نہیں دے

---

1 الزمر (39)3

2 البخاری، محمد بن اسماعیل، صحیح البخاری، کتاب الأدب، ح6094۔ بیروت: دار ابن کثیر، 1987ء

3 البخاری، محمد بن اسماعیل، صحیح البخاری، کتاب التعبیر، ح7047۔ بیروت: دار ابن کثیر، 1987ء

گی بلکہ عدالت کا اصل ہدف صرف مقدمہ کا آخری فیصلہ کرنا ہے تاکہ مقدمات کی زیادہ سے زیادہ ڈسپوزل (فیصلہ جات) ہو اور عدالت کے ماہانہ پوائنٹس میں اضافہ ہو سکے، جن کی بنیاد پر ترقی میں آسانی ہوتی ہے۔ اس طرح کی خامیوں کی وجہ سے جہاں ایک طرف ڈسپوزل بڑھ رہی ہے تو دوسری طرف جھوٹے مقدمات دائر کیے جانے کی حوصلہ افزائی بھی ہو رہی ہے۔

مقدمہ کی ابتدا سے لے کر فیصلہ تک تمام بحث سے یہ پتہ چلتا ہے کہ فریقین کے درمیان مقدمہ کی جو ٹائم گزری ہے مگر عدالت کے آخری فیصلہ کے مندرجات سے پتہ چلتا ہے کہ عدالت نے دعویٰ اور جواب دعویٰ کے مندرجات کے مطابق فیصلہ تو صادر کر دیا، مگر یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا اس فیصلے سے معاشرے میں کوئی بہتری آسکتی ہے؟

مدعیہ نے جابجا جھوٹ کا سہارا لیتے ہوئے تمام تر غلطیوں کا سہارا مدعاعلیہ پر ڈال دیا۔ اپنے والدین کی مرضی کے بغیر گھر سے بھاگ کر مدعاعلیہ سے شادی کی اور بعد میں الزام لگایا کہ مدعاعلیہ نے زبردستی سے یہ سب کچھ کیا۔ آج کے دور میں کون سی لڑکی ہے جو اپنی مرضی کے بغیر کسی کے بہلانے پسلانے پر اپنے والدین کا گھر چھوڑ کر شادی کرتی ہے، اور ساتھ ہی عدالت میں والدین کے خلاف بیان بھی دیتی ہے، اور پھر والدین سے اپنی جائیداد کے حصول کی خاطر ایک لمبی چوڑی عدالتی کروائی کے ذریعے اپنا وراثتی جائیداد کا حصہ بھی حاصل کر لیتی ہے، اور اس دوران تین، چار یا پانچ بچوں کی ماں بننے کے بعد اسے خیال آتا ہے کہ اس کا شوہر لالچی ہے اور اس کی جائیداد کو بیچ کر ہڑپ کرنا چاہتا ہے۔

اصل میں مدعیہ اور مدعاعلیہ کے درمیان پہلے سے محبت کا تعلق موجود تھا، اسی وجہ سے مدعیہ اکثر مدعاعلیہ کے گھر کسی بہانے آتی جاتی رہی۔ اچانک یہ سب نہیں ہوا بلکہ دونوں کے تعلقات پہلے سے تھے اور مدعیہ نے بھی اپنی مرضی سے اس رشتے کے لیے آمادگی ظاہر کی تھی۔ تاہم بعد میں جب گھر والوں، خصوصاً ماں یا بھائی کی مداخلت اور دباؤ آیا تو مدعیہ خود پرانے مؤقف سے ہٹ گئی اور علیحدگی کا مطالبہ کر دیا۔ اس پس منظر سے اندازہ ہوتا ہے کہ کبھی کبھار خاندانی دباؤ اور رائے عوامل کو بدل دیتے ہیں، جو کہ ایسے مقدمات میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

سونے پر سہاگہ ان تمام حالات کے باوجود عدالت صرف تنسیخ کرنے، نان ونفقہ جاری کرنے اور اپنے یونٹس پورے کرنے کے چکر میں نہ صرف دو خاندانوں کے ٹوٹنے کا سبب بنتی ہے بلکہ پاکستانی معاشرے کی توڑ پھوڑ میں بڑھ چڑھ کر اپنا حصہ ڈالنے سے بھی گریز نہیں کرتی۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان کا عدالتی نظام دنیا بھر کے عدالتی نظاموں میں آخری نمبروں پر براجمان ہے کیونکہ پاکستان کی عدالتوں کو اس بات سے کوئی سروکار نہیں کہ ان کے فیصلوں سے معاشرے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو رہے ہیں، عدم تحفظ کا شکار ہو رہے ہیں، نوجوانوں کی زندگیاں برباد ہو رہی ہیں، بچوں کے مستقبل داؤ پر لگ رہے ہیں۔

# باب سوم

# خلع کے بڑھتے ہوئے رجحان کے سدباب کے لئے قانونی وسماجی حکمت عملی

فصل اول: خلع کے سدباب میں عدالیہ اور قانون کا کردار

فصل دوم: خلع کے سدباب میں معاشرے اور زوجین کا کردار

# فصل اول

## خلع کے سد باب میں عدالیہ اور قانون کا کردار

نکاح مسنون عمل ہے، نکاح پاکیزہ اور سکون کا باعث بننے والا رشتہ ہے جو نا صرف نسل انسان کی بلکہ معاشرے کی حفاظت وبقاء اور ترقی کی بنیاد پر قائم کرتا ہے، اور اس کے ساتھ ساتھ یہ انسان کے فطری جذبات و تقاضوں کا خیال رکھتے ہوئے مناسب تحدید کرتا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

"یٰامَعْشَرَ الشّبَاب مَنِ اسْتَطَاعَ البَاءَةَ فَلْيَتَزَوّج فَإنّهُ أغُضّ لِلْبَصَرِ وأحْصَنَ لِلْفَرَج"[1]

اے نوجوانوں جو تم سے نکاح اور اس کے اخراجات کی قدرت رکھتا ہے اسے نکاح کرنا چاہیے کیونکہ نکاح سے نگاہ نیچی رہتی ہے اور شرمگاہ کی حفاظت رہتی ہے یعنی نکاح سے دل، دماغ، نگاہ اور شرمگاہ کی حفاظت ہو جاتی ہے جو کہ نہ صرف اس کے خود کے لیے بلکہ اردگرد کی ماحول کے لیے بھی باعث امن کا ذریعہ بنتا ہے۔ اور یہ بھی کہ نکاح قائم ہو جانے کے بعد مرد و عورت کے دو خاندان ایک ہو جاتے ہیں اوران میں قرابت و محبت اور اتحاد یگانگت بھی پیدا ہوتی ہے۔ الغرض نکاح کے فوائد و ثمرات بے شمار ہیں ان تمام کا یہاں احاطمہ ممکن نہیں اسی لیے اس کے تحفظ بقاء اور دوام کی خوب تلقین کی گئی ہے قران کریم میں جہاں بھی نکاح کا تذکرہ ہوا ساتھ کہا گیا کہ اللہ تعالی سے ڈرتے رہو اور حدود اللہ کی پاسداری کرتے رہو۔ لہذا حتی الامکان کوشش یہی رہنی چاہیے کہ رشتہ ازدواج قائم رہے اور شریعت کی طرف سے حکم بھی یہی ہے لیکن اگر کسی وجہ سے اس رشتے کی قیام میں مسائل پیدا ہو رہے ہوں، حدود اللہ کے قیام میں خطرہ ہو اور رشتوں میں سکون کے بدلے میں بدامنی کا خوف ہو تو علیحدگی کی اجازت ہے شریعت میں اس کی گنجائش موجود ہے اور اس کا طریقہ وضع کیا گیا ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ ترجیح اور اول

---

1 بخاری، محمد بن اسماعیل(م:256ھ) صحیح البخاری، بیروت۔ دارابن کثیر، طبع دوئم، 1987، کتاب النکاح، باب من لم یستطیع الباءۃ، حدیث:4779، -5/1950

سوچ اس رشتہ کو ختم کرنے کی ہو اس سلسلہ میں جلد بازی کی جائے یا کسی دنیاوی غرض و لالچ کی خاطر معاملہ نکاح کو ختم کرنے کو ترتیب دیا جائے حیلہ و بہانہ تراشا جائے اور جھوٹ و بہتان تراشی جیسے کسی بھی منفی عمل کو بنیاد بنا کر اپنا مقصد حاصل کیا جائے ایسا بالکل ممنوع ہے بلکہ اللہ تعالی کی ناراضی کا سبب ہے۔ چنانچہ طلاق و خلع کے بڑھتے ہوئے رجحانات کے روک تھام اور اس میں کمی کے لیے زندگی کے ہر شعبہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس میں اپنا موثر کردار ادا کرے اول ذمہ داری حکومت اور حکومتی اداروں کی ہے اسی طرح معاشرے کی ذمہ داری ہے، خاندان کی ذمہ داری ہے اور زوجین کی ذمہ داری ہے۔ حکومتی اداروں میں سب سے اہم ذمہ داری عدلیہ کی ہے نکاح و طلاق اور خلع کے سلسلہ میں اب تک جو قانون سازی ہو چکی ہے اسے قابل عمل بنانے کی ضرورت ہے اور اس کے علاوہ اس قانون کو مثبت انداز میں استعمال کرنے کی ضرورت ہے لیکن دوران تحقیق کچھ ایسے امور سامنے آئے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ دور حاضر میں طلاق و خلع کے قانون کا سہارا لیتے ہوئے نکاح کی بقاء اور تحفظ کی بجائے طلاق و خلع کی آسانی کو پیش نظر رکھا جارہا ہے ایسی صورتیں بینہ کی جارہی ہیں جس سے ان لوگوں کو فائدہ ہو رہا ہے جو نکاح کو ختم کرنا چاہتے ہیں رشتہ ازدواج توڑنا چاہتے ہیں، ایسی صورتیں پیدا نہیں کی جارہی جن سے رشتہ ازدواج ٹوٹنے سے بچ جائے اس سلسلے میں ترغیب و ترغیب اور اس کے مضمرات پر بات موثر انداز میں نہیں کی جارہی، جیسا کہ نکاح کے حوالے سے قانون میں فیملی ایکٹ پر عمل کی صورتحال ہے۔

## مسلم میرج ڈیزولوشن۔

مسلم فیملی لاء میں بنیادی طور پر تین ادوار کے آرڈیننس میں نکاح و شادی کے حوالہ سے گفتگو کی گئی ہے۔

1۔ مسلم میرج ڈیزولوشن ایکٹ مجریہ 1939ء۔

2۔ مسلم فیملی لاء آرڈینس مجریہ 1961ء۔

3۔ مسلم فیملی لاء ایکٹ مجریہ 1964ء۔[1]

مسلم فیملی لاء آرڈینس 1961 کا سیکشن سات میں مسلم خاندان میں طلاق دینے کی ہدایات بیان کرتے ہوئے اس کے طریقہ کار کو وضع کرتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ جب بھی کوئی پاکستانی شہری مسلمان طلاق دینا چاہے تو وہ سیکشن ساتھ میں بیان کردہ طریقہ کار کو اپناتے ہوئے قانونی راستہ اختیار کرنے کا پابند ہو گا چنانچہ اس سیکشن کے تحت جب خاوند طلاق کا ارادہ کرے تو پہلے اس کا تحریری نوٹس اپنی متعلقہ یونین کونسل کے چیئرمین کو بھجوائے۔ چیئرمین کو نوٹس ملنے کے 30 یوم کے اندر وہ ایک ثالثی کونسل بنا کر دونوں فریقین کو صلح و مفاہمت کا موقع فراہم کرے گا۔
اس قانون کی روشنی میں ہونا تو یہ چاہیے کہ جب بھی خاوند و بیوی کے معاملات اس نہج پر پہنچیں اور علیحدگی کا سوچنے لگیں تو پہلے یونین کونسل میں درخواست پیش کرے کہ میں اپنی بیوی کو طلاق دینا چاہتا ہوں۔ اور پھر باقی کاروائی قانون کی روشنی میں مکمل کی جائے، لیکن ایسا عملی نمونہ ناپید ہے اس قانونی ہدایت پر عمل نہ ہونے کے برابر ہے۔ بلکہ عملی شکل یہ بنی ہوئی ہے کہ خاوند جب طلاق کا

[1] http://punjabcode.punjab.gov.pk/retrieved on 17 sep, 2020 at 12:32am

سوچتا ہے تو فوراً اپنا حق طلاق استعمال کر لیتا ہے اس سلسلے میں کسی سے نہ مشورہ لیتا ہے اور نہ ہی یونین کونسل میں درخواست پیش کرتا ہے یہی وجہ ہے کہ طلاق کے مقدمات عدالت میں تب وارد ہوتے ہیں جب طلاق کے بعد کے معاملات در پیش ہوتے ہیں مثلاً بیوی وہ بچوں کے اخراجات حق مہر کی ادائیگی اور جہیز کے سامان کی واپسی وغیرہ۔ اس وقت صلح و مفاہمت اور رجوع کی نہ نیت ہوتی ہے اور نہ اس کا سوال پیدا ہوتا ہے اس عملی شکل کی انتہائی صورت جو کہ سب سے زیادہ بھیانک ہے وہ یہ کہ خاوند طلاق دیتے ہوئے تین طلاق دے دیتا ہے، حالانکہ تین طلاق کی شرعی، اخلاقی اور معاشرتی قباحتیں موجود ہیں لیکن اس کے باوجود ایسا بکثرت ہو رہا ہے۔

اس لئے حکم مقرر کرنا چاہیے کہ طلاق کے معاملات کو قانون کے مطابق یونین کونسل کی ثالثی کونسل کے ذریعے حل کیا جائے تاکہ جلد از جلد صلح ہو اور طلاق کے نقصانات کم ہوں۔ خاوند کو چاہیے کہ وہ سیکشن 7 کے تحت تحریری نوٹس دے اور قانونی راستہ اپنائے تاکہ عورت و بچوں کے حقوق محفوظ رہیں اور غیر ضروری مقدمات سے بچا جا سکے۔ اس کے علاوہ تین طلاق کے سلسلے سے بچاؤ کے لیے شرعی تعلیمات پر سختی سے عمل کرنا ضروری ہے تاکہ خاندان مضبوط رہے۔

## حکم مقرر کرنا۔

ما قبل میں ہم بیان کر چکے پاکستان کے عدالتی نظام میں ایسا قانون موجود ہے کہ جب کوئی خاوند طلاق دینے کا ارادہ کرے تو وہ پہلے اپنے متعلقہ یونین کونسل میں ایک درخواست پیش کرے جس درخواست کی روشنی میں یونین کونسل ایک ثالثی کونسل بنا کر دونوں فریقین کو صلح و مفاہمت کا موقع فراہم کرے گی مذکورہ ہدایات پر عمل درآمد اور اس کا نفاذ کس حد تک موجود ہے اس پر بات کریں تو ہمیں اس کی عملی شکل نظر نہیں آتی اور نہ ہی ان اس کے خلاف جانے پر قانون کی طرف سے اس پر کوئی سزا یا پکڑ کی صورت نظر آ رہی ہے۔ حالانکہ یہ قانون اپنی جگہ بہت کارآمد مفید اور موثر ترین ہے جس سے طلاق کی شرح میں نمایاں کمی آسکتی ہے کیونکہ یہ اللہ کا حکم بھی ہے، اللہ تعالی نے فرمایا: کہ جب خاوند اور بیوی کے درمیان تنازعہ پیدا ہو جائے تو ان کے درمیان کوئی حکم مقرر ہونا چاہیے جو ان کے درمیان فیصلہ کرے اور ان کے مفاہمت اور صلح میں اپنا کردار ادا کرے۔ ثالثی کونسل کا قیام بھی اللہ تعالی کے اسی حکم کے تناظر میں حکمی تناظر میں وجود میں لانے کا فیصلہ ہے۔[1]

حکم مقرر کرنے کے حوالے سے دو بحثیں کی ہے، ایک یہ کہ حکومت کی طرف سے ثالثی کونسل کی شکل میں صلح و مفاہمت کے مواقع پیدا کیے جائیں۔ دوسری یہ کہ نجی طور پر خاندان والے اپنی مرضی سے ایک ایک حکم مقرر کر لیں۔ ان دونوں صورتوں میں کیا کیا مشکلات مسائل اور سقم پائے جا رہے ہیں اس پر کچھ تفصیل پیش کی جاتی ہے۔

## ثالثی کونسل۔

---

[1] النساء4ء35

حکم مقرر کرنے کا ایک صورت تو وہ ہے جو فیملی لاء کا حصہ ہے اور وہ یہ کہ پاکستان میں عدالتی نظام یہ ہے کہ فیملی قوانین کی روشنی میں یہ قانون زوجین کے حقوق کی نگاہبان ہو کر فیملی معاملات اور مسائل کو ختم کرائیں سول عدالت مقدمے کی سماعت سے پہلے اور فریقین کی شہادت کے بعد مقدمہ کا فیصلہ کرنے سے بیشتر زوجین کو راضی نامہ، مصالحت اور مفاہمت کی پیشکش کرتی ہیں۔ مفاہمت اور راضی نامہ کی ناکامی کی صورت میں عدالت اپنا فیصلہ سنا دیتی ہے عدالتوں کا طریقہ کار اور مطمح نظر یہی ہے کہ کسی طرح زوجین میں مصالحت پیدا کی جاسکے تاکہ زوجین میں صلح ہو کر پھر سے وہ اپنا گھر آباد کر سکیں۔ لیکن اس کا عملی مظاہرہ حقیقی مقصد سے مختلف ہے وہ اس طرح کے اول تو طلاق کے لیے طے شدہ طریقے کو اپنایا نہیں جاتا اور اگر اس طریقہ کو اپنایا بھی جاتا ہے (جس کے اعداد و شمار نہ ہونے کے برابر ہیں) تو ثالثی کونسل برائے نام کی ہوتی ہے اس کی ایک وجہ تو یہ کہ یونین کونسل پوری طرح فعال نہیں ہیں اور جو ہے وہ اس سلسلہ میں عام آدمی کو رہنمائی کے لیے معاون ثابت نہیں ہو رہیں اور دوسری وجہ یہ کہ اکثریت کو اس قانون کا علم نہیں، اپنے علاقے کے یونین کونسل کو پوری طرح جانتے نہیں یا اس کی دائرہ کار سے مکمل طور پر واقف نہیں چنانچہ جب متاثرین عدالت کا رخ کرتے ہیں وہ وہاں مصالحت کے عمل سے کاغذی کاروائی کے انداز سے گزارا جاتا ہے حقیقتا مصالحت کی کوشش نہیں کی جاتی کیونکہ عدالت میں ساری کاروائی وکیلوں کے ذریعے ہوتی ہے اور دونوں طرف کے وکیل کی ترجیح یہ نہیں ہوتی کہ زوجین کے درمیان علیدگی نہ ہو بلکہ وہ معاوضہ ہی علیحدگی کرانے کا لیتے ہیں اور انہیں اپنے موکل کی خواہشات کو مد نظر رکھنا ہوتا ہے اس لیے ثالثی کونسل میں جانا اور وہاں صلح و مفاہمت کی کوشش کرنا ایسا عملا ہو نہیں رہا یہ عدالتی نظام کی بہت بڑی کمزوری ہے اسے نافذ کرنے کی طرف خصوصی توجہ کی ضرورت ہے اس شخص کی عوام میں بھرپور اگاہی کی ضرورت ہے۔ اور اس پر سختی سے عمل درآمد کر کے سینکڑوں خاندانوں کو ذلالت و رسوائی سے بچایا جا سکتا ہے۔

حکم مقرر کرنے کی دوسری صورت یہ ہے کہ خاندان والے اپنے طور پر ایک ایک حکم مقرر کرلے جو زوجین کے مسائل سن کر ان کے درمیان راضی نامہ اور صلح کی کوشش کریں۔ اس حوالے سے سب سے اہم بات یہ ہے کہ ان حکمین کی حیثیت کیا ہوگی کیا یہ زوجین کے درمیان کسی بھی فیصلے کا حق رکھتے ہیں یا ان کی حیثیت محض مشورہ اور رائے دینے کی ہے۔ اس بحث کی کچھ تفصیل پیش کی جاتی ہے:

**اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:**

**"وإنْ خِفْتُم شِقَاقَ بيْنِهِمَا فَابْعَثُوا حَكَمًا مِن اَهْلِه وَحَكمًا مِن اَهْلِهَا"[1]**

اور اگر زوجین کے درمیان تنازعہ کا خوف ہو تو ایک حکم خاوند کے خاندان سے اور ایک بیوی کے خاندان سے بھیجو تنازعہ کی صورت میں حکم مقرر کرنا ہر ایک دوسری کی نافرمانی اور ظلم پر کمر باندھے تو اس میں قطع منازعت کی شکل یہ ہے کہ دو حکم مقرر کیے جائیں۔ ایک خاوند کے کنبے سے اور ایک بیوی کی کنبے سے اور دونوں ان کے درمیان مصالحت و مفاہمت کی کوشش

---

[1] النساء35,4

کریں، ناکامی کی صورت میں ان کے نفقہ وغیرہ کے متعلق خاوند بیوی میں جو کچھ مناسب مصلحت دیکھیں فیصلہ کر دے۔ درج بالا آیت میں لفظ حکم استعمال ہوا ہے اور حکم کے کئی معنی ہیں۔ حکم قاضی یا ثالث کو کہا جاتا ہے۔ **علامہ ابن کثیر** کہتے ہیں:

"**الْحَاكِمُ وَهُوَ الْقَاضِى**"[1]

یعنی حاکم قاضی کو کہتے ہیں۔

المفردات فی غریب القرآن میں **امام راغب اصفہانی** لکھتے ہیں کہ:

"حکم کے اصلی معنی کسی چیز کے اصلاح کے لیے رک دینے کے ہیں۔[2]"

دراصل حکم مرد کے خاندان اور ایک عورت کے خاندان سے بلائے جانے کی مصلحت یہ کہ ان میں شفقت کا جذبہ بھی ہو اور وہ ان دونوں کی عادات سے بھی واقف ہو۔ دراصل حکم کا کام معاملہ کو سن کر سمجھنا اور پھر معاملہ کی تہ تک پہنچنا اور پھر جس قدر قصور ہو واضح کرنا اور مظلوم کو اس کا حق دلانا ہے۔ لہذا یہ امر ضروری نظر آتا ہے کہ وہ کسی فیصلے تک پہنچ سکے۔ حکم مقرر کرنے کا حکم دیا گیا ہے لیکن حکم کے دائرہ اختیار میں آراء مختلف ہیں۔ کہ کیا وہ صرف مرد اصلاح کرانے کا اختیار رکھتے یا اصلاح کے باوجود اگر معاملہ پیچیدہ ہو تو الگ کرانے کا اختیار بھی رکھتے ہیں۔؟

**مشہور حنفی امام الجصاص** نے اپنی تفسیر احکام القرآن میں لکھا ہے کہ:

" ہمارے حنفی اصحاب نے کہا ہے کہ حکموں کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ زوجین میں تفریق کرائیں، وہ یہ کہ زوجین راضی ہوں کیونکہ حاکم انہیں (حکموں کو) اس اختیار (تفریق قرار دینے کا) مالک نہیں بنایا۔ پس حکم کس طرح اس اختیار کے مالک بن سکتے ہیں وہ حکم سوائے وکیل کے اور کچھ نہیں[3]"

درج بالا عبارت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اگر وہ راضی ہوں تو تفریق کرائی جا سکتی ہے اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ بعض اوقات زوجین میں سے زوجہ تو علیحدگی چاہتی ہیں مگر خاوند بدستور ظلم پر قائم ہے اور علیحدگی بھی نہیں ہونا چاہتا تو ایسی صورتحال میں کیا ہونا چاہیے۔ اگر بیوی علیحدگی نہیں چاہتی اور خاوند چاہتا ہے وہ طلاق کے ذریعے گلو خلاصی کرا لیتا ہے یعنی ضرور کا شکار نہیں ہوتا لیکن اگر بیوی آزاد ہونا چاہے اور حکمین کچھ کر نہیں سکتے خاوند چھوڑنا نہیں چاہتا تو پھر کیا صورتحال ہو گی یہاں دراصل مسئلہ حکمین کی اتھارٹی کا ہے کہ کیا وہ قاضی والا اختیارات رکھتے ہیں یا صرف صلح وصفائی کرانے کا حق رکھتے ہیں۔ دراصل نکاح ایک ایسا معاہدہ ہے کہ اسے حتی الامکان مضبوط ہونا چاہیے اور حکمین کو بھی یہی کوشش کرنی چاہیے کہ وہ ان کے درمیان صلح و صفائی کرا دیں۔ یہ بات تو طے ہے کہ قاضی کو مکمل اختیار حاصل ہے اب یہ دیکھنا ہے کہ کیا یہ حکمین بھی قاضی کی حیثیت رکھتے ہیں یا وکیل کی حیثیت رکھتے ہیں، اس بارے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے دور کا ایک واقعہ نقل کیا جاتا ہے:

---

1 ابن اثیر، مبارک بن محمد الجزری، النہایۃ فی غریب الحدیث والاثر، بیروت، دارالکتب العلمیہ، طبع 1399ھ حرف الحاء 1023/1

2 اصفہانی، راغب، (م:502ھ) المفردات فی غریب القرآن، لاہور، ص 238

3 الجصاص، احمد بن علی الرازی (م:370ھ) احکام القرآن، بیروت، داراحیاء التراث العربی، طبع 1405ھ، 233/2

## علی رضی اللہ عنہ کے دور کا واقعہ

" ایک مرد اور ایک عورت حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے ان میں سے ہر ایک کے ساتھ لوگوں کی جماعت تھی۔ حضرت علی نے ان کو حکم دیا کہ بھیجو ایک حکم شوہر کے خاندان میں سے اور ایک حکم زوجہ کے خاندان میں سے پھر ان دونوں حکموں کو فرمایا کیا: تم جانتے ہو جو تم پر ذمہ داری عائد ہے ؟ پھر خود ہی جواب میں فرمایا تم دونوں پر لازم ہے کہ اگر تم مناسب سمجھو کہ وہ زوجین اکٹھا ہوں تو اکٹھا کر دو اور اگر دیکھو کہ دونوں جدا ہوں تو جدا کر دو۔ عورت نے کہا کہ میں اللہ کی کتاب کے ساتھ راضی ہوں جو کچھ بھی ہو اس میں خواہ میرے خلاف ہو یا میرے موافق ہو، مرد نے کہا بہر حال فرقت پس نہیں۔ حضرت علی نے اس مرد سے فرمایا کہ تم نے جھوٹ بولا ہے خدا کی قسم! تو یہاں سے نہیں ہٹے گا یہاں تک کہ اگر تو اقرار کرے اس طرح جس طرح عورت نے اقرار کیا۔[1] "

درج بالا اقتباس سے یہ بات واضح ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اس معاملہ میں قاضی کی حیثیت رکھتے تھے انہوں نے اپنا اختیار حکموں کو تفویض کر دیا کہ وہ چاہے تو الگ کر دے چاہیں تو اکٹھا کر دے۔ لیکن دراصل یہ اختیار قاضی کا ہے حکموں کا کام صرف صلح کرانا ہے وہ تفریق بھی کرا سکتے ہیں کیونکہ قاضی ایک با اختیار انسان ہے۔ اگر اس کا اختیار سلب کر لیا جائے اور جیسا کہ اوپر والے واقعہ میں بیان ہوا کہ مرد فرقت پر راضی نہیں تھا تو پھر معاملہ قاضی کے پاس لانے کا جواز اور اثرات ختم ہو کر رہ جاتے ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اسے مجبور کیا کہ تمہیں ہر حال میں ان کا حکم ماننا ہو گا۔

**علامہ ابن رشد بیان کرتے ہیں کہ:**

" حکموں کو دونوں امور کے متعلق اختیار اور ان کا فیصلہ نافذ ہو گا[2] "

**علامہ ابن حجر عسقلانی نے اپنی تصنیف فتح الباری میں لکھا ہے کہ:**

" جب اس آیت کے مخاطب حکام کا حکموں کو زوجین کی طرف بھیجنا اس پر دلالت کرتا ہے کہ وہ دونوں زوجین کو ملا دیں یا جدا کر دیں[3] "

اگر حکمین کو وکیل ہی کے اختیارات دینا تھا تو لفظ وکیل بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ لغت میں ایک لفظ استعمال کر کے

---

[1] آلوسی، سید محمود بن عبد اللہ (م 1270ھ) تفسیر روح المعانی، بیروت، دار الکتب العلمیہ، 5/26

[2] ابن رشد، محمد بن احمد (م 520ھ) بدایۃ المجتہد، مصر، طبع: 1379ھ، کتاب الطلاق، ص 473

[3] ابن حجر عسقلانی، احمد بن علی (م: 852ھ) فتح الباری شرح صحیح البخاری، بیروت، دار المعرفہ، طبع: 1379ھ، 9/403

اس کا کوئی دوسرا مفہوم لینا کہیں ثابت نہیں ہوا۔ جو لفظ استعمال ہوا مفہوم اس ہی کا لیا جائے گا جب لفظ حکم استعمال ہوا تو اس کو وکیل کے اختیارات تک محدود کرنا درست معلوم نہیں ہوتا۔

امام جصاص کا قول نقل کیا گیا جس سے احناف کا موقف ثابت ہوتا ہے اور ابن رشد و ابن حجر عسقلانی کے اقوال نقل کیے گئے جس سے شوافع کے موقف کا پتہ چلتا ہے۔ تاہم درج بالا اختلافات کو مد نظر رکھتے ہوئے درمیانی راہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ حکمین کو صلح کرانے کی غرض سے بھیجا جائے وہ معاملہ کی تحقیقات باریک بینی سے کرے اور اندازہ کریں کہ قصور کس کا ہے اور جس کا قصور ہو اس کو ظلم سے روکیں اور معاملہ کی تحقیقات کو کلام بند کر کے قاضی کے پاس لے جائیں جو کہ ختمی فیصلہ دینے کا اختیار رکھتا ہے۔ دراصل یہ ضروری نہیں کہ حکمین شرعی احکامات سے پوری طرح واقف ہو اور عرف و عادات سے بھی واقفیت رکھتے ہو لہذا صلح تک تو ان کا فیصلہ قبول ہو گا مگر اتنا بڑا فیصلہ بھی تفریق کا فیصلہ آخر کار قاضی کے پاس جانا چاہیے۔ اور اس صورت کو اپنا کر اس معاشرتی مسئلہ کے بچاؤ میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ اس صورت پر بھی بالکل عمل نہیں ہو رہا، حکمیں تحقیقات کر کے قاضی کے سامنے اصل معاملہ رکھیں ایسی عملی شکل تو دور کی بات ہے جبکہ حکمین مقرر ہو کر فریقین کے اختلافات کو سنیں اور اس کی نوعیت کو سمجھے ایسا ہوتا بھی نظر نہیں آرہا ہے۔ حیرت ہے کہ جس معاشرے میں آئے روز طلاق سے گھر اجڑ رہے ہوں بچے یتیم بے سہارا ہو رہا ہے ہوں اور پھر بھی وہاں کے لوگ اس عذاب کے تدارک پر توجہ نہ دے رہے ہیں تو طلاق کی کثرت ہی ہو گی۔

## خلع اور عدالتی نظام

جیسا کہ ماقبل میں ذکر ہوا کہ پاکستان کی سول عدالتوں میں طلاق کے مقدمات دائر نہیں ہو رہے ان کی شرح نہ ہونے کے برابر ہے کیونکہ خاوند اسے خود ہی انجام دے دیتا ہے نوٹس میں لانا یا درخواست دائر کرنے کی نوبت ہی نہیں آتی البتہ خلع کے مقدمات کی کثرت ہے بلکہ یہ کہاں جائے کہ فیملی لاء میں خلع کے ہی مقدمات دائر ہو رہے ہیں اور خلع کے ہی ذریعے علیحدگی واقع ہو رہی ہے تو بے جا نہ ہو گا صرف ایک لفظ "خلع" سے طلاق سے متعلقہ فیملی لاء میں طلاق کے حصول کے لیے زبردست جگہ مل گئی ہے۔ 2001 میں مسلم فیملی کورٹ ایکٹ 1964 کے سیکشن 10 دفعہ پانچ کی ترمیم کے بعد خلع کے ذریعے طلاق کے عمل میں آسانی ہو کے باعث شرح طلاق میں اضافہ ہوا ہے۔ ان تبدیلیوں کی وجہ عورتوں کو فوری انصاف کی فراہمی قرار دیا گیا۔ اس سنگین مسئلہ پر نظر ثانی اور ترمیم کے نام سے خلع کی صورت میں علیحدہ کی شرح ہوشرباءاضافہ ہوا ہے، فیملی لاء ایکٹ میں خلع کے علاوہ تمام دوسری صورتیں مفقود ہو چکی ہیں اور شاذ و نادر ہی دیگر صورتوں پر اکتفا کیا جارہا ہے۔ جب تک الگ سے خلع فیملی کورٹ ایکٹ پہلے رائج نہیں تھا تو اس وقت طلاق لینے کی شرح بہت کم تھی اور صلح نامہ کے مواقع بھی زیادہ تھے اور صلح کی شرح بھی زیادہ تھی۔ خلع میں آسانی اس مقصد کے لیے پیدا کی گئی تھی کیونکہ بعض صورتوں میں خواتین کے لیے طلاق لینا کافی دشوار تھا، لیکن اس ترمیم کے

بعد خلع ایک ہتھیار کے طور پر شادی کے عقد کو توڑنے کے کام آرہا ہے۔ اس ترامیم کی دفعات کے مطابق طلاق حاصل کرنے میں آسانیوں نے شوہر کے ساتھ سمجھوتہ کرتے کے بجائے طلاق کے لیے عدالت آنے والی عورتوں کی حوصلہ افزائی کی ہے۔ نتیجتاً عقد نکاح کو توڑنے کی وجہ سے معاشرے کی ساخت میں بگاڑ اور تباہی کے اثرات شروع ہو چکے ہیں۔

یہاں یہ بات بھی مد نظر رہے کہ حکومت کے اس اقدام کا مقصد یہ نہیں تھا کہ عوام میں خلع کے رجحانات میں اضافہ ہو بلکہ حکومت کا مقصد تھا خواتین کے ساتھ کسی قسم کی زیادتی و ظلم نہ ہو اور انہیں کسی مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے کیونکہ بعض اوقات علیحدگی کی بنا کوئی چارہ نہیں ہوتا، اور خواتین نامساعد حالات کا سامنا کر رہی ہوتی ہیں اور خاوند انہیں طلاق نہیں دے رہے ہوتے جس کی وجہ سے نہ وہ اپنے خاوند کے ساتھ خوشی سے رہ رہے ہوتی ہیں اور نہ انہیں یہ سہولت میسر ہوتی ہے کہ وہ اپنا نیا گھر بسا سکیں۔ اس وجہ سے بہت غور و فکر کے بعد اس فیملی ایکٹ میں ترمیم کی گئی، اس طرح کے مقدمات میں تو اس بات سے تو انکار نہیں کہ یہ آئینی ترمیم بہتر ہے لیکن اس کا استعمال غلط ہونے کی وجہ سے جس طرح علیحدگی کی شرح میں اضافہ ہو رہا ہے۔ کیونکہ موجودہ فیملی ایکٹ کی روشنی میں اگر کوئی عورت صرف یہ کہہ دے کہ وہ خلع چاہتی ہیں تو بغیر کسی شہادت کے صرف اس کے انکار پر عدالت خلع کی ڈگری جاری کر دیتی ہے اگرچہ عدالت خاوند کو حاضر کرتی ہے لیکن ہمارے عدالتی نظام کی خرابیوں اور بے ایمانی کا حال یہ ہے کہ خاوند تک عدالت کا نوٹس پہنچتا ہی نہیں یا اسے اندھیرے میں رکھ کر عورت کے مطالبے کو ترجیح دیتے ہوئے کچھ قانونی کاروائیاں چور راستہ کے ذریعے مکمل کر لی جاتی ہیں اور مقدمہ کا فیصلہ عورت کے حق میں ہو جاتا ہے یعنی عورت کا ایک انکار موجودہ قانونی نظام میں طلاق کے لیے کافی ہے ایک اسلامی مملکت ہونے کے باوجود ہمارے ہاں فرسودہ "اینگلو سیکسن لاء) پر عمل کیا جارہا ہے حالانکہ "اینگلو سیکسن لاء" میں بہت سی خامیاں ہیں۔ لہٰذا خلع کے قانون اور اس کی تازہ ترمیم کی عملی شکل میں خرابیوں کی وجہ سے اس کی بہتر پیش بندی کے لیے حکومت کو اس کا حل سوچنا چاہیے اور اس کے تمام پہلوؤں پر از سر نو غور و فکر کے موثر قانون سازی کی ضرورت ہے۔ ہمیں ایسے مدبر اہل علم اور بلند پایا اہل بصیرت کی ضرورت ہے، جو معاشرتی احوال کے نباض ہونے کے ساتھ قانون، تاریخ اور قران و سنت کے عالم ہوں تاکہ وہ معاشرتی روایات و اقدار اور عادات و اطوار سے خوب ہم آہنگ جدید قانونی نظام تشکیل دے سکے جو قرآن و سنّت کے مطابق بھی ہو۔

## فصل دوم

## خلع کے سدباب میں معاشرے اور زوجین کا کردار

### معاشرے کا کردار

اسلام ایسا معاشرہ تشکیل دینے کی داغ بیل ڈالتا ہے جس میں ہر مرد و عورت کو خوشحال اور پر سکون زندگی گزارنے کا حق حاصل ہو اگر مرد و عورت کے درمیان حدود اللہ کے اندر رہتے ہوئے انس و محبت اور خوشحال زندگی کی ضمانت نہ ہو تو اسلام معاشرے ہی کی خوشحالی و سکون کو مد نظر رکھتے ہوئے خاوند و بیوی کو شرعی، اخلاقی اور قانونی طور پر حق دیتا ہے کہ وہ جدائی اختیار کر کے ایک نئ زندگی شروع کر سکیں۔ لیکن اس سب میں سب سے ضروری یہ ہے کہ اعتدال کی راہ سے فرار ہر گز نہ ہو، اپنے اپنے حقوق کی ادائیگی خلوص و نیک نیتی اور دیانتداری کو مضبوطی سے تھامے رکھنا بھی ضروری ہے۔

عقد نکاح اور نکاح کے بعد کی زندگی کے حوالے سے بات کریں تو ان مذکورہ امور پر عمل پیرا ہونے سے اس عقد میں پائیداری رہے گی اور ایک شاندار معاشرہ وجود میں آسکے گا۔ لیکن جب اپنے حقوق کی ادائیگی میں فرار ہو اور خلوص دیانتداری میں فرار ہو تو نہ صرف رشتہ ٹوٹتا ہے بلکہ معاشرے کا نظام درہم برہم ہوتا ہے۔ خلع کی کثرت ایک اہم ترین وجہ ہے معاشرے کے نظام کے درہم برہم کی، خلع اگرچہ دو فریق یعنی خاوند و بیوی کے درمیان عقد نکاح کے ختم ہونے کا معاملہ ہے اور ان دونوں کے مابین تعلق کی خرابی کی وجہ سے یہ عمل میں آتے ہیں لیکن اس میں معاشرے کا بھی بہت بڑا کردار شامل ہے، ہمارا ماحول اور معاشرتی طور طریقے ماضی کے ادوار کے بنسبت آج کے دور میں بہت تیزی سے تبدیل ہو رہے ہیں، گلوبل ویلج خصوصا میڈیا اور

انٹرنیٹ ایسے رجحانات کو جنم دے رہے ہیں جن سے وہ تمیز ختم ہوتی جا رہی جو مسلم وغیرہ مسلم کا فرق کرتی، جو مشرقیت ومغربیت کا فرق کرتی اور جو تعلیم یافتہ وغیر تعلیم یافتہ میں فرق کرتی ہیں۔ اب مہذب اور تمیز دار ہونے کے معنی تبدیل ہو گئے اور اخلاقیات پر مفادات کو ترجیح دی جانے لگی ہے، یہی وجہ ہے کہ خلع کے رجحانات میں معاشرے کا بھی کردار شامل ہے بلکہ بہت زیادہ شامل ہے۔ یہاں معاشرے کے ان اہم کرداروں میں تصحیح، بہتری اور سدباب کے حوالے سے کچھ گزارشات پیش کی جا رہی ہیں۔

اول تو میاں بیوی کے مابین مسائل حل کی ذمہ داری خود میاں بیوی پر ہے۔ لیکن اگر وہ اس میں کامیاب نہ ہو سکیں تو قرآن مجید نے میاں بیوی کے درمیان صلح صفائی کی ذمہ داری معاشرے پر رکھی ہے کہ اب معاشرے کی بزرگ اور سمجھدار لوگ کا فریضہ ہے کہ وہ بیچ میں پڑ کر باہمی اختلاف کو رفع کرنے اور صلح کرانے کی کوشش کریں، بدقسمتی کی بات یہ ہے کہ آج اگر ہمارے سماج میں کوئی اختلاف رونما ہوتا ہے اور کوئی نزع پیدا ہوتی ہے، خواہ میاں بیوی کے درمیان ہو، والدین اولاد کے درمیان ہو یا کسی بھی دو مسلمان یا دو خاندان کے درمیان ہو تو نہ صرف عام مسلمان بلکہ علماء اور سماج کے باثر اور ذمہ دار لوگ بھی کنارہ کشی اختیار کر لیتے ہیں اور سوچتے ہیں کہ جس کا معاملہ ہے وہ سمجھیں، ہم اس معاملے میں کیوں پڑیں لیکن یہ فکر درست اور سنجیدہ نہیں ہے، مسلمانوں کا کام دلوں کو جوڑتا اور فاصلوں کو سمیٹنا ہے، بلکہ اللہ تعالی کا قران حکیم میں اس کے متعلق واضح حکم ہے، چنانچہ ارشاد ہے:

**"وَإِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوا حَكَمًا مِّنْ أَهْلِهِ وَحَكَمًا مِّنْ أَهْلِهَا إِن يُرِيدَا إِصْلَاحًا يُوَفِّقِ اللَّهُ بَيْنَهُمَا إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيمًا خَبِيرًا**[1]**"**

آپ کو معلوم ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز کی جماعت کا اتنا اہتمام تھا کہ مرض وفات میں بھی جب تک بالکل معذور نہ ہو گئے جماعت فوت نہ ہونے پائی، لیکن بنو عوف کے دو مسلمان خاندانوں میں صلح کرانے میں آپ کو اتنی تاخیر ہو گئی کہ نماز عصر میں آپ دیر سے تشریف لائے جبکہ حضرت بلال ابو بکر رضی اللہ عنہ کو امامت کے لیے آگے بڑھا چکے تھے۔ اس سے مسلمانوں کے درمیان صلح کرانے ان کے اختلاف کو رفع کرنے اور ان کی صفوں میں وحدت کو باقی رکھنے کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے۔ بالخصوص میاں بیوی کے اختلاف کو دور کرنا اور ان کے رشتے کو استوار رکھنا تو اور بھی زیادہ اہم ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شیطان سب سے زیادہ اس بات سے خوش ہوتا ہے کہ کسی شوہر اور بیوی کے درمیان تفریق پیدا کرا دے۔[2]

---

[1] النساء4، 35

[2] مسلم بن الحجاج، الامام (م:261ھ) صحیح مسلم، بیروت، داراحیاء التراث العربی، طبع ندارد، کتاب الصفات المنافقین، باب تحریش الشیطان وبعثہ سرایا لفتنۃ الناس، ح2813، ۔4/2167

اس لیے علماء اور مسلم معاشرے کے ذمہ دار حضرات خواہ مرد ہو یا خواتین ان کا شرعی فریضہ ہے کہ وہ ایسے مواقع پر معاملات کو سلجھانے اور اختلافات کو رفع کرنے کی کوشش کریں اور اسے اپنی دینی ذمہ داری سمجھیں۔ پس اگر زوجین کے درمیان اختلاف اس حد تک بڑھ جائے کہ وہ خود کو سمجھانے سے قاصر ہوں تو جس طرح اوپر ذکر کیا گیا قرآن مجید کی آیت میں کہ دو حکم مقرر کریں اور معاملہ سلجھائیں۔

## دینی تعلیم کا فقدان

پاکستان کا موجودہ معاشرہ مسلسل سب سے زیادہ جس کمی کا شکار ہوتا جا رہا ہے وہ ہے دینی تعلیم کا فقدان۔ دینی تعلیم سے مراد دین کا اتنا علم جس سے حلال و حرام میں تمیز، جائز و ناجائز کا علم پاکی و ناپاکی کے مسائل اور اسلام کے بنیادی فرائض و واجبات اور اخلاقیات کا علم حاصل ہو۔ علم کا یہ وہ حصہ ہے جسے حاصل کرنا ہر مسلمان مرد و عورت پر لازم ہے جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا قول ہے:

**"عَنْ أنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:طَلَبُ العِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ[1]"**

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔

حلال و حرام اور فرائض و واجبات جیسا کہ ماقبل میں ذکر ہوا ان کا علم آج کے دور میں ترجیحی بنیادوں پر حاصل نہیں کیا جا رہا، اور اسے زندگی گزارنے کے لیے ضروری نہیں سمجھا جا رہا، عام ذہن یہ بنتا جا رہا ہے کہ دین کا علم سیکھنا یا نا سیکھنا کوئی معنی نہیں رکھتا ہے، دین کے علم کی حیثیت ایک اضافی امر کی جیسی ہے اگر موقع ملے تو حاصل کر لیا جائے وگرنہ کوئی بات نہیں، اسی طرح اگر دنیاوی علوم میں سے کسی میں کامیاب نہیں ہو پا رہا یا اس کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے تو اس کی جگہ دینی علم حاصل کر لیا جائے اور کسی مدرسہ میں داخلہ لے لیا جائے۔

ایک طرف تو یہ صورتحال ہے اور دوسری طرف کا حال یہ ہے کہ ہر چار جماعتیں پڑھا ہوا بندہ خود کو دین کا عالم سمجھ رہا ہے اور اپنی سمجھ بوجھ کے مطابق دینی امور کی تشریح کرتا نظر آ رہا ہے، چنانچہ اس کا نتیجہ یہ نکل رہا ہے کہ حقیقی معنوں میں مجموعی طور پر دینی تعلیم کا فقدان بڑھتا جا رہا ہے۔ اس بات کا اندازہ اس سے لگالیں کہ طلاق کے معاملے میں طلاق احسن اور طلاق سنت کا طریقہ نہیں جانتے عوام کو علم نہیں تین طلاق سے کم میں بھی طلاق واقع ہو جاتی ہے ضروری نہیں کہ یکبارگی میں تین طلاق ہی دی جائیں۔ اسی طرح خاوند و بیوی کے حقوق کیا کیا ہیں ان کے شرعی تقاضے کیا ہے یہ بھی نہیں جانتے، حیض و نفاس کے احکامات

---

[1] ابن ماجہ، محمد بن یزید القزوینی (م: 273ھ) سنن ابن ماجہ، بیروت، دار الفکر، باب فضل العلماء والحث علی طلب العلم، ح224، 1/ 81

رضاعت، بیوی کا مہر نان و نفقہ و سکنہ، سسرال کی خدمت اور پردے کے احکامات وہ ہیں جن سے عام عوام نابلد ہیں۔ نیز یہ نرینہ اولاد کا تعلق عورت کے ساتھ ہے ان امور کا ضروری علم نہ ہونے کی وجہ سے مسائل پیدا ہو رہے ہیں۔ دین اسلام ان سب معاملات میں اخلاقیات کا جو تصور رکھتا ہے اس میں خرابیوں کا کوئی پیمانہ نہیں۔ لہٰذا خلع کی کثرت میں ضروری دینی تعلیم کا فقدان بہت اہم وجہ ہے اس پر بحیثیت قوم توجہ دینے کی ضرورت ہے ہر مرد و عورت پر دین کا اتنا علم سیکھنا لازمی ہونا چاہیئے جس سے نکاح و طلاق کے باب میں با آسانی رہنمائی مل سکے۔

## مشترکہ خاندانی نظام

مشترکہ خاندانی نظام کے متعلق صورتحال مختلف ہے، قدیم روایات سے جڑے افراد اس نظام کو پسند کرتے ہیں ان کی کوشش یہی ہوتی ہے کہ اپنے بیٹے کو بیاہ کر اپنے ساتھ ہی رکھا جائے اور ایک ہی گھر میں بہو اپنے سسرال کے ساتھ زندگی گزارے۔ اور دوسری طرف وہ لوگ ہیں جو ایک ساتھ رہنے کو ترجیح نہیں دیتے بلکہ کوشش یہی ہوتی ہے کہ بیٹے کو بیاہ کر الگ گھر میں رکھا جائے، یعنی یہ لوگ مشترکہ خاندانی نظام کو پسند نہیں کرتے۔ ان دونوں نظریات کے کچھ فوائد ہیں اور کچھ نقصانات ہیں اور مثبت و منفی دونوں پہلو ہیں۔ لیکن دوران تحقیق نتیجہ یہ سامنے آیا کہ مشترکہ خاندانی نظام خلع میں کثرت کا باعث بن رہا ہے اگرچہ مشترکہ خاندانی نظام کے مثبت پہلو زیادہ ہیں اور فوائد بھی بکثرت ہیں لیکن چونکہ اس نظام کے اخلاقیات لوازمات اور اس کے ضوابط پر مکمل طور پر عمل پیرا نہیں ہوا جارہا، زوجین اور ان کے گھر والے اس سلسلہ میں جن حقوق اور ذمہ داریوں کے پابند ہیں وہ انہیں ادا نہیں کر رہے، اسی طرح اس سلسلہ میں جن اجتنابات و ممنوعات کا خیال رکھنا ہوتا ہے وہ اس کا خیال نہیں رکھ رہے جس کی وجہ سے مشترکہ خاندانی نظام اپنے افادیت کھو بیٹھا ہے، اور معاشرتی بگاڑ کا باعث بن رہا ہے۔ اول کوشش تو یہ ہونی چاہیے کہ اس نظام میں جو خامیاں و خرابیاں پیدا ہوگئی ہیں انہیں سدھارا جائے اور جو جو بہتری کے اقدامات ہیں انہیں اپنایا جائے لیکن اس کی طرف توجہ بھی نہیں، یہ ترجیح بھی نہیں اور یہ کام مشکل بھی ہے لہٰذا جب تک وہ الگ گھر کے اخراجات برداشت کر سکتے ہیں تب تک ہر مرد و عورت کی خواہش یہ ہے کہ وہ الگ گھر میں رہیں خاص طور پر بیوی کی شادی کے بعد سب سے بڑی تمنا ہی یہی ہوتی ہے کہ وہ الگ گھر میں رہے یہی وجہ ہے کہ بیوی زیادہ تر مشترکہ خاندانی نظام کے خلاف بیوی کا ووٹ ہوتا ہے اور اسی کی طرف مسائل کی شروعات ہوتی ہیں، اس سلسلہ میں **سید جلال الدین عمری**[1] کا موقف ملاحظہ ہو وہ لکھتے ہیں:

[1] سید جلال الدین عمری (1935ء-2022ء) ممتاز عالمِ دین، مصنف اور جماعتِ اسلامی ہند کے امیر رہے۔ اُن کی مشہور تصانیف میں حقوقِ انسانی: اسلام کے تناظر میں اور عورت: اسلامی تعلیمات کی روشنی میں شامل ہیں۔

"اسلام نے اس کا حل یہ بنایا ہے کہ کوئی لڑکی سسرال میں رہنا نہ چاہے تو اس کا خاوند اسے الگ رکھے یہ اس قدر معقول حل ہے کہ اگر اس پر عمل ہو تو مسلمان خاندان جھگڑوں سے پاک ہو سکتے ہیں اور ان کی خانگی زندگی دوسروں کے لیے بھی نمونہ بن سکتی ہے[1]"

لیکن اگر مشترکہ خاندانی نظام اپنے اخلاقیات اور ضوابط کو اپنائے ہوئے ہے، صالح و منظم ہے اور خاندان کے افراد ایک دوسرے کے دکھ سکھ میں شریک ہیں تو اس نظام سے بہتر کوئی نظام نہیں کیونکہ مشترکہ خاندانی نظام ہی صحیح معنوں میں انسان کے لیے آرام و آرائش کا باعث ہے۔ الغرض مشترکہ خاندانی نظام بہتر ہیں لیکن اس صورت میں جب اس کے اخلاقیات، لوازمات اور اس کے ضوابط کا خیال رکھا جائے وگرنہ علیحدہ نظام اس سے زیادہ بہتر ہے۔

## نکاح شغار (وٹہ سٹہ کی شادی)

مشترکہ خاندانی نظام کی طرح وٹہ سٹہ کی شادی کے نقصانات اور قواعد برابر ہیں، اکثر لوگ اسے فائدہ مند رواج کے طور پر دیکھتے ہیں، ان کا ماننا ہے کہ ایک دوسرے سے جڑے ہونے کی وجہ سے دو گھر سلامت رہتے ہیں، ہر مرد کو اپنی بہن کی فکر رہتی ہے اس کا گھر بچانے کی خاطر وہ بہت سی باتوں پر سمجھوتا کر لیتا ہے، ہم حالات میں ایک خاوند جو قدم اٹھا سکتا تھا اب وہ اتنی جلدی نہیں اٹھا سکتا۔ اس تصویر کا دوسرا رخ یہ ہے کہ اگر خدانخواستہ زوجین میں مسائل پیدا ہو گئے ہوں، نبھاؤ ممکن نہ رہے اور حدود اللہ کے ٹوٹنے کا خوف ہو تو وہ دونوں تو علیحدہ ہوں گے ہی ان کے ساتھ ان کا دوسرا گھر میں متاثر ہوئے بنا نہیں رہ سکتا وہ گھر بھی ٹوٹے گا۔ اور اس صورت کی مثالیں معاشرے میں کثرت سے سامنے آ رہی ہیں۔

الغرض کسی بندھن کے جہاں فوائد ہیں وہیں نقصانات بھی ہیں، معاشرتی رائے عامہ کے مطابق وٹہ سٹہ کی شادی کے نقصانات بنسبت اس کے فوائد کے زیادہ ہیں، یہاں حقیقت بھی ذہن میں رہے کہ جب خاوند و بیوی میں سے کوئی ایک اپنے ساتھ کے ساتھ خوش نہیں اور وہ صرف اس لیے سمجھوتا کر رہے کہیں کہ میری وجہ سے دوسرا گھر ٹوٹ جائے گا تو یہ بھی ٹھیک نہیں کیونکہ اس صورت میں زوجین میں عدم مفاہمت بڑھے گی، ناچاقی اور ناپسندیدگی سے شروع ہونے والا سلسلہ تشدد اور نشوز تک جا پہنچے گا یہ اور اس قسم کی بے شمار مسائل پیدا ہونے کا خطرہ رہے گا۔ اس کے علاوہ اس رواج کی ایک تشویش ناک بات یہ ہے کہ عورت کو ملکیت تصور کیا جاتا ہے وٹہ سٹہ کا رشتہ طے وقت لامحالہ ایک عورت مرضی کا خیال نہیں کیا جاتا بلکہ اسے تو بدلے میں استعمال کیا جاتا ہے یہ بھی تو معاشرے کا منفی پہلو ہے، صحت مند معاشرہ اس کا بھی متحمل نہیں ہو گا۔ اس لیے معاشرے کو اس رواج سے نکلنا پڑے گا شادی کے کامیابی و ناکامی کے تناسب سے قطع نظر اس رواج میں عورت کا حق آزادی سلب ہو رہا ہے۔

## معاشی مسائل:

عدالتی مقدمات کے جائزے کے دوران یہ بات واضح ہوئی کہ خلع دائر کرنے والے قریب قریب ہر عورت کا یہ اعتراض ضرور تھا کہ خاوند خرچہ نہیں دیتا، خاوند مار پیٹ کرتا ہے، خاوند نے ابھی تک حق مہر ادا نہیں کیا اور یہ کہ خاوند کماتا کچھ نہیں ہے۔

---

[1] سہ ماہی تحقیقات اسلامی، اکتوبر دسمبر 1984 مدیر سید جلال الدین عمری، ج: 3، شمارہ 4، "لڑکی سسرال میں، ص: 8

مندرجہ بالا اعتراضات وہ ہیں جو خلع کے رجحان میں بنیادی کردار ادا کر رہے ہیں، ان کے علاوہ ایک اہم مسئلہ یہ بھی درپیش ہے کہ خاوند کا کماتا نہیں یا خاوند کی کمائی کم ہے مؤخر الذکر دونوں وجہ الگ الگ لحاظ سے منفی تاثر رکھتی ہیں۔ اگر خاوند کمائے نہیں تو گھر کیسے چلے گا لا محالہ قرض، ہاتھ پھیلانا اور گھر کا سامان فروخت کرنے کی نوبت آجاتی ہے۔ اور گھر خاوند کی کمائی کم ہے تو مسئلہ یہ ہے کہ عورت قناعت پسند نہیں بلکہ فضول خرچ ہے اور اس کے مطالبات زیادہ ہیں جو آمدنی ہے اس میں گزارا نہیں کرنا چاہتی، زوجین میں تعلقات خرابی کی یہ بھی وجہ بن رہی ہے۔ بہر حال یہ دونوں صورتیں اور شروع میں جو اعتراضات یہ پانچ چھ وجوہات ہیں جو معاشی مسائل کی اہم ترین وجوہات ہیں۔ اس سلسلے میں سب سے ضروری یہ ہے کہ نان و نفقہ اور حق مہر کی بروقت ادائیگی ہو۔

## موبائل اور انٹرنیٹ کے اثرات

کوئی بھی چیز بذات خود بری یا اچھی نہیں ہوتی اس کا استعمال اسے اچھا یا برا بناتا ہے، معاشرے کا سب سے بھیانک چہرہ ماس میڈیا کا غلط استعمال ہے اگر اس کا استعمال غلط ہو رہا ہے تو معاشرے پر سب سے برا اثر، غیر اخلاقی، غیر تعمیری، غیر انسانی، انتشار نگیز، بے راہ روی اور فساد کا رجحان پیدا کرنے والا میڈیا ہے۔ ماس میڈیا ذہن سازی کا کام کرتا ہے، خبروں کے حوالے سے دیکھیں، تنقیدات و مدح سرائی ہو، تفریح کا نام ہو بھلے تعلیم کا نام ہو ماس میڈیم مخصوص بلکہ سوچی سمجھی سازش کے تحت عوام کی ذہن سازی کر رہا ہے۔ ٹی وی پر دیکھائے جا رہے مارننگ شو کو لے لیں، روزانہ دیکھائے جانے والے ڈراموں کو لے لیں، ٹاک شوز میں کی جانے والی گفتگو یا نیوز کے نام سے مینسٹر کئے جانے والے بیانیے کو لے لیں ان سب میں اخلاقیات اور تمیز داری کم نظر آرہی ہے اور اس کی جگہ منفی پروپیگنڈہ، دین سے دوری، فضول خرچی، فحاشی اور اخلاق باختگی زیادہ نظر آرہی ہے، یہ تمام وہ امور ہیں جن کے دور رس نتائج ہماری آئندہ نسلوں پر اثر انداز ہو رہے ہیں۔

میڈیا پر دکھائے جانے والے ڈراموں میں جس طرح کے موضوعات زیر بحث لائے جا رہے ہیں ان سے متاثر ہو کر نوجوان نسل اور خصوصا عورتیں اس مصنوعی زندگی کو حقیقت سمجھ کر دل میں وہی کچھ کرنے کی چاہت بٹھا لیتی ہیں جیسا کہ ان ڈراموں میں ہوتا ہے کہ شادی پر خرچہ، ہنیمون، خواتین کی مہنگے ترین ملبوسات، گھر کی عالیشانیت اور والدین کی مرضی کے بغیر گھر سے بھاگ کر یا محبت کی شادی، آزادی اظہار کے نام پر کسی کو کچھ بھی کہہ دینا اور ایک دوسرے کے خلاف سازشیں وغیرہ کو اس طرح عکس بند کر کے دکھایا جاتا ہے جس سے ناپختہ ذہن بجائے اس پر تنقید کرنے ان سے نفرت کرنے کے یا ان سے پرہیز کرنے کے ان سے متاثر ہو جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ جس طرح ڈراموں اور فلموں میں معاشرے کی صورت کو مسخ کر کے دکھایا جاتا ہے جس میں نمود و نمائش کا عنصر حد سے بڑھا ہوا ہوتا ہے اور نوجوان لڑکیاں اس سے متاثر ہو کر خاوندوں سے توقعات کو خوب بڑھا لیتی ہیں، جب ان کی شادی شدہ زندگی میں وہ عوامل وقوع پذیر نہیں ہوتے اور ان کے خواب چکنا چور ہو جاتے ہیں تو ان میں تنقید، نکتہ چینی، طعنہ و تشنیع اور نشوز کا سلسلہ آگے بڑھتا ہے جس کے باعث گھر میں لڑائی جھگڑے شروع ہو جاتے ہیں اور نوبت طلاق تک جا پہنچتی ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ والدین کی طرف سے بچوں کی ماس میڈیا کے حوالہ سے بچپن سے ہی ذہن سازی کی جائے، بچوں کو باور کرایا جائے کہ یہ سب مصنوعی ہے ان کا حقیقت سے دور تک کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ یعنی رہن سہن، ملبوسات،

طرز زندگی اور کام کاج میں حقیقت وہ ہے جو ہمارے سامنے موجود ہے، جن حالات کا ہمیں سامنا ہے وہ قابل تقلید ہیں اور جو مصنوعی سکرین پر دیکھا جارہا ہے وہ قابل تقلید نہیں اسی طرح والدین کے علم میں رہنا چاہیے کہ بچے موبائل اور انٹرنیٹ پر کیا سرگرمیاں رکھے ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ قومی ٹی وی پر جو دکھایا جارہا ہے حکومت وقت کو اس پر کڑی نگاہ رکھنی چاہیے، اس کے حدود و قیود از سر نو جائزہ لے کر اس پر موثر ضابطہ وضع کرے اور خلاف ورزی کی صورت میں انضباطی کاروائی عمل میں لائے۔

موبائل اور انٹرنیٹ کے صحیح استعمال کے رجحان پیدا کرنے کی ضرورت ہے، رغبت و شوق سے بھرا ایسا ماحول دیا جائے جو تعمیری اور مفید کام میں معاون ثابت ہو اور موبائل اور انٹرنیٹ کو ترقی کا زینہ بنایا جائے۔ صرف تعلیم کے میدان کو ہی دیکھ لیں کہ کیسے انٹرنیٹ ہمارے کام آسکتا ہے، سابقہ ادوار میں بڑی بڑی لائبریریوں کی ضرورت پڑتی تھی اب وہ ضرورت انٹرنیٹ نے پوری کر دی ہے، ہر موضوع کی کتاب اور ہر موضوع پر لٹریچر یہاں سے مل سکتا ہے۔ تو اگر اس کا استعمال صحیح ہو تو نہ صرف اس کا منفی پہلو ختم ہو گا بلکہ اس کے ثمرات سے معاشرہ مستفید ہو سکے گا۔

## زوجین کا کردار

اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ نکاح و طلاق کے عمل میں زوجین کا کردار اہم ترین ہے یہ دونوں ہی سب سے پہلے اور سب سے زیادہ ذمہ دار ہیں، مسائل کسی بھی وجہ سے پیدا ہوئے ہوں یا کوئی بھی فریق و طبقہ وجہ بنا ہو پھر بھی اصل ذمہ دار زوجین ہی ہیں، زندگی کے سفر میں دونوں گاڑی کے دو پہیے ہیں، خارجی مداخلت جو بھی ہو اپنے سفر کے مصائب و مشکلات کا سامنا انہوں نے ہی کرنا ہے اور حل بھی انہوں نے ہی کرنا ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ ہمارے ازدواجی تعلق کی خرابی محض معاشرے کی وجہ سے آئی یا خاندان والوں کی طرف سے آئی تو یہ عذر قابل قبول نہیں ہو گا۔ کسی حد تک ہی خارجی عوامل اثر انداز ہو سکتے ہیں لیکن کلیتا خارجی عوامل تعلق کی خرابی کی وجہ بنیں ایسا کہنا اور ایسا سوچنا بعید از حقیقت ہو گا۔ چنانچہ اس تصور کو مانتے ہوئے زوجین کو حدود اللہ میں آنا پڑے گا، انہیں کو اپنی زندگی میں تبدیلی لانی پڑے گی اور ان تمام منفی پہلو کو ترک کر کے مثبت پہلو کو اپنانا پڑے گا جس سے خلع کے رجحان میں کمی آسکے۔ زوجین کے درمیان تعلقات کی خرابی میں سب سے زیادہ اثر انداز ہونے والے امور کو یہاں زیر بحث لایا جارہا ہے، ان امور میں پسند کی شادی جو والدین کی مرضی کے بغیر کی جاتی ہے (کورٹ میرج) نان و نفقہ و مہر ادا نہ کرنا، بیوی پر تشدد، اولاد کا نہ ہونا اور زوجین میں سے کسی کا گناہ میں مبتلا ہو جانا شامل ہے۔

## پسند کی شادی

پسند کی شادی سے مراد وہ شادی جو والدین کی مرضی کے بغیر لڑکا لڑکی بھاگ کر شادی کر لیے ہیں جسے کورٹ میرج بھی کہتے ہیں۔ تحقیقی سروے معلوم ہوا کہ ایسی شادی کے کامیابی کی شرح کم ہے بنسبت ناکامی کے۔ اسلامی شریعت میں بھی ایسی شادی کی حوصلہ افزائی نہیں کی گئی ہے اور معاشرہ بھی اسے پسند نہیں کرتا، اور جب معاشرے کے سامنے اس کا نتیجہ بھی ہو جو کہ ناکامی کی صورت کا ہے تو تصور مزید پختہ ہو رہا ہے۔ اس کی وجوہات میں سے یہ ہے کہ پاکستان کے معاشرے میں زیادہ تر مشتر کہ خاندانی نظام چل رہا ہے جو لڑکی بیاہ کر آتی ہے اسے صرف خاوند کا سامنا نہیں ہوتا بلکہ اس کے ساتھ ساتھ خاوند کی پوری فیملی کا سامنا ہوتا ہے اب اگر اس کی ان کے خلاف جا کر نکاح کیا ہے تو مانوسیت نہیں پیدا ہو گی جیسا کہ ہونی چاہیے تھی، اسی طرح یہ وجہ بھی ہے کہ نوجوانی میں انسان خود اپنے اچھے برے سے اچھی طرح واقف نہیں ہوتا اور والدین یا خاندان کے بزرگوں کی عقل و دانش اور تجربات سے استفادہ کرنا ہی اس کے حق میں بہتر ہوتا ہے۔

لہٰذا اگر اعتدال کی راہ اختیار کی جائے تو خلع کی کثرت میں کمی واقع ہو سکتی ہے مثلاً خاوند و بیوی کی مرضی اور خوشی کو بھی شامل حال کیا جائے اور والدین کی مرضی، تجربہ کو بھی شامل کیا جائے تو اس طرح کے فیصلے کے کامیابی کی شرح کہیں زیادہ ہو گی۔ یہ بات بھی ذہن میں رہے کہ شادی کے معاشرتی پہلو تو بزرگوں کی رہنمائی میں زیادہ بہتر نتائج دیں گے لیکن شخصی و جذباتی پہلوؤں کا مکمل ادراک اور ٹھیک اندازہ کرنا بزرگوں کے لیے شاید ممکن نہ ہو، اس کے لیے مبتلا بہا کو آگے آنا ہو گا چنانچہ والدین کا فرض صرف اتنا ہے کہ وہ مجوزہ رشتے کے دینی، دنیاوی اور معاشرتی حالات کو ان کے سامنے واضح کر دیں اور پھر انہیں اپنی مرضی کی راہ چننے کے لیے آزاد چھوڑ دیں۔

## فریق پر تشدد

تشدد خواہ کسی بھی قسم کا ہو اس کے نتائج بہت بھیانک ہوتے ہیں اور منفی اثرات چھوڑ جاتے ہیں، ذہنی تشدد میں ہر وہ چیز شامل ہے جس سے دوسرا انسان ذہنی پریشانی سے دوچار ہو جیسے بد اخلاقی مثلاً: زچ کرنا، طعنہ و تشنیع، گالم گلوچ، بے جا غصہ، ہتک آمیز رویہ، غیروں کے سامنے اپنے فریق کے عیب بیان کرنا، بیوی کا نشوز کی روش اپنانا اور بیوی کی جانب سے ہمبستری سے انکار یا لیت و لعل کرنا۔ یہ تمام صورتیں ذہنی تشدد کی ہیں ان میں سے کچھ صورتوں کے متعلق اگرچہ یہ نہیں سمجھا جاتا کہ یہ بھی ذہنی تشدد کی صورتوں میں سے ہے لیکن حقیقت میں وہ بھی ذہنی تشدد میں سے ہیں، خاص طور پر بیوی کا ہمبستری سے انکار کرنا اور خاوند کی اس ضرورت کو بر وقت ادا نہ کرنا بھی تشدد کی اقسام میں سے ہے۔ عادات و اطوار مختلف ہونے کی وجہ سے ذہنی تشدد کی بھی مختلف اقسام ہو سکتی ہیں، ایسا ممکن ہے کہ ایک سورت کسی کے لیے تو تشدد کی حیثیت رکھتی ہو لیکن وہی صورت کسی دوسرے کے لیے تشدد کی حیثیت نہ رکھتی ہو کیونکہ یہ محسوسات کے قبیل سے ہے۔ تشدد کی دوسری قسم جسمانی تشدد ہے، اس میں ہر وہ تشدد شامل ہے جو ٹھوس ہو اور جس کا تعلق جسم سے ہو۔ جسے مار پیٹ، دھکم پیل، ہاتھ پاوں باندھ دینا اور گھر سے نکال دینا وغیرہ۔ تشدد کی اس قسم کے واقعات بھی بہت زیادہ پیش آ رہے ہیں۔ تشدد کی ہر دو قسم کو ختم کرنا ہو گا ذہنی تشدد کی جملہ صورتوں کی عوام میں آگاہی دینا ہو گی اور یہ باور کرانا ہو گا کہ یہ تمام صورتیں بھی تشدد کہلاتی ہیں ان سے مسائل بھی پیدا ہوتے ہیں اور یہ شریعت و معاشرت کے بھی خلاف ہیں۔ اسی طرح جسمانی تشدد کو بھی فی الفور روکنا ہو گا، جسمانی تشدد کے متعلق تو ہر کوئی جانتا ہے کہ یہ

تشدد ہے لیکن اس کے عمل پر سزا کا عمل درآمد نہیں ہے اور اس کے عمل پر سزا سے مکمل طور پر آگاہی بھی نہیں ہے لہذا یہ کام ضروری ہے جسمانی تشدد پر سزا کے قانون کو موثر بنایا جائے اس پر عمل درآمد کیا جائے اور اس کے ساتھ ساتھ اس پر آگاہی پروگرام شروع کیا جائے۔

## اولاد نہ ہونا

اولاد کی ودیعت خالص اللہ تعالی کی طرف سے ہے، بیٹا یا بیٹی یہ بھی خالص اللہ تعالی کی طرف سے ہے اس میں خاوند یا بیوی کا کوئی خاص عمل دخل نہیں ہوتا، یہ سوچنا کہ بیوی کی وجہ سے بیٹا نہیں ہو رہا بلکہ بیٹیاں ہو رہی ہیں یا کسی ایک فریق کی وجہ سے اولاد نہیں ہو رہی یہ غلط سوچ ہے اور کم علمی و جہالت پر مبنی سوچ ہے۔ طبی طور پر یا جنیاتی طور پر رپورٹ پیش کی جاتی ہے کہ بیٹے کی پیدائش کی ترتیب یہ ہوتی ہے اور بیٹی کی پیدائش کی ترتیب یہ ہے۔ لیکن یہ حتمی نہیں ہوتی جدید ترقی یافتہ میڈیکل بھی اس میں ایک حد تک معلومات رکھتی ہے اس سے آگے کچھ نہیں۔ لہذا جب صورتحال یہ ہے تو جو لوگ اولاد نہ ہونے کی وجہ سے بیوی کو طلاق دے دیتے ہیں یا بیوی کو اس لیے طعنہ و تشنیع کرتے ہیں کہ اس سے صرف بیٹیاں پیدا ہو رہی ہیں وہ لوگ غلط کرتے ہیں کیونکہ ضروری نہیں ہے کہ بیوی میں طبی مسئلہ ہو کیونکہ خاوند میں بھی مسئلہ ہو سکتا ہے، یا ایسا ہو کہ زوجین میں سے کسی کو بھی مسئلہ نہ ہو بلکہ دونوں مکمل طور پر صحت یاب ہوں لیکن اولاد پھر بھی نہیں ہو رہی، لہذا یہ طے ہے کہ اولاد کا ہونا یا نہ ہونا اور جنس کا تعلق خالص اللہ تعالی کی طرف سے ہے۔

## میاں و بیوی میں سے کسی کا گناہ میں مبتلا ہو جانا

قرآن کریم میں اللہ تعالی نے جہاں ازدواجی تعلق کا ذکر کیا وہاں اللہ تعالی سے ڈرنے کا بھی کہا ہے، جیسا کہ ہم دیکھتے ہیں کہ نکاح کے خطبہ میں جو آیات تلاوت کی جاتی ہیں ان میں مشترک یہی ہے کہ "اتق اللہ" چنانچہ ملاحظہ ہو:

" يٰاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّ خَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَ بَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّ نِسَآءً وَ اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِىْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَ الْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا"[1]

اور دوسری آیت میں ہے:

"يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ قُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا"[2]

یہ دونوں آیات مبارکہ خطبہ نکاح میں تلاوت کرنا مسنون ہے، اگر غور کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ نکاح میں منشاء الہی یہ بھی ہے کہ زوجین خوف خدا کو ترک نہ کریں بلکہ اپنے معاملات میں اللہ تعالی سے خوب ڈرتے رہیں۔ یہاں ان آیات کے ذکر کے دو مصداق ہیں۔ ایک یہ کہ زوجین آپس کے تعلقات میں خوف خدا کا دامن تھامے رہیں اور حدود اللہ سے تجاوز نہ کریں اور

---

[1] النساء 1/4

[2] الاحزاب 70/33

ایک دوسرے کی حقوق کی ادائیگی میں کوتاہی نہ کریں۔ دوسرا مصداق یہ ہے کہ زوجین اپنے رشتہ ازدواج کو محفوظ رکھنے کے لیے کوئی بھی ایسا کام نہ کریں جس سے حفاظت میں دراڑ آئے۔

لہٰذا میاں و بیوی میں سے کسی کا گناہ کے کاموں میں مبتلا ہونا بھی ان آیات مبارکہ کے خلاف جانا تصور ہوگا، اور مقاصد نکاح کو ترک کرنا تصور ہوگا۔ میاں و بیوی میں کسی ایک کا ایسے گناہ میں مبتلا ہونا جو دوسرے پر اثر انداز ہوتا ہو وہ سب سے سنگین ہے۔ جیسے مرد غیر عورتوں کی طرف رغبت ہو تو بیوی یہ برداشت نہیں کرے گی پھر اس سے مسائل جنم لے گیں اور یہ مقاصد نکاح کے خلاف ایسے ہے کہ نکاح کے بارے میں حدیث شریف میں وارد ہے کہ اس سے نگاہ نیچی رہتی ہے اور شرمگاہ کی حفاظت رہتی ہے اب اگر نکاح کے بعد بھی شرمگاہ کی حفاظت نہ ہو تو مقاصد نکاح ختم ہو رہے ہیں۔

لہٰذا یہ ضروری ہیں کہ مقاصد نکاح کو اپنی اصلی شکل میں نافذ کیا جائے اور ایسی ہر وہ چیز جو دوسرے فریق پر اثر انداز ہو اسے ترک کرنا ضروری ہے۔ خواہ یہ عمل دونوں میں سے کسی بھی جانب سے ہو۔

معاشرے میں دینی اسلامی روح پیدا کی جائے، اسلامی احکام کی اہمیت و عظمت دلوں میں اتاری جائے، آخرت کا خوف پیدا کیا جائے۔ متاع دنیا کی حرص دور کی جائے۔ اس بات کو دل و دماغ میں راسخ کیا جائے کہ مومن کی سرخ روئی اور کامیابی میں اسی میں ہے کہ خدا کی قائم کی ہوئی حدود کے اندر رہ کر جائز و بہتر طور پر اپنی دنیا بھی خوشحال بنائے اور آخرت بھی سنوارے، ناانصافی اور ظلم و ستم سے بہ ہر حال پرہیز کرے ورنہ اس کا انجام بڑا ہی بھیانک اور خطرناک ہے خالق حقیقی کی سزا سے کبھی غافل نہیں ہونا چاہیے۔

## نتائج البحث

زیر نظر تحقیق سے درج ذیل نتائج اخذ کئے جاتے ہیں:

- مسلم عائلی قوانین آرڈیننس 1961ء پاکستان کا پہلا عائلی آرڈیننس ہے۔
- مغربی پاکستان عائلی عدالتوں (فیملی کورٹس) کا ایکٹ، 1964ء پاکستان کا پہلا باقاعدہ عائلی قانون ہے۔
- اسلام آباد میں گزشتہ تین سالوں (2022ء تا 2024ء) میں خلع و تنسیخ نکاح اور طلاق کے مقدمات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔
- اسلام آباد میں گزشتہ تین سالوں (2022ء تا 2024ء) میں دائر شدہ خلع و تنسیخ نکاح کے مقدمات کی کل تعداد 8,241 ہے۔
- خلع و تنسیخ نکاح کے مقدمات میں تاخیری حربے وکلاء، فریقین مقدمہ اور عدالت تینوں کی طرف سے استعمال کئے جاتے ہیں۔

- اسلام آباد میں خلع و تنسیخ نکاح کے مقدمات کے تقریباً 11 فیصد فیصلہ جات ہونے کے باوجود ہر اگلے سال میں مقدمات کی تعداد میں کوئی کمی واقع نہیں ہو رہی، بلکہ کسی حد تک اضافہ ہی دیکھنے میں ملا۔
- خلع و تنسیخ نکاح کے بڑھتے ہوئے مقدمات کی وجہ سے معاشرہ پر سماجی، معاشی اور معاشرتی لحاظ سے منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔

## سفارشات

زیر نظر تحقیق کے نتیجہ میں درج ذیل سفارشات پیش کی جا رہی ہیں:

- چونکہ یہ تحقیق 2022 تا 2024 کے عدالتی فیصلوں تک محدود ہے، اس لیے آئندہ 2025 تا 2030 کے عرصے میں دیگر شہروں کی فیملی کورٹس کے فیصلوں کا تقابلی مطالعہ کیا جائے تاکہ ملک گیر سطح پر خلع کے رجحان کا درست تجزیہ سامنے آئے۔
- فیملی کورٹس میں ثالثی کونسلوں اور مصالحتی نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے تاکہ خلع کے مقدمات میں فوری فیصلے کی بجائے مصالحت کے امکانات بڑھیں۔

- فیملی کورٹس میں خلع کے مقدمات کے حوالے سے ڈیجیٹل ریکارڈنگ اور سالانہ تجزیاتی رپورٹنگ سسٹم قائم کیا جائے تاکہ مستقبل کی تحقیق کے لیے ٹھوس اعداد و شمار دستیاب ہوں۔
- آئندہ برسوں میں علما اور دینی ادارے اسلامی تعلیمات کی روشنی میں خاندانی نظام کے استحکام پر خصوصی توجہ دیں تاکہ خلع کے بڑھتے رجحان میں کمی لائی جاسکے۔

# فہارس

## فہرست قرآنی آیات

| نمبر شمار | آیت | سورت (نمبر) | آیت نمبر | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|
| 1 | فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيمَا | البقرہ(02) | 229 | 20<br>24<br>43<br>44 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | | | 60 |
| 2 | وَاِن خِفْتُمْ شِقَاقَ | النساء(04) | 35 | 75<br>80 |
| 3 | وَإِذَا حَكَمْتُم بَيْنَ النّاسِ | النساء(04) | 58 | 60 |
| 4 | إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ | النساء(04) | 58 | 55 |
| 5 | وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ | المائدہ(05) | 44 | 66 |
| 6 | يٰاَيُّهَا الّذِيْنَ اٰمَنُوا | التوبہ(09) | 119 | 68 |
| 7 | وَاجْتَنِبُوا قَوْلَ الزُّورِ | الحج(22) | 30 | 68 |
| 8 | اِنَّ اللهَ يَهْدِىْ | الزمر(39) | 3 | 68 |
| 9 | يٰاَيُّهَا النّاسُ اتَّقُوْا | النساء(4) | 1 | 86 |
| 10 | يٰاَيُّهَا الّذِيْنَ اٰمَنُوا اتقوا | الاحزاب(70) | 33 | 87 |


## فہرست احادیث


| نمبر شمار | متن حدیث | کتاب نام | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 1 | اِنّ اِمرَاء ثَابتٍ بنِ قَيسٍ ..... | البخاری | 20<br>60 |
| 2 | كَانَت حَبِيبَةُ بِنتِ سَهلٍ ...... | ابن ماجہ | 20 |
| 3 | أيمّا اِمرَاةُ اِختَلَعَت ...... | ترمذی | 24 |
| 4 | اِنّ الصّدقَ يَهدِى اِلٰى البِرّ .... | البخاری | 68 |
| 5 | عَن سَمُرَةَ بنِ جُندُب اَن النّبى قَالَ:رَايتُ رَجُلاً ..... | البخاری | 69 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 6 | **يٰامَعشَرَ الشّبَابِ مَنِ استَطَاعَ ......** | البخاری | 72 |
| 7 | **عَن اَنسٍ بنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ........** | ابن ماجہ | 80 |


## فہرست اعلام


| **نمبر شمار** | **اعلام** | **صفحہ** |
|---|---|---|
| 1 | علامہ ابن ہمام | 16 |
| 2 | علامہ حصکفی | 16 |
| 3 | علامہ ابن عابدین | 17 |
| 4 | مختصر خلیل | 17 |

| | | |
|---|---|---|
| 5 | خطیب شربینی | 18 |
| 6 | علامہ ابن السبکی | 18 |
| 7 | استاد ابوزہرہ | 19 |
| 8 | علامہ ابن رشد | 21 |
| 9 | مولانا اشرف علی تھانوی | 21 |
| 10 | علامہ ابن ہمام | 22 |
| 11 | علامہ خطیب شربینی | 23 |
| 12 | حافظ ابن حجر عسقلانی | 23 |
| 13 | علامہ ابن قدامہ | 23 |
| 14 | علامہ سرخسی | 23 |
| 15 | محمد ابن ابی العباس | 23 |
| 16 | مولانا اختشام الحق تھانوی | 30 |
| 17 | مفتی محمد شفیع | 32 |
| 18 | صدر ایوب | 32 |
| 19 | حافظ کفایت حسین | 33 |
| 20 | علامہ ابن کثیر | 75 |
| 21 | امام راغب اصفہانی | 75 |

| | | |
|---|---|---|
| 22 | امام الجصاص | 75 |
| 23 | علامہ ابن رشد | 76 |
| 24 | علامہ ابن حجر عسقلانی | 76 |
| 25 | سید جلال الدین عمری | 82 |


## مصادرو مراجع


1-القرآن الکریم

2-اثیر،ابو العادات مبارک بن محمد، النہایۃ فی غریب الحدیث والاثر(ایران،1945)

3-احمد بن حنبل، ابو عبد اللہ بن محمد، المسند(دار الکتب العلمیہ، بیروت، لبنان،1982)

4-احمد رضا، امام، فتاوی رضویہ(رضا فاؤنڈیشن، لاہور)1997

5-احمد حسن خان، مفتی، نکاح وطلاق(دار المطالعہ فاروقیہ، جے پور،2013)

6-احمد عروج، قادری، اسلام کے عائلی قوانین(مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز، نئی دہلی،2015)

7-احسان اللہ شائق، مولانا، ازدواجی زندگی کے شرعی مسائل اور انکا حل (علمی گرافکس، لاہور، 2011)

8-اسلم شاہدروی، حافظ محمد، خاندانی نظام (حدیبیہ پبلشرز، لاہور، 2004)

9-البخاری، محمد بن اسماعیل، صحیح البخاری (بیروت، لبنان، 1993)

10-الترمذی، محمد بن عیسیٰ، سنن الترمذی وھوالجامع الکبیر (دارالتاصیل، بیروت، لبنان، 2016)

11-الھمام، کمال الدین محمد بن عبدالواحد، شرح فتح القدیر (دارالکتب العلمیہ، بیروت، لبنان، 2002)

12-امین آفندی، علی حیدر، درر الحکام شرح مجلۃ الاحکام (دار علم الکتب، بیروت، لبنان، 2003)

13-علامہ السید الشریف الرضی، نہج البلاغہ، مترجم: علامہ السید ذیشان حیدر جوادی، (المعراج کمپنی، لاہور 2003)

14-برہان الدین ابوالحسن، الھدایہ، مترجم: علامہ محمد لیاقت علی رضوی (ورڈز میکر، 2013)

15-آمدی، سیف الدین ابی الحسن، الاحکام فی اصول الاحکام (بیروت، لبنان، 1980)

16-بیہقی، ابو کر احمد، السنن الکبری (بیروت، لبنان، 2003)

17-تنزیل الرحمن، ڈاکٹر، مجموعہ قوانین اسلام (ادارہ تحقیقات اسلامیہ، اسلام آباد، 2013)

18-تقی عثمانی، مفتی مولانا، اسلام میں خلع کی حقیقت (میمن اسلامک پبلشرز، کراچی، 1967)

19-ثمیر الدین، قاسمی، اسباب فسخ نکاح (مکتبہ ثمیر، مانچیسٹر، انگلینڈ، 2012)

20-جالندھری، رشید احمد، برطانوی ہند میں مسلمانوں کا نظام تعلیم (بیدل لائبریری، کراچی، 2004)

21-جصاص، ابو بکر احمد بن علی، احکام القرآن، مترجم: مولانا عبدالقیوم (شریعہ اکیڈمی، اسلام آباد، 1999)

22-ابن حجر عسقلانی، احمد بن علی، فتح الباری شرح صحیح البخاری (دار نشر الکتب الاسلامیہ، لاہور، پاکستان 1981)

23-حصکفی، علاوالدین محمد بن علی، درالمختار علی الدرالمختار (دارالمعرفۃ، بیروت، لبنان، 2000)

24-خالد رحمن، سلیم منصور، عورت خاندان اور ہمارا معاشرہ (انسٹیٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈی، اسلام آباد، 2007)

25-داؤد، سلیمان بن اشعث، سنن ابی داؤد (بیروت، لبنان، 2014)

26-درانی، عاشق حسین، تاریخ ملتان زمانہ قدیم سے 1947 تک (بزم ثقافت، ملتان، 2017)

27-رشید، جالندھری، ڈاکٹر، برطانوی ہند میں مسلمانوں کا نظام تعلیم کا ایک ناقدانہ جائزہ (ادارہ تحقیقات اسلامیہ 2004)

28-سنن نسائی، امام عبدالرحمن احمد بن شعیب، مترجم: مولانا ملک بوستان (ضیاء القرآن پبلیکیشنز، لاہور 2012)

29- سرخی، شمس الدین ابو کر محمد بن اسماعیل، المبسوط (بیروت، لبنان، دار المعرفہ، 1978)

30- شفیع، مفتی محمد، جواھر الفقہ (مکتبہ دار العلوم، کراچی، 2010)

31- شیبانی، محمد بن الحسن، کتاب الآثار (دار الفکر، بیروت، لبنان، 2007)

32- شیبانی، محمد ابن الحسن، الاصل (دار ابن حزم، بیروت، لبنان، 2012)

33- شمس الرحمن، پیرزادہ، مسلم پرسنل لاء اور یکساں سول کوڈ (مکتبہ اسلامی پبلشرز، نئی دہلی، انڈیا 2014)

34- شامی، ابن عابدین، دار المختار (دار الفکر، بیروت، لبنان، 1992)

35- صلاح الدین حیدر، لکھوی، اسلام کی عائلی قوانین (حارث بک کارنر، لاہور، 2021)

36- طبری، محمد بن جریر، جامع البیان عن تاویل آی القرآن (دار القرآن، بیروت، لبنان، 1981)

37- طاہر، ڈاکٹر قاری، عائلی قوانین اور پاکستانی سیاست (جنگ پبلشرز، لاہور، 1999)

38- طاہر القادری، شیخ الاسلام، عرفان القرآن (منہاج القرآن پبلشرز، لاہور، 2004)

39- طاہر القادری، شیخ الاسلام، خلع کے احکام و مسائل (منہاج القرآن پبلی کیشنز، لاہور، 2006)

40- طاہر القادری، شیخ الاسلام، نکاح و طلاق (احکام و مسائل) (منہاج القرآن پبلی کیشنز، لاہور، 2020)

41- عبد الرحمن گیلانی، مترافات القرآن (مکتبہ السلام، لاہور 2005)

42- عاصم الحداد، فقہ السنہ (الفیصل، لاہور، 2010)

43- غازی، محمود احمد، ڈاکٹر، ادب القاضی (ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد، 1993)

44- کمال خان، عمر، ملتان ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے سو سال (بزم ثقافت، ملتان، 2008)

45- عماد الدین اسماعیل ابن کثیر، البدایہ والنہایہ، مترجم: مولانا محمد اصغر مغل (دار الاشاعت کراچی، پاکستان، 2008)

46- عینی، احمد بن الحسین، البنایہ شرح الہدایہ (دار الکتب العلمیہ، بیروت، لبنان 2000)

47- غلام رسول، علامہ سعیدی، شرح صحیح مسلم (فرید بک سٹال، لاہور 2003)

48- قرطبی، عبد اللہ، عدالت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلے (ادبستان، لاہور، 1979)

49- کاسانی، علاؤ الدین ابی بکر، بدائع الصنائع (دار الکتب العلمیہ، بیروت، لبنان، 2002)

50- کتاب الآثار، امام محمد، مترجم: علامہ صدیق ہزاروی (مکتب اعلیٰ حضرت، لاہور، 2004)

51-کرم شاہ الازہری، جسٹس پیر، تفسیر ضیاء القران (ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور، 1995)

52-کاسانی، علاوالدین، بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع (ایجوکیشنل پریس، کراچی، پاکستان، 1980)

53-منیب الرحمٰن، مفتی، تفہیم المسائل (ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور 2014)

54-ابن منظور، لسان العرب (دار المعارف، قاہرہ، 2016)

55-مودودی، ابوالاعلی، حقوق الزوجین (اسلامک پبلیکیشنگ ہاوس، لاہور، 2015)

56-نسائی، ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب، السنن الکبری (بیروت، لبنان، دار الکتاب، 1991)

57-ندیم احمد، مولانا، خلع کا نظام (الفلاح اسلامک فاونڈیشن، انڈیا، 2017)

58-نظام الدین، مفتی، جدید مسائل پر علماء کی رائیں اور فیصلے (جامعہ اشرفیہ، مبارک پور، انڈیا، 2018)

59-وھبہ الزحیلی، الاستاد الدکتور، الفقہ الاسلامی وادلتہ (علمی گرافکس، 2013)

## مقالہ جات

1۔ خیال تاج نسا، "ضلع کرک میں خلع کے مسائل اور مجوزہ شرعی حل 2020-2022"، ہائی ٹیک ٹیکسلا یونیورسٹی۔

2۔ ضحی قیصر، "ملتان ڈویژن میں طلاق و خلع کے رجحانات"، بہاالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان۔

3۔ عالیہ نسیم، "عصر حاضر میں خلع کے اسباب و محرکات: تحقیقی و تنقیدی جائزہ"، بہاالدین زکریا یونیورسٹی، 2017)

4۔ شرین بی بی، "ضلع ہری پور میں خلع اور طلاق کی شرح واسباب: اسلامی تعلیمات کا تحقیقی جائزہ"، بہاالدین زکریا یونیورسٹی، 2015)

5۔احمد منیر، "Development of Khulʿ Law: Legal, Judicial and Interpretive Trends in Pakistan"، میک گل یونیورسٹی، کینیڈا

## آرٹیکلز

1۔ شمائلہ ممتاز، "فسخ نکاح سے متعلقہ اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات کا تجزیاتی مطالعہ"، نمل یونیورسٹی، اسلام آباد۔

2۔ ڈاکٹر سیدہ سعدیہ، "یکطرفہ عدالتی خلع اور ججز کے اختیارات: پاکستان کے عائلی عدالتی نظام کا تجزیاتی مطالعہ"، الاضواء، شمارہ نمبر32، 2021)

3۔ محمد اویس اسماعیل، "خلع میں شوہر کی رضامندی کے دلائل اور عدالت کا دائرہ اختیار: تجزیاتی مطالعہ"، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد۔

4۔ مولانا محمد زائد، "عدالتی تنسیخ نکاح کا شرعی حکم"، فکر و نظر، اسلام آباد، شمارہ نمبر 39(صفحہ 3-50)

5۔ Mohsina Munir & Tahira AbdulQuddus, "Female Muslim Petitioners in Pakistani Family Courts (Cases, Problems and Solutions)"

**Online Links:**

1. https://www.pjlss.edu.pk/pdf_files/2024_1/1105-1117.pdf
2. https://papers.ssrn.com/sol3/papers.cfm?abstract_id=4881036
3. https://www.dawn.com/news/1727642
4. https://sahsol.lums.edu.pk/sites/default/files/2024-05/The%20Economics%20of%20Marriage%20Recent%20Legal%20Developments%20in%20Khula%20and%20Haq%20Mehr%20in%20Pakistan.pdf
5. https://www.thefridaytimes.com/24-Mar-2024/khula-and-dissolution-of-marriage-are-two-separate-and-distinct-rights
6. https://alqantarajournal.com/index.php/Journal/article/view/127
7. https://papers.ssrn.com/sol3/papers.cfm?abstract_id=3668902
8. https://assajournal.com/index.php/36/article/view/864
9. https://www.iiu.edu.pk/wp-content/uploads/downloads/journals/ilr/volume1/Stop/Article_1_Vol1_1.pdf
10. https://www.ma-law.org.pk/pdf/Law%20of%20Divorce%20in%20Pakistan%20(Article).pdf
11. https://assajournal.com/index.php/36/article/view/864
12. https://papers.ssrn.com/sol3/papers.cfm?abstract_id=3307766
13. https://www.iiu.edu.pk/wp-

content/uploads/downloads/journals/ilr/volume1/Stop/Article_1_Vol1_1

.pdf

14.

https://thecrsss.com/index.php/Journal/article/download/626/655/1359

15. https://www.pjlss.edu.pk/pdf_files/2024_1/1105-1117.pdf